www.mashriqquetta.com.pk

ABC CERTIFIED

کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ

Daily MASHRIQ QUETTA

روزنامہ مشرق کوئٹہ

جلد 54 | 26 رمضان 1447ھ | 16 مارچ 2026ء | صفحات 08 | شمارہ 252

قیمت 35 روپے

آپریشن غضب للحق: قندھار میں طالبان فوجی تنصیبات تباہ، 684 خوارج ہلاک، باجوڑ میں حملہ 4 شہری شہید

مارا جانے والا ... میں نشانہ بنے ... کی ویڈیو

پاک فوج نے قندھار میں ٹیکنیکل سپورٹ انفراسٹرکچر اور ایکوپمنٹ سٹوریج کو موثر انداز میں نشانہ بنایا، کامیاب فضائی حملوں کی ویڈیو جاری، چترال میں طالبان کی بادائی پوسٹ کو تباہ کر دیا گیا

کارروائیوں کے دوران افغان طالبان وفتنہ الخوارج کے 912 سے زائد کارندے زخمی ہوئے، کامیاب کارروائیوں میں 252 چیک پوسٹوں کو تباہ 44 پر پاکستان کی فورسز نے قبضہ کرلیا

14 اور 15 مارچ کی درمیانی شب پاکستانی سیکیورٹی فورسز نے افغان طالبان اور فتنہ اور خوارج کی پناہ گاہوں پر حملے کیے، 229 ٹینک، بکتر بند گاڑیاں اور آرٹلری گنز تباہ کی جا چکی ہیں، عطا تارڑ

اسلام آباد (زاہد احمد خان) آپریشن غضب للحق کے دوران اب تک افغان طالبان وفتنہ الخوارج کے 684 کارندے ہلاک، 912 سے زائد زخمی ہو چکے ہیں افغان طالبان کی 252 چیک پوسٹوں کو تباہ 44 پر قبضہ کیا گیا۔ وفاقی وزیر برائے اطلاعات عطا تارڑ کا ایکس پر پیغام میں تازہ اپ ڈیٹس دیتے ہوئے بتایا کہ اب تک افغان طالبان و فتنہ الخوارج کے 684 کارندے ہلاک 912 سے زائد زخمی ہو چکے ہیں افغان طالبان کی 252 چیک پوسٹس تباہ 44 پر قبضہ اور بعد ازاں تباہ کیا جا چکا ہے 229 ٹینک، بکتر بند گاڑیاں اور آرٹلری گنز تباہ کی جا چکی ہیں افغانستان میں اب تک 73 مقامات کو کامیابی سے ہدف بنایا جا چکا ہے 14 اور 15 مارچ کی درمیانی شب پاکستانی سیکیورٹی فورسز نے افغان طالبان اور فتنہ اور خوارج کی پناہ گاہوں اور فوجی تنصیبات کو نشانہ بنایا پاکستانی فورسز نے قندھار میں افغان طالبان اور دہشت گردوں کے ٹیکنیکل سپورٹ انفراسٹرکچر کو تباہ کر دیا یہ ٹیکنیکل سپورٹ انفراسٹرکچر معصوم پاکستانی شہریوں کے خلاف استعمال کیا جا رہا تھا قندھار میں افغان طالبان اور فتنہ اور خوارج کے ساز و سامان کو چھپانے کے لیے استعمال ہونے والی سرنگ بھی تباہ کر دی گئی۔ باجوڑ کی تحصیل سالارزئی کے سرحدی علاقے لیٹئی میں افغان طالبان رجیم کی جانب سے مارٹر گولہ آبادی پر گرنے سے ایک ہی خاندان کے چار افراد جاں بحق اور ایک شخص زخمی ہوگیا۔ ضلع باجوڑ کی تحصیل سالارزئی کا سرحدی علاقہ لیٹئی میں افغان طالبان رجیم کی جانب سے فائر کیا گیا مارٹر گولہ مقامی شہری کے گھر پر آگرا۔ پولیس حکام نے واقعہ کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ مارٹر گولہ گرنے سے ایک ہی گھر کے چار نوجوان موقع پر ہی جاں بحق ہو گئے ہیں...... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

صدر زرداری سے وزیر داخلہ محسن نقوی اور مقبول صدیقی کی ملاقات

اسلام کو انتہا پسندی اور تشدد سے جوڑنا منظم سوچی سمجھی سازش ہے، سرفراز بگٹی

دنیا میں اسلاموفوبیا کے بڑھتے ہوئے رجحانات عالمی امن اور بین المذاہب ہم آہنگی کیلئے سنجیدہ خطرہ بن چکے

بلوچستان کی دھرتی صدیوں سے بین المذاہب ہم آہنگی، برداشت اور بھائی چارے کی روشن مثال رہی ہے

اقوام متحدہ کی جانب سے اسلاموفوبیا کے تدارک کے عالمی دن کی منظوری امت مسلمہ کی اہم سفارتی کامیابی ہے، وزیراعلیٰ

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اسلاموفوبیا کے تدارک کے عالمی دن کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ اسلام امن، آشتی، رواداری اور انسانیت کی فلاح کا دین ہے جو پوری انسانیت کے لیے محبت، عدل اور باہمی احترام کا درس...... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

ایران میں امریکی اور اسرائیلی حملوں میں شہداء کی تعداد 1444 ہوگئی، ایران کے اسرائیل پر پہلی مرتبہ سجیل میزائل کے حملے، بحرین، کویت اور اردن میں امریکی بیسز کو نشانہ بنایا، اپنی فضائی حدود میں ایران کے 26 ڈرون مار گرائے، سعودی وزارت دفاع

ایران پر ہزاروں ٹن بارود کی بارش، جنرل عبداللہ جلالی سمیت 20 شہید، جوابی حملوں میں 100 سے زائد اسرائیلی زخمی

نیتن یاہو کو ہر حال میں قتل کریں گے، پاسداران انقلاب کا اعلان

بریگیڈیئر جنرل عبداللہ جلالی دشمن کے حملے کے وقت دفاعی کارروائیوں کی قیادت کر رہے تھے، فوجی کمانڈروں کی شہادت کے باوجود امریکہ و اسرائیل کے خلاف مزاحمت جاری رکھی جائے گی، ایرانی فورسز

اسرائیل کے لیے جاسوسی کے الزام میں 20 افراد گرفتار، نیتن یاہو زندہ ہیں تو وہ اہم اہداف میں شامل ہیں پاسداران، لبنان پر اسرائیلی حملوں میں شہید افراد کی تعداد 826 ہوگئی 2 ہزار سے زائد زخمی

حزب اللہ کے بھی اسرائیل کے شمالی علاقوں کی طرف میزائل اور ڈرون حملے، پانچ ڈرون مار گرائے، کویتی نیشنل گارڈ، ایران کی جانب سے کیے گئے میزائل اور ڈرون حملوں کو ناکام بنادیا، قطر

سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای زخمی ہونے کے باوجود خیریت سے ہیں خلیجی ممالک اپنی سرزمین سے امریکی فوجیوں کو نکال دیں، آبنائے ہرمز کی حفاظت کیلئے امریکا خود چین کو آواز دینے پر مجبور ہوگیا ہے، عراقچی

تہران، واشنگٹن، تل ابیب، ریاض، کویت سٹی، منامہ، دوحہ (م ڈ) ایران، امریکا اور اسرائیل کے درمیان جاری جنگ میں مزید شدت آگئی، امریکا اور اسرائیل کے ایران کے مختلف علاقوں پر تازہ حملوں میں صوبہ اصفہان کے کئی مقامات کو نشانہ بنایا گیا جس...... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت نے حج پروازوں کی منسوخی سے متعلق خبروں کو مسترد کر دیا

مکہ اور مدینہ منورہ میں رہائشوں سمیت دیگر انتظامات مکمل ہیں، وزارت مذہبی امور

حج 2026 کیلئے انتظامات بروقت مکمل کیے جا رہے ہیں، ترجمان کی وضاحت

اسلام آباد (شاکر رحمان) عالمی سطح پر کشیدہ صورتحال کے باوجود حج 2026 کے انتظامات کا شیڈول جاری کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق ترجمان مذہبی...... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد، فلائٹ آپریشن کی آج بندش کا نوٹم منسوخ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد فلائٹ آپریشن کی پیر کو 2 گھنٹے بندش کا نوٹم منسوخ کر دیا گیا۔ ترجمان پاکستان ایوی ایشن اتھارٹی (پی اے اے) کے مطابق 16 مارچ پیر کی صبح ساڑھے آٹھ بجے سے ساڑھے دس بجے تک اسلام آباد آپریشن معمول پر رہیگا۔ ترجمان پی اے اے نے بتایا کہ لاہور فلائٹ انفارمیشن ریجن کے 6 سیکٹرز 16 مارچ کو بند نہیں ہوں گے اور لاہور ایف آئی آر ریجن کمرشل پروازوں کیلئے دستیاب رہے گی۔ ترجمان...... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

سعودیہ، ترکیے اور عراق سے ڈی پورٹ 8 مسافر گرفتار

سعودی عرب سے ڈی پورٹ تینوں خواتین عمرہ ویزے پر گئی تھیں

کراچی (بیورو رپورٹ) کراچی میں ایف آئی اے نے کارروائی کرتے ہوئے سعودی عرب، ترکیے اور عراق سے ڈی پورٹ ہو کر آنے والے 8 مسافروں کو جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر گرفتار کر لیا۔ ایف آئی اے کے ترجمان کے مطابق گرفتار افراد میں 5 مرد...... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم نے عیدالفطر کی تعطیلات کی منظوری دے دی، نوٹیفکیشن جاری

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم شہباز شریف نے عید الفطر کی تعطیلات کی منظوری دے دی۔ کیبنٹ ڈویژن سے جاری ہونے نوٹیفکیشن کے مطابق عید کی...... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

ایران کے میزائل حملے 90 فیصد تک کم ہو چکے، وائٹ ہاؤس

امریکا اس خطرے کو مکمل طور پر ختم کرنے کے لیے کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہے، ترجمان

تہران (م ڈ) وائٹ ہاؤس کی ترجمان کیرولائن لیویٹ کیرولائن لیوٹ نے کہا ہے کہ ایران کی جانب سے بیلسٹک میزائل حملے اس وقت 90 فیصد تک کم ہو چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایران کی ڈرون صلاحیتوں میں بھی 95 فیصد کی آ چکی ہے۔ ترجمان...... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

سیکیورٹی فورسز کی لکی مروت میں کارروائی، 5 خوارج ہلاک

ہلاک ہونیوالے دہشت گردی کی کارروائیوں میں ملوث تھے

دہشت گردوں کے قبضے سے اسلحہ اور گولہ بارود برآمد، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (زاہد احمد خان) سیکیورٹی فورسز نے خیبر پختونخوا کے ضلع لکی مروت میں دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر کارروائی کی اور فائرنگ کے تبادلے میں بھارتی سرپرستی میں کام کرنے والے 5 دہشت گرد ہلاک ہو گئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) سے جاری بیان کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے 15 مارچ...... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

بھارت افغان سرزمین کے ذریعے دہشتگردی بند کرے، پاکستان

بھارتی وزارت خارجہ کا بیان مضحکہ خیز اور منافقانہ، دہشت گردوں کی بھارت کی جانب سے سرپرستی اور معاونت سب پر عیاں ہے

افغانستان کے اندر دہشتگردوں کے ٹھکانوں کیخلاف اقدامات جائز، پاکستان اپنے شہریوں کے تحفظ کیلئے پرعزم ہے، بھارتی بیان پر ردعمل

اسلام آباد (شاکر رحمان) پاکستان نے خبردار کیا ہے کہ افغانستان کے اندر دہشتگردوں کے ٹھکانوں کیخلاف اقدامات جائز ہیں، بھارت افغان سرزمین سے پاکستان کیخلاف دہشتگردی کرنے سے باز آجائے۔ دفتر خارجہ سے جاری بیان کے مطابق افغان سرزمین سے فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان پاکستان میں دہشت گرد کارروائیاں کر رہے ہیں، بھارتی وزارت...... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

اشیائے خورد و نوش کی طلب و رسد کی مکمل نگرانی کی جائے، وزیراعظم

وزیراعظم کی زیر صدارت اجلاس میں خلیجی ممالک کو غذائی اشیاء برآمد کرنے کیلئے جامع منصوبہ بنانے کی ہدایت

عالمی سپلائی چینز متاثر ہونے سے پاکستانی مصنوعات کی برآمد کی استعداد میں اضافہ ہوا، شہباز شریف

ملک میں اشیائے خورد و نوش کا وافر ذخیرہ موجود ہے، کسی بھی چیز کی قلت نہیں، اجلاس کو بریفنگ

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت خطے کی بدلتی ہوئی صورتحال کے پیش نظر ملک...... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

نصاب میں تولیدی صحت لازمی قرار دینے کا بل قومی اسمبلی سے منظور

14 سال اور اس سے زائد عمر کے بچوں کے لئے جنسی تعلیم کو لازمی قرار دیا جائے، متن

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) 14 سال سے زائد عمر کے بچوں کو تولیدی صحت سے آشنا کرنے کے حوالے سے اہم قانون سازی کی گئی ہے اور نصاب میں تولیدی صحت...... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

متی کا تیل فی لیٹر 39 روپے 20 پیسے مہنگا ہوگیا

نئی قیمت 358 روپے ایک پیسہ مقرر، نوٹیفکیشن جاری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی حکومت نے مٹی کا تیل 39 روپے 20 پیسے فی لیٹر مہنگا کر دیا، مٹی کے تیل کی نئی قیمت 358 روپے ایک پیسے فی لیٹر مقرر کی گئی ہے۔ وفاقی حکومت نے پیٹرول اور ڈیزل پر پیٹرولیم لیوی برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔ پیٹرول...... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

برطانیہ کا مشرق وسطی کو ہزاروں دفاعی ڈرون بھیجنے پر غور

وزیر اعظم کیئر اسٹارمر انٹرسیپٹر ڈرونز بھیجنے کا جائزہ لے رہے ہیں، ذرائع

لندن (م ڈ) مشرق وسطی میں بڑھتی کشیدگی کے درمیان ایران اور مغربی ممالک کے درمیان جاری جنگ کے پندرہویں روز برطانیہ نے ہزاروں دفاعی ڈرون...... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

شالیمار ایکسپریس کھڑی مال گاڑی سے ٹکرا گئی، انجن اور بوگی تباہ

حادثے کے باعث 2 بوگیاں مکمل طور پر تباہ ہو گئیں، کوئی جانی نقصان نہیں ہوا

نوشہرو فیروز (بیورو رپورٹ) سندھ کے شہر نوشہرو فیروز میں لاکھا روڈ اسٹیشن پر شالیمار ایکسپریس لوپ لائن پر کھڑی مال بردار ٹرین سے ٹکرا گئی، جس سے انجن سمیت 2 بوگیاں تباہ ہو گئیں۔ پاکستان ریلوے انتظامیہ نے کہا ہے کہ کراچی سے لاہور جانے والی 27 اپ شالیمار ایکسپریس لاکھا روڈ اسٹیشن پر ایک کھڑی مال گاڑی سے ٹکرائی...... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

شالیمار ایکسپریس اور مال گاڑی کے درمیان تصادم کے بعد امدادی کارروائیوں کا منظر

شریف ٹیملی نے جنید صفدر کے دیا نا جانے کو جھوٹ قرار دے دیا

لاہور (بیورو رپورٹ) شریف فیملی نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے بیٹے جنید صفدر کے دیانا جانے کو جھوٹ قرار دے دیا۔ ترجمان شریف فیملی کے مطابق جنید صفدر...... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

کراچی اور سندھ کے خلاف منفی بات نہ کی جائے، نہال ہاشمی

گورنر ہاؤس کا آڈٹ کراؤں گا، نواز شریف ہمیشہ تعمیری سوچ اور مثبت راستہ دکھاتے ہیں

قائد ن لیگ پاکستان کیلئے جیل جا سکتے لیکن ملک کو نقصان نہیں پہنچا سکتے، پریس کانفرنس

کراچی (بیورو رپورٹ) گورنر سندھ نہال ہاشمی نے کہا ہے کہ گورنر ہاؤس کا آڈٹ کراؤں گا، کراچی اور سندھ کے خلاف منفی بات نہ کی جائے۔ کراچی میں پریس کانفرنس...... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

راولپنڈی، کومبنگ سرچ آپریشن میں 17 افغان باشندے گرفتار

راولپنڈی (زاہد احمد خان) راولپنڈی میں پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں نے مشترکہ طور پر تھانہ صادق آباد کے مختلف علاقوں میں کومبنگ سرچ آپریشن کیا، جس کے دوران 17 افغان باشندوں کو حراست میں لے لیا گیا۔ ذرائع کے مطابق سرچ آپریشن کے دوران مشتبہ افراد کی جانچ پڑتال اور دستاویزات کی تصدیق کی گئی، قانونی تقاضے...... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد: سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمن سے سابق امیر جماعت اسلامی سراج الحق ملاقات کر رہے ہیں

وزیراعظم کی ہدایت پر ایندھن بچت اقدامات کا آڈٹ کرانے کا فیصلہ

انٹیلی جنس بیورو کو کفایت شعاری اقدامات کی جامع جانچ کا ٹاسک سونپ دیا گیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم کی ہدایت پر ملک بھر میں ایندھن بچت اور کفایت شعاری اقدامات کے موثر نفاذ کو یقینی بنانے کے لیے باقاعدہ آڈٹ کرانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اس حوالے سے کابینہ ڈویژن پاکستان نے نیا نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے...... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

ملک کو اتحاد اور یکجہتی کی ضرورت ہے، ہم آگ لگانے والے نہیں بجھانے والے ہیں، بلاول

دنیا جنگی صورتحال سے گزر رہی ہے، مشکل حالات کے باوجود عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کیا جائے، صدر زرداری

پی پی پارلیمانی پارٹی اجلاس، قیادت کا سندھ حکومت کی کارکردگی پر اعتماد کا اظہار، اجلاس میں آصفہ بھٹو، فریال تالپور بھی شریک

کراچی (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ ہم آگ لگانے والے نہیں آگ بجھانے والے ہیں، سندھ حکومت اور کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن پروپیگنڈے کا جواب اپنی کارکردگی سے دیں گے، موجودہ حالات میں دنیا جنگی صورتحال سے گزر رہی ہے...... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

یو اے ای میں دو پاکستانیوں سمیت 25 افراد گرفتار

اماراتی حکام کے مطابق گرفتار ملزمان تین مختلف گروپوں میں کام کر رہے تھے

ابوظہبی (م ڈ) متحدہ عرب امارات میں سوشل میڈیا پر ملکی سلامتی کو نقصان پہنچانے کے الزامات پر 25 افراد کو گرفتار کر لیا گیا۔ یو اے ای حکام کے مطابق گرفتار افراد میں بھارت کے 17، پاکستان، نیپال اور فلپائن کے دو، دو شہری جبکہ بنگلہ دیش اور مصر کا ایک ایک شہری شامل...... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

جیونی کوسٹ گارڈز پر حملہ، 2 اہلکار شہید، سوراب میں سرکاری گاڑیاں چھین لیں

افطاری کے وقت مسلح افراد نے اچانک فائرنگ کر کے اہلکاروں کو نشانہ بنایا، ناکہ بندی کر کے سرچ آپریشن شروع کر دیا گیا

سوراب میں نامعلوم مسلح افراد ایف آئی اے اور یونیورسٹی آف تربت کی سرکاری گاڑیاں سامان سمیت چھین کر فرار ہو گئے

گوادر (این این آئی) گوادر اور جیونی میں نامعلوم مسلح افراد کا کوسٹ گارڈز پر حملہ، دو اہلکار شہید، تفصیلات کے مطابق سی پیک کے مرکزی شہر گوادر کے علاقے پانوان جیونی میں نامعلوم مسلح افراد نے گھات لگا کر پاکستان کوسٹ گارڈز کے اہلکاروں پر حملہ کر دیا۔ واقعہ افطاری کے وقت پیش آیا جس کے نتیجے میں دو اہلکار شہید...... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

وزارت مذہبی امور کی جانب سے رہنمائے حج 2026 کا اجراء

سفری تیاریوں، جدید ڈیجیٹل ایپس، مناسک کی ادائیگی پر مشتمل مکمل گائیڈ لائنز جاری

اسلام آباد (شاکر رحمان) وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی نے حج 2026 کے عازمین کی رہنمائی اور اس مقدس سفر کو سہل بنانے کے لیے ایک تفصیلی اور جامع کتابچہ "رہنمائے حج" جاری کر دیا ہے۔ یہ کتابچہ حجاج کرام کے لیے ایک عملی گائیڈ کی حیثیت رکھتا ہے جس میں پاکستان سے روانگی سے لے کر حج کی ادائیگی اور وطن واپسی تک کے تمام مراحل کو انتہائی...... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان اے ڈی بی سے 140 ارب کا نیا قرض لے گا

مجوزہ قرض کا بنیادی مقصد سرکاری پنشن نظام میں اصلاحات کرنا ہے، وزارت خزانہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان ایشیائی ترقیاتی بینک سے 140 ارب روپے کا نیا قرض لے گا، پاکستان نے اے ڈی بی کو 50 کروڑ ڈالر کے مساوی قرض کی تجویز دیدی۔ حکام وزارت خزانہ کے مطابق مجوزہ قرض کا بنیادی مقصد سرکاری پنشن نظام میں اصلاحات کرنا ہے، وفاقی حکومت کا سالانہ پنشن بل ایک ہزار پچپن ارب روپے تک پہنچ گیا، نئے قرض...... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

کوہاٹ: سی ٹی ڈی اور پولیس کا مشترکہ آپریشن، 6 دہشتگرد ہلاک

ہلاک ہونے والے دہشت گرد سیکیورٹی فورسز پر حملوں اور تخریب کاری کی مختلف کارروائیوں میں ملوث تھے

علاقے میں دہشت گردوں کے سہولت کاروں کی تلاش کیلئے بھی کارروائیاں مزید تیز کر دی گئی ہیں، ڈی پی او

کوہاٹ (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا کے ضلع کوہاٹ کی تحصیل لاچی میں محکمہ انسداد دہشت گردی (سی ٹی ڈی) اور پولیس کے مشترکہ آپریشن میں 6 دہشت گرد ہلاک ہو گئے جبکہ ملزمان کے قبضے سے بھاری اسلحہ بھی برآمد کر لیا گیا۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر (ڈی پی او) کوہاٹ شہباز الٰہی کے مطابق خفیہ اطلاع ملنے پر تھانہ لاچی کی حدود میں پولیس اور سی ٹی ڈی کی ٹیموں نے مشترکہ طور پر سرچ اینڈ اسٹرائیک آپریشن کیا۔ کارروائی کے دوران موجود دہشت گردوں نے سیکیورٹی فورسز پر فائرنگ شروع کر دی جس کے بعد فورسز نے بھرپور جوابی کارروائی کی...... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

آپریشن غضب للحق کے دوران تباہ کی جانے والی طالبان پوسٹ سے دھواں اٹھ رہا ہے

پاکستان اسلاموفوبیا کے تدارک کیلئے پرعزم ہے، اسحاق ڈار

حالیہ برسوں میں دنیا کے مختلف حصوں میں اسلاموفوبیا نہایت افسوسناک واقعات کی صورت میں سامنے آیا ہے

اسلاموفوبیا تنازعات کو مزید بڑھاتا ہے، ایسا منفی سلسلہ عالمی امن و سلامتی کے لیے خطرہ بن سکتا ہے، وزیر خارجہ

اسلام آباد (شاکر رحمان) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ پاکستان اسلاموفوبیا کے تدارک کے لیے عالمی کوششوں کو آگے بڑھانے...... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

شہید ہونیوالے ایف سی جوان فہد علی پلال کی اوستہ محمد میں تدفین

فہد علی پلال خاران میں شہید ہوئے تھے، نماز جنازہ میں اعلیٰ حکام شریک

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) خاران میں شہید ہونے والے ایف سی جوان فہد علی پلال کی نماز جنازہ اوستہ محمد میں ادا کر دی گئی نماز جنازہ میں ایف سی 114 ونگ...... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

عید الفطر کی مناسبت سے 4 اسپیشل ٹرینیں چلانے کا فیصلہ

17 مارچ کو کوئٹہ سے راولپنڈی خصوصی ٹرین چلائی جائے گی

مسافروں کی تعداد پوری ہونے پر بولان میل روانہ کی جائے گی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) محکمہ ریلوے کی جانب سے عیدالفطر کے موقع پر عوام کی سہولت کے لئے ملک بھر میں 4 عید اسپیشل ٹرینیں چلانے کا فیصلہ کیا ہے پہلی ٹرین 16 مارچ کو لاہور سے کراچی دوسری 17 مارچ کو کوئٹہ سے راولپنڈی اور 17 مارچ کو کراچی سے...... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

سراج الحق، فضل الرحمٰن ملاقات، ملکی اور بین الاقوامی صورتحال پر گفتگو

حکومت کی جانب سے بڑھتی مہنگائی اور عوام کی حالت زار پر عدم اطمینان کا اظہار

دونوں رہنماؤں کا خطے میں امن و امان کی بگڑتی صورتحال پر اظہار تشویش

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سابق امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے جے یو آئی سربراہ مولانا فضل الرحمان سے ان کی رہائش گاہ آمد پر ملاقات کی جس میں ملکی اور بین الاقوامی صورتحال پر گفتگو کی گئی ملاقات میں خطے میں امن و امان کی بگڑتی صورتحال پر تشویش اور حکومت کی جانب سے بڑھتی مہنگائی اور عوام کی حالت زار پر عدم اطمینان کا اظہار کیا گیا۔ ملاقات میں امریکہ و اسرائیل کی ایران پر حملے کی شدید مذمت کی گئی اور کہا گیا کہ اسلامی امہ کو باہمی اتحاد و اتفاق...... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

مسلمانوں کے خلاف تعصب کا خاتمہ وقت کی اہم ضرورت، خالد مگسی

پاکستان میں اقلیتوں کو برابر کے حقوق اور بہتر مواقع فراہم کیے جا رہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر سائنس و ٹیکنالوجی خالد حسین مگسی نے کہا ہے کہ دنیا بھر میں مسلمانوں کے خلاف بڑھتی ہوئی نفرت اور تعصب کا خاتمہ وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اسلاموفوبیا کے خاتمے کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں انہوں...... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

عید الفطر سے قبل موبائل صارفین کو فائیو جی سروس ملنے کا امکان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) عید الفطر سے قبل موبائل صارفین کو فائیو جی سروس ملنے کا امکان ہے، ٹیلی کام آپریٹرز کو آئندہ ہفتے فائیو جی لائسنس جاری کیے...... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

دہشت گردوں کے پولیس چوکیوں پر حملے ناکام، اہلکار زخمی

حملے ڈی آئی خان اور پشاور میں کیے گئے جوابی کارروائی پر دہشتگرد فرار

پشاور (بیورو رپورٹ) پشاور کے علاقے متنی کے علاقے میں چوکی حمیدی مشین چوکی پر فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کے حملے کو ناکام بنا دیا گیا۔ پولیس کے مطابق فتنہ الخوارج سے تعلق رکھنے والے دہشت گردوں نے چوکی پر حملہ کیا تاہم پولیس جوانوں نے فوری ردعمل دیتے ہوئے بہادری کے ساتھ بھرپور جواب دیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ جوابی...... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

دہشتگردوں کی پشت پناہی کیخلاف افغانستان کے اندر آوازیں اٹھ رہی ہیں، احمد مسعود

طالبان رجیم داخلی اور عالمی سطح پر قانونی حیثیت کھو چکی ہے اور اس نے عوام کو سیاسی نظام سے باہر رکھا ہوا ہے

افغانستان کی سیاسی قیادت پاکستان کیساتھ کشیدگی کا ذمہ دار افغان طالبان کو سمجھتی ہے، رہنما این آر ایف

کوئٹہ (این این آئی) افغانستان کی سیاسی قیادت نے پاکستان کیساتھ کشیدگی کا ذمہ دار افغان طالبان کو ٹھہرا دیا طالبان رجیم کے جارحانہ اقدامات اور دہشتگردوں کی پشت پناہی کیخلاف افغانستان کے اندر سے آوازیں اٹھنے لگیں طالبان رجیم نہ صرف عالمی سطح پر اپنی...... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

تیل کی قیمتیں بڑھا کر کسی کو کوئی منافع نہیں دیا، رانا احسان

قیمتیں کم ہوتی ہیں تو وہی منافع واپس آجائے گا، کوآرڈینیٹر وزیراعظم

امید ہے ایران ہمیں تیل سپلائی کی اجازت دے گا، متبادل روٹ پر بھی کام کر رہے ہیں

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم کے کوآرڈینیٹر رانا احسان افضل نے کہا ہے کہ حکومت پاکستان ایران کے ساتھ رابطے میں ہے، آبنائے ہرمز میں تیل کی سپلائی کیلئے ایران سے بات کی ہے، امید ہے ایران ہرمز کے راستے ہمیں تیل سپلائی کی...... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ میں مہنگائی کی نئی لہر، گھی اور آئل 55 روپے تک مہنگا

پٹرول اور ڈیزل مہنگا ہوتے ہی کوئٹہ میں مہنگائی کی نئی لہر، کھانے کے تیل اور گھی کے ریٹ مزید بڑھ گئے

مارکیٹیں دیگر صوبوں سے آنیوالی اشیاء پر انحصار کرتی ہیں، پٹرولیم مصنوعات مہنگی ہونے سے خوردنی اشیاء کی قیمتوں میں اضافہ ہوا

متوسط اور کم آمدنی والے طبقے کے لیے گھر چلانا مشکل ہوگیا، مہنگائی میں مسلسل اضافے سے مالی مشکلات بڑھ گئیں، شہری

کوئٹہ (جنرل رپورٹر) پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں حالیہ اضافے کے بعد صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں مہنگائی کی ایک نئی لہر نے شہریوں کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ روزمرہ استعمال کی اشیائے خورد و نوش کی قیمتیں مسلسل بڑھتی جا رہی ہیں اور گزشتہ چند...... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: سانیٹیشن ورکرز ایسوسی ایشن کے رہنما ودیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

میر رحمت صالح بلوچ کا اظہار تعزیت

ایف جی آر ایف کی جانب سے مستحقین میں راشن تقسیم

فیضان گلوبل ریلیف فاؤنڈیشن دعوت اسلامی کے زیر انتظام چلنے والا فلاحی ادارہ ہے

راشن کی تقسیم کے دوران نظم و ضبط اور مستحقین کی عزت نفس کا خاص خیال رکھا گیا

اظہار تعزیت

جمعیت علماء اسلام کے صوبائی امیر مولانا عبدالواسع وزیراعلیٰ کے پرسنل اسٹاف افسر سید امین کے والد کے انتقال پر تعزیت و فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

مقامی حکومتیں بنیادی سطح کے بلدیاتی امور کی ذمہ دار ہیں، اے ایس لوکل گورنمنٹ

پانی کی فراہمی، صفائی ستھرائی، نکاسی آب، کچرا اٹھانے، اسٹریٹ لائٹس، مقامی سڑکوں کی مرمت جیسے بلدیاتی امور مقامی حکومتوں کی ذمہ داریاں ہیں

ڈسٹرکٹ کونسلز، میونسپل کمیٹیاں اور یونین کونسلز انتظامی ڈھانچے کا حصہ ہیں اور مقامی ترقی کی منصوبہ بندی اور عملدرآمد میں اہم کردار ادا کرتی ہیں

ہارڈ کے تعاون سے بلوچستان میں مقامی حکومتوں کی آئینی، انتظامی، مالی اور سیاسی خودمختاری کے موضوع پر منعقدہ مشاورتی اجلاس منعقد ہوا

... دیہی ترقی (ہارڈ) آواز سینٹر فار ڈیولپمنٹ سروسز کے تعاون سے بلوچستان میں مقامی حکومتوں کی آئینی، انتظامی، مالی اور سیاسی خودمختاری کے موضوع پر منعقدہ مشاورتی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر چیف آفیسر لوکل گورنمنٹ ایم علی خلجی، پیپلز پارٹی کی رہنما سکینہ ... پارٹی) نے کہا کہ مقامی حکومتیں عوام کو نچلی سطح پر سیاسی نمائندگی فراہم کرتی ہیں اور بلدیاتی انتخابات جمہوری عمل کو مضبوط بناتے ہیں، تاہم صوبائی مداخلت، کمزور ادارہ جاتی صلاحیت اور انتخابات میں تاخیر سیاسی خودمختاری کے لیے چیلنج ہیں۔ منظور احمد نے کہا کہ اٹھارویں آئینی ترمیم کے بعد صوبوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ مؤثر مقامی حکومتوں کا نظام ... ترقیاتی منصوبے متاثر ہوتے ہیں اور عوامی وسائل ضائع ہوتے ہیں۔ ایڈووکیٹ اے جی (این سی آر سی) نے کہا کہ صفا کوئٹہ پروجیکٹ شہر میں صفائی اور کچرا اٹھانے کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے شروع کیا گیا تھا تاہم یہ منصوبہ اب تک شہر کے تمام علاقوں تک مؤثر طور پر نہیں پہنچ سکا جس کے باعث اس کی کارکردگی محدود رہی۔

افغانستان میں پھنسے ہوئے تاجروں کا فوری انخلا یقینی بنایا جائے، انجمن تاجران

غیرقانونی طریقے سے افغانستان جانے والے بلوچستان کے درجنوں تاجر گزشتہ چھ ماہ سے حالات کی خرابی کے باعث وہاں پھنسے ہوئے ہیں

اپنے شہریوں کو وطن واپس لانا ریاست پاکستان کی ذمہ داری ہے، لیکن اس معاملے میں مسلسل خاموشی اور غفلت کا مظاہرہ کیا جا رہا ہے

وفاقی اور صوبائی حکومتوں اور تمام متعلقہ اداروں سے تاجروں کی بحفاظت اور فوری وطن واپسی کیلئے عملی اقدامات کا مطالبہ کرتے ہیں

... اس معاملے میں مسلسل خاموشی اور غفلت کا مظاہرہ کیا جا رہا ہے۔ یہ بات انجمن تاجران بلوچستان رجسٹرڈ کے صدر رحیم آغا، جنرل سیکرٹری ولی افغان ترین، ایگزیکٹو چیئرمین حاجی داود خلجی، حاجی نصرالدین کاکڑ، میر محمد رحیم سنگڑی، حاجی فاروق شاہوانی، حاجی یعقوب شاہ کاکڑ، حاجی اسلم ترین، حاجی ظہور کاکڑ، حاجی حبیب اللہ موسیٰ خیل، حاجی ... حکومت کی جانب سے کوئی ٹھوس اقدام نہیں اٹھایا گیا۔ رہنماؤں نے مزید کہا کہ عید الفطر قریب آرہی ہے اور متاثرہ تاجر اور شہری اپنے اہل خانہ کے ساتھ عید منانے کے خواہشمند ہیں، اس لئے حکومت کو چاہیے کہ انسانی ہمدردی اور قومی ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے فوری طور پر ان کی واپسی کو یقینی بنائے تاکہ وہ اپنے گھروں اور پیاروں کے ... آف آرمی اسٹاف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، کور کمانڈر کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان اور گورنر بلوچستان سے پرزور اپیل کی کہ وہ اس مسئلے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے عملی اقدامات کریں اور افغانستان میں پھنسے پاکستانی تاجروں اور عام شہریوں کو جلد از جلد وطن واپس لانے کے لئے خصوصی انتظامات کریں۔

کوئٹہ شہر میں بڑھتے ہوئے جرائم کا سدباب کیا جائے، پی کے میپ کوئٹہ

شہر کے تمام علاقوں میں جرائم پیشہ عناصر سرگرم ہیں، صورتحال تشویشناک ہے

پولیس عوام کو تنگ کرنے میں لگی ہے جبکہ جرائم پیشہ عناصر کو کھلی چھوٹ ملی ہوئی ہے

... جرائم پیشہ عناصر کی سرگرمیوں، شہریوں کو زدوکوب، زخمی کرنے ان سے نقدی، موبائل، موٹر سائیکل چھینے، گاڑیوں کے چوری ہونے، گھروں، دکانوں میں ڈکیتیوں کی وارداتوں کی نشاندہی کی گئی تھی جو کہ اب تک بلاخوف اور مسلسل جاری ہیں جس کی تمام تر ذمہ داری پولیس پر عائد ہوتی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ گزشتہ روز لیاقت بازار میں جیولرز کی دکان میں ڈکیتی کی واردات جس میں چھت کے راستے سے ڈکیت دکان میں داخل ہوتے ہیں اور زیورات لے کر فرار ہوئے۔ اس قسم کے جرائم کی وارداتیں مسلسل جاری ہیں جس کا سدباب پولیس کی ذمہ داری ہے لیکن کوئٹہ شہر میں ہر پولیس تھانے ... جیسے دھندے میں مصروف ہیں جبکہ جرائم پیشہ عناصر دیدہ دلیری اور اسلحہ کے ساتھ ہر واردات کے بعد کوئٹہ شہر کے مین شاہراہوں، بازاروں اور علاقوں میں سرعام جرائم کے ناسور دھندے میں سرگرم عمل ہیں۔ بیان میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ لیاقت بازار جیولرز کے دکان سے چوری ہونے والے زیورات کی فوری برآمدگی اور چوروں کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے اور کوئٹہ شہر کے تمام علاقوں میں پولیس تھانوں کے اہلکاروں کو شہریوں کے جان و مال کی تحفظ کا پابند بناتے ہوئے انہیں شہریوں کو تنگ و ہراساں کرنے اور لوٹ مار کے عمل کی فوری تدارک کی جائے

پی پی کی قیادت عوام کی خدمت کو اپنا فرض سمجھتی ہے، سردار سربلند جوگیزئی

بلوچستان میں پارٹی کی مخلوط حکومت ترقی کے سفر کو جاری رکھے ہوئے ہے

ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل سے عوام کو بنیادی سہولیات میسر آئیں گی، خطاب

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما سردار سربلند جوگیزئی نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی قیادت عوام کی خدمت کو اپنا فرض سمجھتی ہے بلوچستان میں پارٹی کی مخلوط صوبائی حکومت عوامی خدمت اور ترقی کے سفر کو جاری رکھے ہوئے ہے اور بلوچستان کو ایک مضبوط، ترقی یافتہ اور خوشحال صوبہ بنانے کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے صوبے کی تاریخ میں پہلی مرتبہ تمام علاقوں کو یکساں بنیادوں پر ترقیاتی فنڈز فراہم کئے گئے ہیں جس سے صوبہ ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن ہوگا۔ یہ بات انہوں نے پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما پارلیمانی سیکرٹری سردار زادہ صمد خان گورگیج کے جانب سے دیئے گئے افطار ڈنر کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی چیئرمین بلاول بھٹو زرداری، صدر مملکت آصف علی زرداری، بی بی آصفہ بھٹو زرداری اور محترمہ فریال تالپور کی قیادت میں پارٹی عوام کے مسائل کے حل کیلئے ہر فورم پر آواز بلند کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں پاکستان پیپلز پارٹی کی مخلوط صوبائی حکومت عوام کے مسائل کے حل کیلئے اور صوبے کی ترقی کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لارہی ہے اور صوبے کی تاریخ میں پہلی مرتبہ تمام حلقوں کو یکساں بنیادوں پر ترقیاتی فنڈز فراہم کئے گئے ہیں جن سے ترقیاتی منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے ان ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل سے عوام کو بنیادی سہولیات میسر آئیں گی۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبائی مخلوط حکومت صوبے کو انشاء اللہ ترقی و خوشحالی کی راہ پر گامزن کر کے دم لے گی۔

زاہد خان کاکڑ کا اظہار تعزیت

سعودی عرب (اے این این) سیاسی و قبائلی رہنما زاہد خان کاکڑ نے صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ کے انکے چچا حاجی جمال خان کاکڑ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں انہوں نے کہا کہ حاجی جمال خان کاکڑ کے انتقال کی خبر سن کر دلی افسوس ہوا۔ انہوں نے مرحوم کی مغفرت، درجات کی بلندی اور پسماندگان کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔ انہوں نے کہا کہ اس دکھ کی گھڑی میں سوگوار خاندان کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور اللہ تعالیٰ سے دعا گو ہیں کہ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ آمین۔

مولانا عبدالواسع کا اظہار تعزیت

کوئٹہ (ن ن) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر مولانا عبدالواسع نے وزیر اعلیٰ بلوچستان کے پرسنل اسٹاف افسر سید امین کے والد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے ان کی رہائش گاہ پر جا کر تعزیت اور فاتحہ خوانی کی مولانا عبدالواسع نے مرحوم کے لیے مغفرت، درجات کی بلندی اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی انہوں نے کہا کہ والدین کا سایہ اولاد کے لیے بہت بڑی نعمت ہوتا ہے اور ان کا بچھڑ جانا ایک ناقابل تلافی نقصان ہے اس موقع پر مولانا عبدالواسع اور ان کے رفقاء نے سید امین سمیت جملہ لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور پسماندگان کو یہ صدمہ صبر و حوصلے کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق دے۔

ہمیں زیادہ سے زیادہ عبادات، استغفار اور دعاؤں کا اہتمام کرنا چاہئے

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما، سابق صوبائی صدر بلوچستان اور سابق وفاقی وزیر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی میر چنگیز خان جمالی نے کہا ہے کہ رمضان المبارک کا تیسرا عشرہ جو کہ نجات کا عشرہ کہلاتا ہے، تیزی سے اختتام کی جانب بڑھ رہا ہے اور اب مبارک طاق راتوں کا سلسلہ بھی شروع ہو چکا ہے۔ ان بابرکت لمحات میں ہر مسلمان کو چاہیے کہ وہ زیادہ سے زیادہ عبادت، توبہ و استغفار اور دعاؤں کا اہتمام کرے۔ انہوں نے کہا کہ رمضان المبارک اللہ تعالیٰ کی رحمتوں اور برکتوں کا مہینہ ہے اور اس کے آخری ایام خاص طور پر مغفرت اور نجات کے حصول کا بہترین موقع فراہم کرتے ہیں۔ ہمیں چاہیے کہ ان مقدس راتوں کو غفلت میں گزارنے کے بجائے اللہ رب العزت کے حضور سچے دل سے اپنے گناہوں کی معافی مانگیں اور اس بات کا احساس کریں کہ شاید ہمیں دوبارہ یہ بابرکت مہینہ نصیب نہ ہو۔ میر چنگیز جمالی نے کہا کہ قوم کو اس وقت اتحاد، صبر اور اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کی اشد ضرورت ہے۔ ہمیں ان مقدس ساعتوں میں ملک پاکستان کی سلامتی، استحکام اور خوشحالی کے لیے خصوصی دعائیں کرنی چاہئیں تاکہ ہمارا وطن ہر قسم کے بحران اور مشکلات سے محفوظ رہ سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ دعا کی طاقت سے ناممکن بھی ممکن ہو جاتا ہے، اس لیے پوری قوم کو چاہیے کہ وہ ملک دشمن عناصر اور دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے اللہ تعالیٰ کے حضور گڑگڑا کر دعائیں مانگے۔ انہوں نے کہا کہ رمضان المبارک ہمیں صبر، برداشت، اخوت اور انسانیت کی خدمت کا درس دیتا ہے اور ہمیں چاہیے کہ ہم اس پیغام کو اپنی عملی زندگی کا حصہ بنائیں

نچے پنجوانی اقلیتوں کے مسائل کے حل کر رہے ہیں، راج پراچہ

کچھ عناصر ان کی خدمات سے بوکھلاہٹ کا شکار ہو کر منفی پروپیگنڈہ کر رہے ہیں

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) مینارٹی ایکشن الائنس بلوچستان پشتون بیلٹ کے صوبائی صدر راج پراچہ اور تاقب نے کہا ہے کہ پارلیمانی سیکرٹری اقلیتی امور نچے پنجوانی اقلیتوں کے مسائل حل اور عبادت گاہوں کی تعمیر و ترقی کیلئے بھرپور کردار ادا کر رہے ہیں۔ کچھ عناصر ان کے شروع کئے گئے کاموں سے بوکھلاہٹ کا شکار ہو کر منفی پروپیگنڈہ کر رہے ہیں جس میں کوئی صداقت نہیں ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اتوار کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ لورالائی میں ایک گھرانہ کی چند خواتین کے ذریعے ان کے مرد پریس کانفرنس کے ذریعے پارلیمانی سیکرٹری اقلیتی امور کے خلاف بے بنیاد اور من گھڑت الزامات لگا کر ذاتی مفادات حاصل کرنا چاہتے ہیں اقلیتی نمائندہ نے ایک کروڑ روپے کا فنڈ مندر کی تعمیر کیلئے جاری کئے اس مخصوص ٹولے نے ایس ڈی او سے غلط بیانی کر کے رات کے اندھیرے میں 47/48 کی پالیسی کی یہ مکمل مندر ہے مگر مندر کے کمپاؤنڈ سے باہر دکانیں بنی ہیں جو کہ 1970ء سے قائم ہیں اور باقاعدہ لورالائی انتظامیہ اسسٹنٹ کمشنر کے فیصلے کی روشنی میں کرایہ جمع ہوتا ہے اور باقاعدہ مندروں کی مرمت اور دیکھ بھال میں استعمال ہوتا ہے انہوں نے اے سی کے فیصلے سے روگردانی کر کے غلط بی پی ون بنوایا جب کام کا آغاز کرنے کے لئے ٹھیکیدار اور ارجن پلاننگ کے ذمہ داران وہاں آئے اور دکانوں کو جس سے بہت سے لوگوں کا روزگار چل رہا تھا گرانے کا کہا جس پر دکانداروں نے عدالت سے حکم امتناعی حاصل کر کے بی پی ون ریوائز کیا اور دوبارہ مندر کی اصل بلڈنگ پر کام شروع ہوا۔ مفاد پرست عناصر تمام تر کوششوں سمیت مختلف حیلے بہانوں کے ذریعے کام بند کروانے کی کوشش کر رہے ہیں ان کی تمام سازشیں دم توڑ گئیں اب مندر کا کام شروع ہو گیا ہے۔ مفاد پرست عناصر کے تمام حربے ناکام ہونے پر مختلف حیلے بہانوں کے ذریعے پارلیمانی سیکرٹری اقلیتی امور نچے پنجوانی کے عوام دوست اقدامات کے خلاف بے بنیاد پروپیگنڈوں کا سہارا لے رہے ہیں ان کے خلاف سائبر کرائم میں رپورٹ جمع کرا چکے ہیں

چمن: پاک فوج سے اظہار یکجہتی کیلئے کار اور پیدل ریلی نکالی گئی

بینرز اور پلے کارڈز پر پاک فوج اور سکیورٹی فورسز زندہ باد کے نعرے درج تھے

چمن (ن ن) چمن شہر میں پاک فوج سے اظہار یکجہتی کیلئے کار اور پیدل ریلی نکالی گئی۔ ریلی کے شرکاء نے پاک فوج اور آپریشن غضب للحق کی حمایت میں نعرے لگاتے رہیں ریلی کے شرکاء نے اپنے ہاتھوں میں قومی پرچم، بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جس پر پاک فوج اور سکیورٹی فورسز زندہ باد کے نعرے درج تھے ریلی کے شرکاء نے شہر کے مختلف بازاروں میں پاکستان اور پاک فوج زندہ باد کے نعروں سے گونجتی رہی اور ریلی کے شرکاء نے پاک فوج اور آپریشن غضب للحق کے حق میں فلک شگاف نعرے بازی کی ریلی کے اختتام پر ریلی کے شرکاء نے وطن سے وفاداری کا اظہار کرتے ہوئے ملک کی سلامتی اور بقا کیلئے خصوصی دعائیں کی گئیں۔

کوئٹہ، قندھاری بازار فٹ پاتھ انگوٹھیاں فروخت کر رہے ہیں

چمن پسنجر ٹرین کی معطلی سے مسافروں کو مشکلات کا سامنا، اے کیو ایم

روزانہ ہزاروں کی تعداد میں سفر کرنے والوں کی سہولت کیلئے سروس بحال کی جائے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) چمن پسنجر ٹرین کی عید کے قریب ہوتے ہی معطلی سے مسافروں کو سخت مشکلات کا سامنا ہے 145 کلومیٹر کے سفر میں روزانہ ہزاروں کی تعداد میں لوگ سفر کرتے ہیں۔ اے کیو ایم افغان قومی موومنٹ کے بیان میں محکمہ ریلوے کے اعلیٰ احکام سے پرزور مطالبہ کیا گیا ہے کہ عید کے قریب آتے ہی چمن پسنجر ٹرین کی معطلی سے مسافروں کو سخت مشکلات کا سامنا ہے اس لئے ٹرین کو روزانہ کی بنیاد پر چلانے کے احکامات جاری کئے جائیں کوئٹہ سے لیکر چمن تک 145 کلومیٹر کے سفر میں روزانہ ہزاروں کی تعداد میں لوگ سفر کرتے ہیں جو عوام کیلئے ایک آسان پر سکون اور محفوظ ذریعہ آمد و رفت ہے گزشتہ چند دنوں سے ٹرین کی بندش سے عوام محفوظ اور آسان سفر سے محروم ہیں واضح رہے کہ ضلع قلعہ عبداللہ کے سرحدی شہر چمن سے پسنجر ٹرین کوئٹہ سے روانہ ہو کر کئی اہم ریلوے اسٹیشنوں سے گزرتے ہوئے چمن تک پہنچتا ہے جس میں ہر ریلوے اسٹیشن پر سینکڑوں مسافر اترتے اور سفر کرنے کیلئے چڑھتے ہیں کیونکہ مسافروں کو بائی روڈ سفر کرنا بہت مشکل اور مہنگا پڑتا ہے اس ضمن میں مسافروں کو سخت مشکلات کا سامنا ہے چمن پسنجر ٹرین کی سروس مسلسل پانچ روز سے معطل ہے۔

کوئٹہ، جناح روڈ پر لوگ عید کیلئے خریداری کرنے میں مصروف ہیں

ریٹائرڈ لیویز ملازمین حقوق نہ ملنے کی وجہ سے فاقہ کشی پر مجبور

گولڈن ہینڈ شیک کے تحت رقم ادا کرنے کا وعدہ بھی تاحال وفا نہیں ہوسکا

ملازمین عید الفطر بھی احتجاجی کیمپ میں منائیں گے، شیر حیدر، لعل جان، شاہ محمد

کوئٹہ (آن لائن) فیڈرل لیویز فورس کے ریٹائرڈ ملازمین شیر حیدر، لعل جان، شاہ محمد، عنایت اللہ اور دیگر نے کہا ہے کہ فیڈرل لیویز کے ریٹائرڈ ملازمین پنشن اور دیگر مراعات نہ ملنے کی وجہ سے رمضان المبارک میں فاقہ کشی پر مجبور ہو چکے ہیں وزیراعلیٰ بلوچستان اور صوبائی وزرا کی جانب سے ریٹائرڈ ملازمین کو گولڈن ہینڈ شیک کے تحت رقم ادا کرنے کا وعدہ بھی تاحال وفا نہیں ہوسکا ہے، فیڈرل لیویز فورس کے ریٹائرڈ ملازمین عید الفطر بھی کوئٹہ پریس کلب کے سامنے لگائے گئے کیمپ میں منائیں گے اور عید کے روز احتجاج بھی کیا جائے گا۔ یہ بات انہوں نے اتوار کو کوئٹہ پریس کلب کے سامنے احتجاجی کیمپ میں اظہار یکجہتی کرنے والوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ فیڈرل لیویز کے ریٹائرڈ ملازمین نے اپنی پوری زندگی صوبے میں امن وامان کے قیام اور ڈیوٹی سرانجام دینے میں گزار دی اب چار سال سے یہ ریٹائرڈ ملازمین پنشن اور دیگر جائز حق سے محروم ہیں جن کی وجہ سے رمضان المبارک کے بابرکت مہینے میں انکے گھروں میں نوبت فاقوں تک آ پہنچی ہے اور بچوں کے اسکولوں کی فیس ادا نہ ہونے کی وجہ سے انہیں اسکولوں سے نکالا دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ 2024 کو فیڈرل لیویز کے ریٹائرڈ ملازمین نے احتجاجی دھرنا دیا 14 روز کے بعد وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ہمارے کیمپ آئے اور وعدہ کیا کہ آپ کے مطالبات جائز ہیں انہیں حل کریں گے لیکن انکا وعدہ وفا نہیں ہوسکا انہوں نے کہا کہ حکومت فوری طور پر فیڈرل لیویز فورس کے ریٹائرڈ ملازمین کے جائز مطالبات تسلیم کرے بصورت دیگر ہم عید الفطر کوئٹہ پریس کلب کے سامنے لگائے گئے احتجاجی کیمپ میں منائیں اور احتجاج بھی کریں گے۔

قرآنی تعلیمات رشد و ہدایت اور انسانی فلاح کا منبع ہے، سیف الرحمن تارن

امت امن کیلئے ترس رہی ہے امن کا واحد حل قرآنی نظام کی نفاذ میں ہے، قبائلی رہنما

کوئٹہ (اے این این) قبائلی اور مذہبی سکالر سیف الرحمن تارن نے کہا کہ قرآنی تعلیمات رشد و ہدایت تیز انسانی فلاح و بہبود کا منبع ہے آج امت امن کے لیے ترس رہی ہے امن کا واحد حل قرآنی نظام کی نفاذ میں ہے بحیثیت مسلمان اور انسان پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ اپنے آپ کو اسلامی تعلیمات سے آراستہ کریں اور ریاست میں قرآنی نظام کی نفاذ کے لیے جدوجہد کرے انہوں نے کہا کہ قرآنی علوم کی وجہ سے صالح اور نیک معاشرہ کی تشکیل ہوتی ہے خالق کی معرفت کے حصول اور مقصد حیات کو سمجھنے کے لیے قرآنی علوم سے وابستگی بہت ضروری ہے قرآن کریم نے فرائض و عبادات، سیاست و حکومت کے قوانین، معاشرت اور ساجیات سے متعلق راہنمائی فرمائی ہے قرآن کے علاوہ کوئی نظام صالح انقلاب برپا نہیں کر سکتا انہوں نے کہا کہ قرآنی تعلیمات سے روگردانی کے باعث مسلمان تنزلی اور پستی کے شکار ہے امت قرآن کے تارک بن کر تاریکی میں ڈوبتے چلے گئے اور آج در بدر کی ٹھوکریں کھا رہے ہیں امت مسلمہ حالات اور حوادثات اور معاشی نظام کی تباہی سے دوچار ہیں انہوں نے کہا کہ قرآن کریم ایک آسمانی آئین اور ضابطہ حیات ہے اس کے اتباع اور پیروی کرنے میں انسانیت کی کامیابی ہے ہدایت اور اصلاح، انقلاب اور دنیا و آخرت کی تمام تر بھلائیوں اور کامیابیوں کو اللہ تعالیٰ نے اس میں جمع کر رکھا ہے انہوں نے کہا کہ اس حوالے مذہبی جماعتوں پر ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ عوام کی رہنمائی کرے

سابق SHO عابد حسین کے علاج کا بندوبست کیا جائے، حیات اللہ کاکڑ

چند ماہ قبل ہی بیماری کے باوجود بعض اہم آپریشنز میں حصہ لیا تھا، ڈاکٹر اوم پرکاش

کوئٹہ (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی کونسل کے رکن حیات اللہ خان کاکڑ اور ڈاکٹر اوم پرکاش نے کہا ہے کہ سابق SHO عابد حسین کافی عرصے سے علیل ہیں۔ انہوں نے چند ماہ قبل بھی بیماری کے باوجود بعض اہم آپریشنز میں حصہ لیا تھا اور اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے ادا کیں۔ انہوں نے کہا کہ سابق SHO عابد حسین ایک ایماندار اور فرض شناس پولیس آفیسر ہیں جنہوں نے ہمیشہ بلوچستان کے غریب عوام کی خدمت کی ہے۔ اس موقع پر حیات اللہ خان کاکڑ اور ڈاکٹر ہوم پرکاش نے آئی جی بلوچستان اور دیگر پولیس حکام سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ سابق SHO عابد حسین کے مزید طبی ٹیسٹ اور بہترین علاج کا بندوبست کیا جائے تاکہ وہ جلد صحت یاب ہو کر دوبارہ عوام کی خدمت کر سکیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ سابق SHO عابد حسین کو جلد مکمل صحت عطا فرمائے۔

کوئٹہ، باچاخان چوک پر لوگ عید کیلئے جوتے خرید رہے ہیں

دشمن قوتیں پاکستان کیخلاف سازشوں میں مصروف ہیں، چوہدری نعیم کریم

قوم کے اتحاد اور ایمان کی طاقت کے سامنے ان کی تمام سازشیں ناکام ہوں گی

دشمن قوتیں پاکستان کے امن و استحکام کو نقصان پہنچانے کے درپے ہیں

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) وزیراعظم یوتھ پروگرام کے فوکل پرسن و مسلم لیگ (ن) کے مرکزی سینئر رہنما چوہدری نعیم کریم نے کہا ہے کہ کوئٹہ، کوہاٹ اور راولپنڈی میں افغان طالبان کی جانب سے پاکستان کے شہری علاقوں کو ڈرون حملوں سے نشانہ بنانے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ سیکورٹی فورسز نے بروقت ڈرون کو ناکام بنایا، دشمن قوتیں پاکستان کے خلاف سازشوں میں مصروف ہیں مگر قوم کے اتحاد اور ایمان کی طاقت کے سامنے ان کی تمام سازشیں ناکام ہوں گی۔ پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے رابطہ آفس سے جاری ہونے والے ایک بیان میں چوہدری نعیم کریم نے کہا کہ افغان طالبان کی جانب سے پاکستان کے شہری علاقوں کو ڈرون سے نشانہ بنانا کھلی جارحیت اور قابل مذمت عمل ہے اس قسم کے واقعات سے واضح ہوتا ہے کہ دشمن قوتیں پاکستان کے امن و استحکام کو نقصان پہنچانے کے درپے ہیں تاہم قوم اور سیکورٹی ادارے ان سازشوں کو ناکام بنانے کی مکمل صلاحیت رکھتے ہیں، پوری قوم دہشت گردی کے خلاف متحد ہے۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ، کوہاٹ اور راولپنڈی کے حساس اور گنجان آباد شہری علاقوں میں دشمن قوتوں کی جانب سے کیے گئے ڈرون حملوں کو سیکیورٹی اداروں نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے ناکام بنادیا جس سے ثابت ہوتا ہے پاک فوج اور دیگر سیکورٹی ادارے ملک اور سرحدوں کی حفاظت کے لئے ہمہ وقت تیار ہے۔ انہوں نے کہا کہ افغان حکومت خطے کے امن کو مدنظر رکھتے ہوئے ہوش مندی سے کام لے اور اسلام دشمن قوتوں کا آلہ کار بننے سے گریز کرے۔ انہوں نے کوئٹہ، کوہاٹ اور راولپنڈی میں ڈرون کے ملبے سے زخمی ہونے والے بچوں اور دیگر شہریوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا کی۔

حاجی صالح محمد بازئی انتقال کر گئے

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوامیپ غورگ علاقائی ایگزیکٹو رکن عاصم خان بازئی، نور محمد، رمضان خان، محمد آصف بازئی کے والد حاجی صالح محمد بازئی وفات پاگئے۔ فاتحہ خوانی کلی غیب زئی مسجد غورگ میں جاری ہے۔ دریں اثناء پشتونخوامیپ کے صوبائی صدر عبدالقہار خان ودان، سید شراف آغا، مجید خان اچکزئی، کبیر افغان اور دیگر صوبائی، ضلعی، تحصیل اور علاقائی یونٹ کے رہنماؤں نے حاجی صالح محمد بازئی کی وفات پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمانے کی دعا کی ہے۔

غلام نبی مری اور دیگر کا اظہار تعزیت

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبر غلام نبی مری، ملک نصیر احمد گرگناڑی، احمد نواز ساتکزئی، خلیل احمد بنگزئی اور دیگر نے نکری عبدالواحد گرگناڑی کی اہلیہ، زبیر احمد گرگناڑی، ریاض احمد گرگناڑی، عبدالراحمد گرگناڑی اور عبدالشاہد گرگناڑی کی والدہ جبکہ فوجی میر احمد علی احمد کی بہن کے انتقال پر ان کے گھر جا کر لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا۔ اس موقع پر رہنماؤں نے مرحومہ کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور پسماندگان کو یہ صدمہ صبر و حوصلے کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ انہوں نے کہا کہ دکھ اور غم کی اس گھڑی میں ہم غمزدہ خاندان کے ساتھ برابر کے شریک ہیں۔

سرکاری ملازمین کے پنشن نظام میں تبدیلی تشویشناک ہے، ڈاکٹر حلیم صادق

کوئٹہ (آئی این پی) عوامی پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے بلوچستان حکومت کی جانب سے سرکاری ملازمین کے پنشن نظام میں تبدیلی اور 2025 کے بعد بھرتی ہونے والے ملازمین کیلئے نئی پالیسی کے نفاذ پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ فیصلہ سرکاری ملازمین کے مستقبل سے کھیلنے کے مترادف ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنشن کسی بھی سرکاری ملازم کا بنیادی حق اور اس کے بڑھاپے کا سہارا ہوتی ہے، لیکن موجودہ پالیسی کے تحت ملازمین کو اس حق سے محروم کر کے انہیں غیر یقینی صورتحال سے دوچار کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نئی پالیسی کے تحت سرکاری ملازمین کی تنخواہوں سے ہر ماہ 10 فیصد کٹوتی کی جائے گی جبکہ حکومت بلوچستان کی جانب سے 12 فیصد رقم شامل کی جائے گی اور ریٹائرمنٹ کے وقت جتنی رقم جمع ہوگی وہی بطور پنشن ملازم کو دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں پرانے پنشن نظام کے تحت حکومت خود ملازمین کو ریٹائرمنٹ کے بعد ان کی تنخواہ کا تقریباً 60 سے 70 فیصد تک پنشن فراہم کرتی تھی، جس سے ملازمین کو مالی تحفظ حاصل ہوتا تھا، مگر اب اس نظام کو ختم کر کے ایک ایسا طریقہ متعارف کرایا جا رہا ہے جس سے ملازمین کے مستقبل پر سوالیہ نشان لگ گیا ہے۔ پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے مزید کہا کہ اس نئے طریقہ کار میں حکومت کی جانب سے شامل کی جانے والی 12 فیصد رقم کو سودی بنیادوں پر فنڈ قرار دیا جا رہا ہے جو کہ نہ صرف معاشی طور پر بلکہ مذہبی حوالے سے بھی ایک حساس معاملہ ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت ملازمین کی نمائندہ تنظیموں، ماہرین معاشیات اور متعلقہ حلقوں سے مشاورت کے بعد ایسا نظام متعارف کرائے جو ملازمین کے مفاد اور ان کے مستقبل کے تحفظ کو یقینی بنائے۔

ملکی مسائل کا حل قومی یکجہتی اور مضبوط قیادت کا متقاضی ہے، تیمور خان درانی

ملکی ترقی اور استحکام کیلئے تمام سیاسی و سماجی حلقوں کو مشترکہ کوششیں کرنا ہوں گی

معاشرے میں ہم آہنگی کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے، میڈیا سے گفتگو

کوئٹہ (اے این این) معروف سیاسی و قبائلی رہنما تیمور خان درانی نے کہا ہے کہ ملک کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لیے قومی یکجہتی، باہمی احترام اور مضبوط قیادت کی ضرورت ہے۔ پاکستان کی ترقی اور استحکام کے لیے تمام سیاسی و سماجی حلقوں کو مشترکہ کوششیں کرنا ہوں گی۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے تیمور خان پوپلزئی کا کہنا تھا کہ قبائلی روایات ہمیشہ امن، بھائی چارے اور انصاف کی علامت رہی ہیں، اور انہی اصولوں کو سامنے رکھتے ہوئے معاشرے میں ہم آہنگی کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان نسل کو مثبت سرگرمیوں کی طرف لانا اور انہیں قومی ترقی کے عمل میں شامل کرنا انتہائی ضروری ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کو درپیش معاشی اور سماجی مسائل کے حل کے لیے سنجیدہ اور عملی اقدامات ناگزیر ہیں۔ حکومت اور سیاسی قیادت کو چاہیے کہ وہ عوامی مسائل کے حل کو اپنی اولین ترجیح بنائے۔ تیمور خان پوپلزئی نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ عوامی خدمت، قبائلی روایات کے تحفظ اور قومی مفاد کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے۔

حالیہ پاک-افغان کشیدگی کو دونوں ممالک کیلئے نقصان دہ ہے، رحیم کاکڑ

دونوں برادر اسلامی ممالک کو مل بیٹھ کر معاملات طے کرنے چاہئیں، سابق میئر کوئٹہ

ٹرمپ دونوں ممالک کو لڑا کر کمزور کرنا چاہتے ہیں، عالمی و علاقائی سیاست پر تبصرہ

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اور سابق میئر کوئٹہ رحیم کاکڑ نے پاکستان اور افغانستان کے درمیان جاری حالیہ کشیدگی کو دونوں ممالک کے لیے انتہائی نقصان دہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ مسائل کا حل باہمی بات چیت میں مضمر ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں برادر اسلامی ممالک کو مل بیٹھ کر معاملات طے کرنے چاہئیں کیونکہ لڑائی کسی بھی صورت پاکستان کے مفاد میں نہیں ہے۔ رحیم کاکڑ نے عالمی سیاست پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ ٹرمپ کی چالوں سے ہوشیار رہنے کی ضرورت ہے جو میبنہ طور پر دونوں ممالک کو لڑا کر کمزور کرنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے خبردار کیا کہ پاکستان کو اپنے دیرینہ دوست ملک چین کو ناراض نہیں کرنا چاہیے اور ٹرمپ کی خوشنودی کے لیے کسی ایسی جنگ کا حصہ نہیں بننا چاہیے جو مستقبل میں ملک کو تنہائی سے دوچار کر سکے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ قیادت کو یہ سمجھنا ہوگا کہ یہ کشیدگی ملک کے لیے طویل مدتی نقصان کا باعث بن سکتی ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ جب بھارت جیسی ہمسایہ طاقتوں کے ساتھ جنگیں ختم یا مؤخر ہو سکتی ہیں، تو ایک کلمہ گو برادر اسلامی ملک افغانستان کے ساتھ مسائل بات چیت کے ذریعے کیوں حل نہیں کیے جا سکتے؟ انہوں نے افغان مہاجرین کی واپسی کے عمل پر بھی تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے

کوئٹہ، عدالت روڈ پر ایک معصوم بچہ جوتے صاف کر رہا ہے

عید کی خریداریوں کیلئے کوئٹہ کے بازاروں میں رش، ٹریفک جام معمول بن گیا

شام کے اوقات میں خریداروں کی بڑی تعداد بازاروں کا رخ کرتی ہے، جس سے مرکزی سڑکوں پر ٹریفک کے شدید دباؤ کا سامنا ہوتا ہے

لیاقت بازار، پرنس روڈ، کندھاری بازار اور دیگر اہم مقامات پر دن بھر گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کا رش لگا ہوتا ہے، پارکنگ کی سہولیات ناکافی ہیں

ٹریفک جام نہ صرف شہریوں کو بلکہ تاجروں کو بھی متاثر کر رہا ہے، بازاروں کے اطراف اضافی اہلکار تعینات کیے جائیں، شہریوں کا مطالبہ

کوئٹہ (جنرل رپورٹر) عید الفطر کی آمد قریب آتے ہی صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں بازاروں اور تجارتی مراکز کی رونقیں بڑھ گئی ہیں، تاہم خریداروں کے بڑھتے ہوئے رش کے ساتھ ساتھ شہر کی اہم شاہراہوں پر ٹریفک جام بھی روز کا معمول بنتا جا رہا ہے۔ شہر کے مختلف علاقوں میں گاڑیوں کی طویل قطاریں، سست رفتار ٹریفک اور پارکنگ کے مسائل نے شہریوں کی مشکلات میں اضافہ کر دیا ہے۔ خصوصاً شام کے اوقات میں جب خریداروں کی بڑی تعداد بازاروں کا رخ کرتی ہے تو شہر کی مرکزی سڑکیں ٹریفک کے شدید دباؤ کا شکار ہو جاتی ہیں، جس کے باعث شہریوں کو گھنٹوں تک سڑکوں پر انتظار کرنا پڑتا ہے۔ شہریوں نے ضلعی انتظامیہ اور ٹریفک پولیس سے مطالبہ کیا ہے کہ صورتحال کا فوری نوٹس لے کر ٹریفک کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔ شہر کے معروف تجارتی مراکز اور مصروف شاہراہیں ان دنوں ٹریفک کے شدید دباؤ کا سامنا کر رہی ہیں۔ خاص طور پر لیاقت بازار، کندھاری بازار، ملتان چوک، میزان چوک، پرنس روڈ، فتح بازار، امداد چوک، سریاب پل، ڈبل روڈ، برمہ ہوٹل، سرخ پل، لنڈی گیٹ اور شیرزئی چوک سمیت دیگر اہم مقامات پر دن بھر گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کا رش دیکھنے میں آتا ہے۔ شام کے وقت صورتحال مزید پیچیدہ ہو جاتی ہے جب بڑی تعداد میں شہری عید کی خریداری کے لیے بازاروں کا رخ کرتے ہیں۔ ٹریفک جام کی وجہ سے نہ صرف عام شہری بلکہ دکاندار اور تاجر بھی متاثر ہو رہے ہیں۔ کئی افراد کو اپنی منزل تک پہنچنے میں معمول سے کہیں زیادہ وقت درکار ہوتا ہے جبکہ بعض اوقات ایمبولینس اور دیگر ہنگامی گاڑیوں کو بھی راستہ بنانے میں دشواری کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ شہر میں گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کی بڑھتی ہوئی تعداد کے مقابلے میں سڑکیں اور پارکنگ کی سہولیات ناکافی ہیں جس کے باعث ٹریفک کا نظام اکثر درہم برہم ہو جاتا ہے۔ بازاروں کے اطراف غیر قانونی پارکنگ بھی ٹریفک جام کی ایک بڑی وجہ بن رہی ہے۔ خریدار اپنی گاڑیاں سڑک کے کنارے یا بازاروں کے قریب کھڑی کر دیتے ہیں جس کے باعث سڑکیں تنگ ہو جاتی ہیں اور ٹریفک کی روانی متاثر ہوتی ہے۔ بعض مقامات پر ریڑھی بانوں اور عارضی اسٹالز کے باعث بھی سڑکوں کا بڑا حصہ گھیر لیا جاتا ہے جس سے ٹریفک کی آمد و رفت مزید مشکل ہو جاتی ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ عید کی آمد کے ساتھ بازاروں میں رش بڑھنا ایک معمول کی بات ہے، تاہم اگر ٹریفک کے بہتر انتظامات کیے جائیں تو ان مسائل کو کافی حد تک کم کیا جا سکتا ہے۔ شہر کے اہم بازاروں اور شاہراہوں پر اضافی ٹریفک اہلکار تعینات کیے جائیں تاکہ ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھا جا سکے۔ ایک شہری نے بتایا کہ شام کے وقت لیاقت بازار اور پرنس روڈ کے اطراف ٹریفک کی صورتحال انتہائی خراب ہو جاتی ہے۔ بعض اوقات چند کلومیٹر کا فاصلہ طے کرنے میں بھی آدھا گھنٹہ یا اس سے زیادہ وقت لگ جاتا ہے۔ شہریوں کے مطابق اگر پارکنگ کے مناسب انتظامات اور ٹریفک کنٹرول کے لیے بہتر حکمت عملی اختیار کی جائے تو اس مسئلے کو کافی حد تک حل کیا جا سکتا ہے۔ دوسری جانب تاجروں کا کہنا ہے کہ بازاروں میں رش بڑھنے سے کاروبار میں اضافہ ضرور ہوا ہے لیکن ٹریفک جام کے باعث خریداروں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے جس سے بعض لوگ بازار آنے سے بھی گریز کرتے ہیں۔ اگر ٹریفک کی صورتحال بہتر ہو جائے تو خریدار زیادہ آسانی کے ساتھ بازاروں تک پہنچ سکیں گے۔

عید کی آمد کوئٹہ کے بازاروں میں رونقیں عروج پر خریداری کیلئے شہریوں کا رش

خواتین میچنگ چوڑیاں، جیولری اور اسکارف خریدنے میں مصروف، کپڑوں اور آرائشی اشیاء کی دکانوں پر رش دیکھنے میں آرہا ہے

بچے والدین کے ساتھ شاپنگ مالز پہنچے، عید کے لیے نئے کپڑے، جوتے اور کھلونے خریدنے میں دلچسپی دکھا رہے ہیں

نوجوان طبقہ جدید فیشن کے مطابق برانڈڈ کپڑوں، جوتوں اور لوازمات خریدنے کے لیے مختلف آؤٹ لیٹس کا رخ کر رہے ہیں

کوئٹہ (جنرل رپورٹر) عید الفطر کی آمد جوں جوں قریب آرہی ہے، صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے بازاروں اور شاپنگ مالز میں گہما گہمی اپنے عروج پر پہنچ چکی ہے۔ شہر کے مختلف تجارتی مراکز رنگ برنگی روشنیوں اور دلکش سجاوٹ سے جگمگا رہے ہیں، جہاں شہریوں کی بڑی تعداد عید کی خریداری میں مصروف نظر آتی ہے۔ خواتین، بچے اور نوجوان عید کی تیاریوں کے سلسلے میں کپڑوں، جوتوں، زیورات اور دیگر اشیاء کی خریداری کے لیے بازاروں کا رخ کر رہے ہیں جس کے باعث بازاروں میں دن کے ساتھ ساتھ رات گئے تک بھی خاصی چہل پہل دیکھی جا رہی ہے۔ کوئٹہ کے معروف تجارتی مراکز، خصوصاً لیاقت بازار، جناح روڈ، پرنس روڈ، کندھاری بازار، سورج گنج بازار اور شہر کے بڑے شاپنگ مالز خریداروں سے بھرے ہوئے ہیں۔ ان بازاروں میں دکانداروں نے عید کے موقع پر خصوصی سیل اور رعایتی آفرز بھی متعارف کرائی ہیں جس کے باعث شہریوں کی دلچسپی مزید بڑھ گئی ہے۔ بازاروں میں کپڑوں کی دکانوں، جوتوں کے اسٹالز، کاسمیٹکس اور جیولری شاپس پر خریداروں کا رش قابل دید ہے۔ خواتین عید کے لیے نئے ملبوسات کے ساتھ ساتھ میچنگ چوڑیوں، جیولری، اسکارف اور دیگر آرائشی اشیاء کی تلاش میں مختلف دکانوں کا رخ کر رہی ہیں۔ چوڑیوں کی دکانوں پر خاص طور پر نوجوان لڑکیوں اور خواتین کا رش دیکھا جا رہا ہے جہاں وہ اپنے ملبوسات کے مطابق رنگ برنگی چوڑیاں منتخب کر رہی ہیں۔ اسی طرح مصنوعی زیورات اور مہندی کے اسٹالز بھی خواتین کی توجہ کا مرکز بنے ہوئے ہیں۔ دوسری جانب بچے بھی اپنے والدین کے ہمراہ بازاروں اور شاپنگ مالز کا رخ کر رہے ہیں جہاں وہ عید کے لیے نئے کپڑے، جوتے، کھلونے اور دیگر اشیاء خریدنے میں دلچسپی لے رہے ہیں۔ بچوں کی خوشی دیدنی ہے اور وہ عید کے دن کے لیے اپنی پسندیدہ اشیاء خریدنے میں خاصی دلچسپی دکھا رہے ہیں۔ شاپنگ مالز میں موجود کھلونوں اور بچوں کے ملبوسات کی دکانوں پر والدین کے ساتھ آئے بچوں کی بڑی تعداد دیکھی جا سکتی ہے۔ نوجوان طبقہ بھی عید کی تیاریوں میں بھرپور حصہ لے رہا ہے۔ نوجوان لڑکے اور لڑکیاں جدید فیشن کے مطابق ملبوسات، جوتے اور دیگر لوازمات خریدنے کے لیے مختلف برانڈڈ آؤٹ لیٹس اور فیشن اسٹورز کا رخ کر رہے ہیں۔ بازاروں میں فیشن ایبل کپڑوں اور جوتوں کی دکانوں پر نوجوانوں کا خاصا رش دیکھا جا رہا ہے۔ دکانداروں کا کہنا ہے کہ رمضان المبارک کے آخری عشرے میں خریداری میں نمایاں اضافہ ہو جاتا ہے اور اس وقت بھی یہی صورتحال دیکھنے میں آرہی ہے۔ ان کے مطابق عید کی آمد کے ساتھ ہی خریداروں کی تعداد میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے اور امید کی جارہی ہے کہ آئندہ چند دنوں میں بازاروں میں رش مزید بڑھ جائے گا۔ دکانداروں نے کہا کہ انہوں نے خریداروں کی سہولت کے لیے مختلف اقسام کے ملبوسات اور دیگر اشیاء کا وافر ذخیرہ رکھا ہوا ہے تاکہ شہریوں کو اپنی پسند کی چیزیں آسانی سے دستیاب ہو سکیں۔ شہر کے بڑے شاپنگ مالز میں بھی خاصی رونق دیکھنے میں آرہی ہے جہاں شہری اہل خانہ کے ساتھ خریداری کے لیے آرہے ہیں۔ مالز میں سیکیورٹی کے خصوصی انتظامات بھی کیے گئے ہیں تاکہ خریداروں کو کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ اس کے علاوہ پارکنگ کے مسائل سے نمٹنے کے لیے بھی بعض مقامات پر خصوصی انتظامات کیے گئے ہیں۔

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب

کوئلہ پھاٹک تا چمن پھاٹک روڈ تکمیل سے ٹریفک مسائل کم ہونگے، میر سلیم کھوسہ

حکومت کی اولین ترجیح ہے کہ کوئٹہ شہر سمیت پورے صوبے میں روڈ انفراسٹرکچر کو جدید خطوط پر استوار کیا جائے

منصوبے کے دورے کے موقع پر ترقیاتی کام کا جائزہ چیف انجینئر کوئٹہ، ایگزیکٹو انجینئر محمد انور نے بریفنگ دی

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم خان کھوسہ نے کہا ہے کہ کوئلہ پھاٹک تا چمن پھاٹک روڈ منصوبہ مکمل ہونے سے شہر کے اندر ٹریفک کے مسائل میں نمایاں کمی آئے گی اور شہریوں کو آمد و رفت میں بڑی سہولت میسر آئے گی۔ انہوں نے یہ بات زیر تعمیر کوئلہ پھاٹک تا چمن پھاٹک روڈ منصوبے کے دورے کے موقع پر منصوبے پر جاری ترقیاتی کام کا جائزہ لیتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر چیف انجینئر کوئٹہ زون عبدالرحیم ہنگورئی، ایگزیکٹو انجینئر سی اینڈ ڈبلیو ایم ورکس ڈویژن حاجی محمد انور سمیت دیگر متعلقہ حکام بھی موجود تھے۔ ایگزیکٹو انجینئر حاجی محمد انور نے صوبائی وزیر کو منصوبے کی پیش رفت کے حوالے سے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ منصوبے پر کام تیزی سے جاری ہے اور یہ تکمیل کے آخری مراحل میں داخل ہو چکا ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ منصوبہ جلد مکمل کر لیا جائے گا جس سے شہریوں کو براہ راست فائدہ پہنچے گا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم خان کھوسہ نے منصوبے پر جاری کام کو تسلی بخش قرار دیتے ہوئے اطمینان کا اظہار کیا کہ یہ منصوبہ جلد پایہ تکمیل تک پہنچے گا اور کوئٹہ کے عوام اس کے ثمرات سے مستفید ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت کی اولین ترجیح ہے کہ کوئٹہ شہر سمیت پورے صوبے میں روڈ انفراسٹرکچر کو جدید خطوط پر استوار کیا جائے تاکہ عوام کو بہتر سفری سہولیات فراہم کی جا سکیں اور ٹریفک کے مسائل کو مستقل بنیادوں پر حل کیا جا سکے۔ صوبائی وزیر نے مزید ہدایت کی کہ صوبے بھر میں جاری ترقیاتی منصوبوں پر کام کی رفتار کو مزید تیز اور معیار کو بہتر بنایا جائے تاکہ یہ منصوبے مقررہ مدت میں مکمل ہو کر عوام کی فلاح و بہبود میں موثر کردار ادا کر سکیں۔

کوئٹہ شہر میں عید کے خریداری کے موقع پر ٹریفک جام کا منظر

اسلام آباد میں نماز تراویح اجتماعات کے سیکورٹی انتظامات کا جائزہ

پولیس کے افسران و جوان ڈیوٹی پر مامور ہیں، آئی جی سید علی ناصر رضوی

فرائض ذمہ داری اور پیشہ ورانہ انداز سے فرائض منصبی سرانجام دینے کی ہدایت

اسلام آباد (زاہد احمد خان) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کا نماز تراویح کے اجتماعات کے سیکورٹی انتظامات کا جائزہ۔ موثر سیکورٹی انتظامات کو یقینی بنانے کیلئے اسلام آباد پولیس کے افسران و جوان ڈیوٹی پر مامور ہیں۔ آئی جی اسلام آباد نے ڈیوٹی پر مامور پولیس افسران و جوانوں کو مستعدی کے ساتھ اپنے فرائض منصبی سرانجام دینے کی ہدایات کی۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے وفاقی دارالحکومت میں نماز تراویح کے اجتماعات کیلئے کیے گئے سیکورٹی انتظامات کا جائزہ لیا، اس سلسلے میں آئی جی اسلام آباد نے شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا اور مساجد سمیت دیگر اہم مقامات پر تعینات پولیس افسران و جوانوں کی ڈیوٹی اور سیکورٹی انتظامات کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے ڈیوٹی پر مامور افسران اور جوانوں سے ملاقات بھی کی اور ان کی کارکردگی کو سراہا۔ آئی جی اسلام آباد نے کہا کہ ماہ رمضان کے دوران نماز تراویح کے اجتماعات کے پیش نظر شہریوں کو محفوظ ماحول فراہم کرنے کے لیے موثر اور جامع سیکورٹی انتظامات کیے گئے ہیں۔ اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں مساجد اور دیگر حساس مقامات پر اسلام آباد پولیس کے افسران و جوان تعینات ہیں تاکہ امن و امان کی صورتحال کو برقرار رکھا جا سکے۔ انہوں نے ڈیوٹی پر مامور افسران

اوتھل کنوں لاگت سے نصب واٹر بور دو ماہ میں ناکارہ ہوگیا

اوتھل (یو این اے) محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کی مبینہ ناقص کارکردگی اور غفلت کے باعث اوتھل کا بند محلہ شدید بحران کا شکار ہو گیا ہے۔ علاقے میں حال ہی میں لاکھوں روپے کی خطیر رقم سے نصب کیا جانے والا واٹر بور محض دو ماہ کا عرصہ گزرنے کے بعد ہی ناکارہ ہو گیا ہے، جس کے نتیجے میں مکین ماہ رمضان میں بھی پانی جیسی بنیادی سہولت سے محروم ہو چکے ہیں۔ مقامی شہریوں نے شدید غم و غصے کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بور کی تنصیب کے وقت ہی معیار پر تحفظات کا اظہار کیا گیا تھا مگر حکام نے احتجاج کو نظرانداز کر دیا

محکمہ مواصلات و تعمیرات میں نئی بھرتیاں لواحقین کی حق تلفی ہے، پی ڈبلیو ڈی ایمپلائز یونین

مشتہر کی جانیوالی تمام اسامیاں دوران سروس فوت ہونیوالے محکمہ کے ملازمین اور درجہ چہارم مزدوروں کی ہیں، قاسم خان

سفارشی بنیادوں پر بھرتیاں کر کے فوت ہونیوالے ملازمین کے حقیقی ورثاء اور یتیموں کی حق تلفی ہونے کا اندیشہ ہے، عابد بٹ

کوئٹہ (پ ر) پی ڈبلیو ڈی ایمپلائز یونین بلوچستان کے صدر اور بلوچستان لیبر فیڈریشن کے سیکرٹری جنرل قاسم خان یونین کے مرکزی رہنما عابد بٹ اور دیگر عہدیداروں نے صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات، چیف سیکرٹری بلوچستان سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو اور محکمہ کے چیف انجینئرز صاحبان سے مطالبہ کیا ہے کہ محکمہ مواصلات و تعمیرات میں نئی بھرتیوں کیلئے جاری ہونیوالے اشتہار میں مشتہر کی جانیوالی تمام اسامیاں دوران سروس فوت ہونیوالے محکمہ کے ملازمین اور درجہ چہارم مزدوروں کی ہیں، لواحقین کے بچوں کی تعیناتی محکمہ اور حکومت کی اولین ترجیح اور پالیسی ہونی چاہیے اس حوالے بلوچستان کے غریب ملازمین و مزدوروں کی آئینی پٹیشن سپریم کورٹ آف پاکستان میں زیر سماعت ہے جس پر جلد فیصلہ متوقع ہے، اور محکمہ کی جانب سے مشتہر کی گئی خالی پوسٹیں وہی ہیں جن پر دوران سروس فوت ہونیوالے ملازمین کے بچوں کو مستقبل میں تعینات کیا جانا ہے کیونکہ یونین کے نوٹس میں آیا ہے کہ محکمہ فنانس اور ایس اینڈ جی اے ڈی کی جانب سے نئی پوسٹوں کی منظوری نہیں دی گئی بلکہ یہ خالصتاً محکمہ کی ایڈ ڈبلیو کی خالی اسامیاں ہیں جس پر سیاسی یا سفارشی بنیادوں پر بھرتیاں کر کے دوران سروس فوت ہونیوالے ملازمین کے حقیقی ورثاء اور یتیموں کی حق تلفی ہونے کا اندیشہ ہے لہٰذا یونین بذا وزیر اعلیٰ بلوچستان اور دیگر اعلیٰ حکام سے مطالبہ کرتی ہے کہ انصاف کے تقاضے پورے کرتے ہوئے محکمہ مواصلات و تعمیرات میں بھرتیوں کے اشتہار کو فوری منسوخ کیا جائے بصورت دیگر بلوچستان لیبر فیڈریشن کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں ملازمین کی حق تلفی کیخلاف احتجاج کیساتھ قانونی و عدالتی چارہ جوئی کا حق محفوظ رکھتی ہے۔

چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی کی موثر اقدامات کی ہدایت

عید کی آمد کے موقع پر بازاروں میں خصوصی پلان پر عمل کیا جائے، فرحان اسلم

راولپنڈی (زاہد احمد خان) چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی کیجانب سے رمضان المبارک کے آخری عشرہ کے دوران فرائض کی بہترین ڈیوٹی پر تمام افسران و جوانوں کو شاباش، ٹریفک کو رواں دواں رکھنے کیلئے ٹریفک ڈیوٹی میں اضافہ، لیڈیز سٹاف بھی تعینات، تفصیلات کے مطابق چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی فرحان اسلم نے رمضان المبارک کے آخری عشرہ میں ٹریفک کے بڑھتے رش کو بہترین طریقے سے کنٹرول کرنے کیلئے تمام افسران و جوانوں کو شاباش دیتے ہوئے کہنا تھا کہ عید الفطر کی آمد کے پیش نظر شاہراہوں، کمرشل مارکیٹس و بازاروں میں خریداروں کے رش میں اضافہ ہو رہا ہے جسکو کنٹرول کرنے کیلئے سیکنڈ شفٹ میں رات تا اختتام رش تک اضافی اہلکار تعینات کر دیے گئے ہیں جبکہ خواتین کی سہولت اور تحفظ کیلئے شاپنگ بازار و کمرشل مقامات پر ضلع ٹریفک لیڈیز اہلکار بھی تعینات کیے گئے ہیں۔ انکا مزید کہنا تھا کہ بڑھتے رش کے باوجود بھی میرے تمام جوان ٹریفک کو رواں دواں رکھنے اور رش کے اختتام تک سڑکوں پر موجود ہیں تاکہ شہریوں کو زیادہ سے زیادہ سہولت فراہم کی جا سکے تاہم ٹریفک ڈیوٹی کیساتھ شہریوں کے تعاون بھی درکار ہے تاکہ ٹریفک کی روانی کو مزید بہتر بنایا جا سکے۔ انہوں نے شہریوں سے درخواست کی ہے کہ وہ دوران خریداری اپنی گاڑی کو پارکنگ ایریا یا مناسب جگہ پر پارک کریں تاکہ ٹریفک کی روانی میں رکاوٹ پیدا نہ ہو اور دوسرے روڈ یوزرز کو تکلیف کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ ٹریفک پولیس کے تمام افسران و جوان آپکی سہولت اور ٹریفک کنٹرول کرنے کیلئے شاہراہوں پر موجود ہیں انکے ساتھ تعاون کریں اور انکی طرف سے دی گئی ہدایات پر عمل کریں۔

37 ٹریفک حادثات میں 59 افراد زخمی جبکہ 3 جاں بحق ہوئے ہیں، مرک

کوئٹہ (آئی این پی) میڈیکل ایمرجنسی رسپانس سینٹرز (مرک) 1122 بلوچستان کی جانب سے جاری کردہ 13 مارچ 2026 کی ہائی ویز ڈیلی انسیڈنٹ رپورٹ کے مطابق صوبے کی مختلف قومی شاہراہوں پر ایک روز کے دوران 37 ٹریفک حادثات پیش آئے جن میں 59 افراد زخمی جبکہ 3 افراد جاں بحق ہوئے۔ رپورٹ کے مطابق سب سے زیادہ حادثات ٹراما سینٹر ژوب کے دائرہ کار میں پیش آئے جہاں 15 حادثات میں 24 افراد زخمی ہوئے۔ اسی طرح ٹراما سینٹر خضدار کے علاقے میں 6 حادثات میں 12 افراد زخمی ہوئے۔ اعداد و شمار کے مطابق وندر، لسبیلہ کے علاقے میں پیش آنے والے حادثات میں 3 افراد جاں بحق ہوئے جبکہ دیگر علاقوں میں زیادہ تر حادثات میں زخمیوں کو فوری طبی امداد فراہم کی گئی اور کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی۔ رپورٹ کے مطابق لک پاس مستونگ، قلات، باغبانہ خضدار، درکالہ خضدار، گوارہ خضدار، تیارہ لسبیلہ، سرانان پشین، چمن، زیارت کراس پشین، نسئی قلعہ سیف اللہ، بادینزئی ژوب، ماشخیل، گدور، سوراب، کوکرت بچی، بختیار آباد سبی، کیٹل فارم جعفر آباد، مختیر لورالائی، دشت تربت، ہوشاب، سنجاب، ناگ، سجاوڑ، بسیمہ، واشک، رخنی بارکھان، احمد وال نوشکی، لیاری لسبیلہ، پھورے لسبیلہ، رسالان لسبیلہ، اور مازہ گوادر، پشتی گوادر اور تلیت گوادر سمیت مختلف علاقوں میں بھی حادثات پیش آئے

گرجا گھروں کی سیکورٹی کیلئے راولپنڈی پولیس کے موثر انتظامات

بین المذاہب ہم آہنگی کے فروغ کے لیے اقدامات انتہائی اہم ہیں، سی پی او خالد ہمدانی

راولپنڈی (زاہد احمد خان) سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کی ہدایات کے مطابق گرجا گھروں کی سیکورٹی کے لیے راولپنڈی پولیس کے موثر سیکورٹی انتظامات، ڈویژنل ایس پیز، ایس ڈی پی اوز اور دیگر افسران ڈیوٹی پر مامور افسران کو چیک اور ڈیوٹی کے متعلق بریف کر رہے ہیں، سیکورٹی صورتحال کے پیش نظر جڑواں شہروں میں خصوصی چیکس اور نفری تعینات کی گئی ہے، گرجا گھروں میں مکمل باڈی سرچنگ کے بعد داخلے کو یقینی بنایا جا رہا ہے، بین المذاہب ہم آہنگی کے فروغ کے لیے راولپنڈی پولیس تمام اقدامات اٹھا رہی ہے، سی پی او سید خالد محمود ہمدانی۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کی ہدایات کے مطابق گرجا گھروں کی سیکورٹی کے لیے راولپنڈی پولیس کے موثر سیکورٹی انتظامات کیے گئے، ڈویژنل ایس پیز، ایس ڈی پی اوز اور دیگر افسران ڈیوٹی پر مامور افسران کو چیک اور ڈیوٹی کے متعلق بریف کر رہے ہیں، ایلیٹ کمانڈوز اور تھانوں کی موبائلز کی خصوصی گشت علاقے میں گشت کے فرائض سرانجام دے رہی ہیں، سیکورٹی صورتحال کے پیش نظر جڑواں شہروں میں خصوصی چیکس اور نفری تعینات کی گئی ہے، گرجا گھروں میں مکمل باڈی سرچنگ کے بعد داخلے کو یقینی بنایا جا رہا ہے، ڈیوٹی پر مامور افسران الرٹ ڈیوٹی کو یقینی بناتے ہوئے ارد گرد کے ماحول اور مشکوک افراد پر کڑی نظر رکھیں، سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کا کہنا تھا کہ عبادت کے لیے آنے والے افراد کی سیکورٹی کو یقینی بناتے ہوئے ان سے خوش اخلاقی سے پیش آیا جائے، اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ اور امن و امان کو یقینی بنانے کے لیے تمام تر وسائل کو بروئے کار لا رہے ہیں، بین المذاہب ہم آہنگی کے فروغ کے لیے راولپنڈی پولیس تمام اقدامات اٹھا رہی ہے

ترقیاتی کاموں کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے، سکندر حیات

بھاگ (آن لائن) ضلع بولان کچھی میں لوکل گورنمنٹ کے تحت چلنے والے ترقیاتی کاموں کی نگرانی بحیثیت اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ ضلع کچھی خود کر رہا ہوں کاموں کے معیار پر کوئی بھی سمجھوتہ نہیں کریں گے ان خیالات کا اظہار اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ ڈسٹرکٹ بولان کچھی قاضی سکندر حیات نے کیا انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان، چیف سیکرٹری بلوچستان سیکرٹری لوکل گورنمنٹ بلوچستان اور صوبائی وزیر ریونیو بلوچستان میر محمد عاصم کرد گیلو کے خصوصی ہدایات پر ضلع کچھی میں جو ترقیاتی کام چل رہے ہیں ان کی نگرانی کی جا رہی ہے کاموں کے معیار کو اولین ترجیح دی جا رہی ہے اور کسی کو بھی معیار پر سمجھوتہ نہیں کرنے دیا جائے گا ترقیاتی کاموں کو ان کے وقت مقررہ پر مکمل کر کے عوام کو ریلیف دیا جائے گا

مسائل کا حل قرآن وسنت کی تعلیمات پر عملدرآمد میں مضمر ہے، مولانا صدیق مدنی

تکمیل قرآن فی التراویح کی تقریب، قرآن کو زندگی کا رہنما بنانے کی ضرورت ہے

قرآن ہمیں عدل، انصاف، اخوت، محبت اور برداشت کا درس دیتا ہے، مولانا فتح چمنی

چمن (اے این این) جمعیت علماء اسلام تحصیل چمن کے رکن مجلس شوریٰ اور ممبر یوتھ پارلیمنٹ مولانا حافظ محمد صدیق مدنی نے جامع مسجد نور محلہ شیخ الحدیث حضرت مولانا فتح محمد چمنی نور اللہ مرقدہ و گھوڑا ہسپتال روڈ چمن میں منعقدہ تکمیل قرآن کریم فی التراویح کی بابرکت تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ رمضان المبارک درحقیقت قرآن کریم کا مہینہ ہے اور اس مہینے میں قرآن مجید کے ساتھ تعلق کو مضبوط بنانا ہر مسلمان کی دینی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ اللہ رب العزت نے قرآن کریم کو انسانیت کی ہدایت اور رہنمائی کے لیے نازل فرمایا ہے اور یہی وہ عظیم کتاب ہے جو انسان کو اندھیروں سے نکال کر روشنی کی طرف لے جاتی ہے۔ مولانا حافظ محمد صدیق مدنی نے کہا کہ تراویح میں قرآن کریم سننے اور سنانے کی سعادت بہت بڑی نعمت ہے لیکن اس سے بھی زیادہ اہم بات یہ ہے کہ ہم قرآن کریم کی تعلیمات کو اپنی زندگی کا حصہ بنائیں۔ اگر ہم قرآن کو صرف تلاوت تک محدود رکھیں اور اس کے احکامات پر عمل نہ کریں تو ہم اس کے حقیقی پیغام سے محروم رہ جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ قرآن ہمیں عدل، انصاف، اخوت، محبت اور برداشت کا درس دیتا ہے اور ایک اسلامی معاشرے کی بنیاد بھی انہی اصولوں پر قائم ہوتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ آج کے دور میں امت مسلمہ کو درپیش مسائل کا حل بھی قرآن وسنت کی تعلیمات میں موجود ہے۔ اگر مسلمان قرآن کے پیغام کو سمجھ کر اس پر عمل کریں تو انفرادی اور اجتماعی زندگی میں بہتری آ سکتی ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ہمیں اپنے گھروں، مدارس اور مساجد میں قرآن کریم کی تعلیم و تربیت کو فروغ دینا چاہیے تاکہ نئی نسل قرآن کے نور سے منور ہو سکے۔ مولانا حافظ محمد صدیق مدنی نے اس موقع پر حفاظ کرام اور ائمہ مساجد کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ یہ حضرات درحقیقت قرآن کریم کے سفیر ہیں جو راتوں کو جاگ کر اللہ کے کلام کو لوگوں تک پہنچاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ معاشرے کو چاہیے کہ حفاظ کرام اور علماء کی قدر کرے اور دینی تعلیم کے فروغ میں ان کا ساتھ دے

منگریہ ہاؤس صحبت پور میں افطار ڈنر کا اہتمام کیا گیا

فرید آباد (آن لائن) تنظیم اساتذہ پاکستان کے مرکزی نائب صدر رئیس اللہ ڈنہ منگریو کی جانب سے منگریہ ہاؤس صحبت پور بلوچستان میں ایک عظیم الشان افطار ڈنر کا اہتمام کیا گیا جس میں ڈسٹرکٹ چیئرمین ایڈووکیٹ میر مسعود احمد خان کھوسہ ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر صحبت پور الہٰی بخش کھوسہ، اسسٹنٹ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر زبیر احمد مری فیض محمد کھوسہ عبید اللہ ڈوکی دوست علی نندوانی غلام قادر کھوسہ ڈاکٹر لیاقت علی منگریو سردار علی مری صحافی محمد حیات کنبار تنظیم اساتذہ ضلع صحبت پور کے نائب صدر محمد انور بروہی قادر برکت علی سومرو کے علاوہ درجنوں افراد تشریف فرما تھے اس وقت نعت شریف کی سعادت قادری برکت علی نے حاصل کی رئیس اللہ ڈنہ منگریو نائب صدر تنظیم اساتذہ پاکستان

حکومت خطے میں امن کے قیام کیلئے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے، سیدال خان ناصر

مشرق وسطیٰ میں جاری کشیدہ صورتحال کو معمول پر لانے کیلئے پاکستان کی کوششوں کو عالمی سطح پر سراہا جا رہا ہے

وزیراعظم، چیف آف ڈیفنس فورسز کی جانب سے کی جانے والی کوششیں قابل تحسین ہیں، ڈپٹی چیئرمین سینٹ

اسلام آباد (زاہد احمد خان) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر کا مشرق وسطیٰ کی صورتحال کو معمول پر لانے کے لیے ملکی سیاسی و عسکری قیادت کی کوششوں کو خراج تحسین۔ خطے میں امن و استحکام پر زور، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے مشرق وسطیٰ میں جاری کشیدہ صورتحال کو معمول پر لانے کے لیے پاکستان کی سیاسی و عسکری قیادت کی کوششوں کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ ملک کی قیادت خطے میں امن کے قیام اور حالات کو بہتر بنانے کے لیے سنجیدہ اور موثر اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم پاکستان اور چیف آف ڈیفنس فورسز کی جانب سے مشرق وسطیٰ میں امن و استحکام کے لیے کی جانے والی سفارتی اور عملی کوششیں قابل تحسین ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان نہ صرف قومی سطح پر بلکہ بین الاقوامی سطح پر بھی خطے میں کشیدگی کم کرنے اور صورتحال کو معمول پر لانے کے لیے مثبت کردار ادا کر رہا ہے۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ تنازعات اور اختلافات کا حل جنگ میں نہیں بلکہ مذاکرات اور سفارتکاری میں پوشیدہ ہے۔ اگر معاملات کو بات چیت کے ذریعے حل کیا جائے تو اس کے مثبت اثرات نہ صرف خطے بلکہ عالمی معیشت پر بھی مرتب ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ مشرق وسطیٰ کی صورتحال کے اثرات پوری دنیا پر پڑ رہے ہیں، جس سے عالمی تجارت، معیشت اور عام لوگوں کی روزمرہ زندگی متاثر ہو رہی ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ خطے میں امن و استحکام کا قیام نہایت ضروری ہے تاکہ معاشی سرگرمیوں کو فروغ دیا جا سکے اور عوام کو درپیش مشکلات میں کمی لائی جا سکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں صوبائی وزیر تعلیم اور سابق اسپیکر بلوچستان اسمبلی راحیلہ حمید خان درانی کی جانب سے اپنے اعزاز میں دیے گئے افطار ڈنر کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات، اور بلوچستان میں پاکستان مسلم لیگ نون کے پارلیمانی لیڈر میر سلیم خان کھوسہ بھی موجود تھے۔ افطار ڈنر کے دوران صوبہ بلوچستان کی مجموعی سیاسی، معاشی اور اقتصادی صورتحال پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ سیدال خان ناصر نے کہا کہ موجودہ حکومت تعلیم، تجارت اور سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے اور امید ہے کہ ان موثر پالیسیوں کے نتیجے میں بلوچستان سمیت ملک کے دیگر پسماندہ علاقوں میں ترقی اور خوشحالی کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔ روزگار کے مواقع بڑھانے کے لیے جامع حکمت عملی اختیار کی جا رہی ہے۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ موجودہ چیلنجز سے نمٹنے کے لیے پوری قوم کو متحد ہو کر کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ سیاسی مفادات سے بالاتر ہو کر ہم سب کو ملک و قوم کی ترقی اور خوشحالی کے لیے مل کر کام کرنا چاہیے۔

اوتھل، عید کے قریب آتے ہی بازاروں میں رش بڑھ گیا

بچے خریداری میں مصروف، دکانداروں نے قیمتوں میں من مانا اضافہ کر دیا

مرکزی بازاروں، مارکیٹوں اور شاپنگ مراکز میں رش، پولیس کا گشت بڑھا دیا گیا

اوتھل (این این آئی) عید الفطر کی آمد میں چند روز باقی رہ جانے کے باعث ضلع لسبیلہ کے ضلعی ہیڈکوارٹر اوتھل کی مارکیٹوں اور بازاروں میں خریداری کا غیر معمولی رش دیکھنے میں آ رہا ہے اور شہر کے بازاروں میں عید کی تیاریوں کا جوش و خروش ... عید قریب آتے ہی بعض دکانداروں نے اشیائے ضروریہ اور ملبوسات کی قیمتوں میں از خود اضافہ کر دیا ہے۔ خریداروں کے مطابق کئی اشیاء کی قیمتیں تقریباً دوگنا کر دی گئی ہیں جس سے عام خریداروں کو مشکلات کا سامنا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ ...

کوئٹہ، مسجد روڈ پر ایک فیملی واسکٹ خرید رہی ہے

کوئٹہ، خواتین عید کیلئے پرس خرید رہی ہیں

بلوچستان میں مقامی حکومتوں کی انتظامی اور مالی خودمختاری ناگزیر ہے، سول سوسائٹی

صحافیوں، سرکاری حکام اور سیاسی نمائندوں نے لوکل گورنمنٹ میں صوبائی مداخلت کو جمہوری اقدار کی نفی قرار دے دیا

مقامی حکومتیں عوام کو نچلی سطح پر نمائندگی کا موقع دیتی ہیں، بلدیاتی انتخابات جمہوری عمل کو مضبوط بناتے ہیں، اسکینہ عبداللہ

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) صحت اور دیہی ترقی (HRD) کے آواز سینٹر فار ڈیولپمنٹ سروسز کے تعاون سے بلوچستان میں مقامی حکومتوں کی آئینی، انتظامی، مالی اور سیاسی خودمختاری کے موضوع پر ایک مشاورتی اجلاس منعقد کیا گیا۔ اجلاس میں مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے اسٹیک ہولڈرز، ماہرین، صحافیوں اور ایڈووکیسی چینل کے اراکین نے شرکت کی اور بلدیاتی نظام کی کارکردگی، اختیارات اور درپیش مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ ...

قومی زبانوں پر قدغن لگانے کی کوشش کامیاب نہیں ہونے دینگے، رحیم زیارتوال

زبانوں، تاریخ اور جغرافیہ کو نظر انداز کیا جا رہا ہے جو 1940 کی قرارداد کو پاؤں تلے روندنے کے مترادف ہے، قہار ودان

آزاد عدلیہ اور میڈیا کا گلہ گھونٹا گیا ہے جس نے ملک کے وقار کو اپنے عوام اور دنیا کے سامنے سخت مجروح کیا، سردار امجد ترین

پشین (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع پشین تحصیل حرمزئی کے جنرل باڈی کا اجلاس تحصیل صدر عبدالمناف ایڈووکیٹ کے زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں علاقائی یونٹوں نے جلسے کی تیاری اور سیاسی تنظیمی رپورٹیں پیش کیں۔ اجلاس میں علاقائی یونٹوں اور تحصیل کی رپورٹس اور پارٹی کارکنوں کی لگن محنت اور جذبے کو سراہتے ہوئے انہیں زبردست داد تحسین پیش کیا گیا۔ ...

اسلام فوبیا کے واقعات سے مسلمانوں کی دل آزاری ہوتی ہے، قاری عبدالرشید

اسلام فوبیا کے خلاف عالمی دن منانے کی قرارداد عالم اسلام کے لیے مسرت کا باعث ہے

او آئی سی کے پلیٹ فارم سے مشترکہ لائحہ عمل اختیار کرنے کی اشد ضرورت ہے، مہتمم مدارس

کوئٹہ (پ ر) مہتمم مدارس البنات بلوچستان و ممبر رویت ہلال کمیٹی بلوچستان ڈاکٹر قاری عبدالرشید نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ اسلام فوبیا کے واقعات سے مسلمانوں کی دل آزاری ہوتی ہے اس لیے حکومت کو چاہیے کہ عالمی سطح پر بین المذاہب ہم آہنگی کے متعلق آگاہی پیدا کرے اور باہمی احترام کے فروغ کے لیے کوششیں جاری رکھیں۔ ... 15 مارچ 2019 کو نیوزی لینڈ کرائس چرچ کی دو مساجد پر حملوں کے دوران جو 51 نمازی شہید اور درجنوں زخمی ہوئے تھے ...

عالم اسلام کو درپیش چیلنجز کا مقابلہ اتحاد سے ممکن ہے، ڈاکٹر اے جی

امریکا کو مشرق وسطیٰ میں قائم اپنے فوجی اڈے ختم کرنے چاہئیں، جمعیت سندھ

سنی اور شیعہ امریکہ اور اسرائیل کی جارحانہ پالیسیوں کے خلاف متحد ہو جائیں

جیکب آباد (آئی این پی) جمعیت علماء اسلام سندھ کے پریس سیکرٹری ڈاکٹر اے جی انصاری نے مدنی مسجد جیکب آباد میں منعقدہ ختم القرآن کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ عالم اسلام کو درپیش چیلنجز کے مقابلے کے لیے امت مسلمہ کا اتحاد وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ...

کراچی، پولیس مقابلوں میں 5 ڈاکو گرفتار

کراچی (بیورو رپورٹ) کراچی کے مختلف علاقوں میں پولیس اور ڈاکوؤں کے درمیان تین علیحدہ علیحدہ مبینہ مقابلوں کے دوران 5 ملزمان کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا گیا۔ ...

اوستا محمد، پولیس نے 6 ملزمان کو گرفتار کر لیا

موٹر سائیکلیں، موبائل فون اور دیگر سامان برآمد، مقدمہ درج

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) نصیر آباد اور اوستا محمد میں پولیس کا کریک ڈاؤن چھ ملزمان گرفتار ...

لاہور، سابق وزیر اعظم شجاعت حسین، مولانا عبدالخبیر آزاد پیغام پاکستان کے مسودے کی کاپی پیش کر رہے ہیں

ڈیرہ مراد جمالی ڈاکو 4 موٹر سائیکلیں، موبائل فون چھین کر فرار

مسلح افراد شہری سے موٹر سائیکل موبائل فون و دیگر سامان لوٹ کر لے گئے

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) صحبت پور اور ڈیرہ مراد جمالی، چوری اور ڈکیتی کی مختلف وارداتیں چار موٹر سائیکلیں ایک شارٹ گن بندوق ایک ٹی ٹی پسٹل تین موبائل فون اور ایک قیمتی گائے چوری کر کے فرار ہو گئے ...

حکومت نے مجبور ہو کر 23 ارب روپے کا فرق پورا کیا، مزمل اسلم

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا کے وزیر خزانہ مزمل اسلم نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ ایڈجسٹمنٹ پر سخت ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے ... ان کے مطابق حکومت نے مجبور ہو کر 23 ارب روپے کا فرق پورا کیا، جو ڈیزل کی قیمت میں تقریباً 75 روپے فی لیٹر اور پیٹرول میں 50 روپے فی لیٹر کے برابر بنتا ہے

کوئٹہ، لیاقت بازار سے لوگ عید کیلئے خریداری کرنے میں مصروف ہیں

ترقیاتی منصوبوں میں معیار اور شفافیت کی کڑی نگرانی کی جا رہی ہے، اے ڈی سی

BSDI منصوبے کے تحت موزنٹ پاتھ کی تعمیر کے کام کے جائزے کے موقع پر بات چیت

لورالائی (ت ن) BSDI منصوبے کے تحت کوٹنی موزنٹ پاتھ کی تعمیر کا جائزہ، کام جلد مکمل کرنے کی ہدایت۔ ڈپٹی کمشنر لورالائی میران بلوچ کی خصوصی ہدایات پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر لورالائی محمد اسماعیل مینگل نے اسسٹنٹ کمشنر بوری ندیم اکرم کے ہمراہ BSDI ترقیاتی منصوبوں کے تحت کوٹنی موڑ سے زیر تعمیر فٹ پاتھ کا تفصیلی دورہ کیا۔ ...

ٹیکسز کے نظام کی بہتری کیلئے اصلاحات متعارف کرائی جا رہی ہیں، محمد خان لہڑی

وصولی نظام کو جدید اور شفاف بنا کر صوبے کی آمدن میں اضافہ کیا جائے گا، صوبائی پارلیمانی سیکرٹری

جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے تربیت، ٹیکنالوجی پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے، میڈیا سے بات چیت

کوئٹہ (اے این این) پارلیمانی سیکرٹری ایکسائز حاجی محمد خان لہڑی نے کہا ہے کہ محکمہ ایکسائز کی کارکردگی کو مزید موثر اور شفاف بنانے کے لیے مختلف اصلاحات متعارف کرائی جا رہی ہیں ...

نوٹیفکیشن کے بغیر اساتذہ اور افسران کا اردلی الاؤنس بند کرنا قبول نہیں، اکیڈمک اسٹاف

افسوسناک امر یہ ہے کہ عدالت عالیہ کے واضح احکامات کے باوجود جامعہ بلوچستان انتظامیہ عمل نہیں کر رہی، ترجمان

حکومت نے اساتذہ دشمن بیوروکریسی کے اشاروں پر جامعہ کے اساتذہ اور ملازمین کے مسائل بڑھا دیے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) اکیڈمک اسٹاف ایسوسی ایشن جامعہ بلوچستان کے ترجمان نے ایک بیان میں گہری تشویش اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ صوبائی حکومت نے بعض اساتذہ دشمن افسر شاہی کے اشاروں پر جامعہ بلوچستان سمیت صوبے کی تمام جامعات میں گریڈ 20 اور 21 کے سینئر اساتذہ کرام اور افسران کو دیے جانے والے اردلی الاؤنس کو ختم کرنے کے لیے ایک غیر قانونی نوٹیفکیشن جاری کیا تھا ...

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

مشرق

چیف ایگزیکٹو۔ پرنٹر و پبلشر سید ممتاز احمد نے ایم اے ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایگزیکٹو سید ممتاز احمد

ٹیلی فون نمبر:۔2829164-2821538-2821626 فیکس نمبر:۔2830228-2835934

ای میل mashriqqta2008@gmail.com

پیر 16 مارچ 2026ء

عالمی منظر نامہ، بحرانی حالات اور وزیر اعظم شہباز شریف کا دوٹوک عزم

دنیا اس وقت غیر معمولی ہنگامہ خیزی کے دور سے گزر رہی ہے۔ ایسے میں سب سے اہم چیز بروقت فیصلے، موثر حکمت عملی اور ذمہ دار قیادت ہوتی ہے کیونکہ ذرا سا اغماض برتنے کا نتیجہ برسوں کے مسائل و مشکلات کی صورت نکل سکتا ہے بات اگر وطن عزیز پاکستان کی کریں تو وزیر اعظم شہباز شریف کی قیادت میں موجودہ حکومت نے جس انداز سے داخلی معاملات پر توجہ مرکوز رکھی ہے، وہ اس بات کا ثبوت ہے کہ حکومت اپنے فرائض و ذمہ داریوں سے بھی واقف و آگاہ ہے اور ان کی بجا آوری میں بھی سنجیدہ و فہمیدہ ہے ایک طرف جہاں قومی کفایت شعار پالیسی کا اجراء کیا گیا ہے وہاں پٹرولیم مصنوعات اور روزمرہ اشیاء کی قیمتوں پر بھی گہری نگاہ مرکوز کی گئی ہے ابھی گزشتہ روز وزیر اعظم شہباز شریف کی زیر صدارت خطے کی بدلتی ہوئی صورتحال کے پیش نظر ملک میں غذائی صورتحال اور اضافی اشیائے ضروریہ کی برآمدت پر جائزہ اجلاس منعقد ہوا ہے جس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم شہباز شریف نے ملکی غذائی ضروریات کیلئے اشیاء خورونوش کی طلب و رسد پر نظر رکھنے اور پاکستانی غذائی ضروریات کو متاثر کئے بغیر اضافی اشیاء خورونوش خلیجی ممالک کو برآمد کرنے کیلئے جامع لائحہ عمل تشکیل دینے کی ہدایت کی ہے۔ امر واقعی یہ ہے کہ حکومت کو نہ صرف داخلی غذائی تحفظ کی فکر ہے بلکہ وہ عالمی حالات کے تناظر میں پاکستان کے معاشی مفادات کو بھی سامنے رکھ کر منصوبہ بندی کر رہی ہے۔ وزیر اعظم نے اجلاس میں واضح ہدایت دی کہ ملک میں اشیائے خورونوش کی طلب و رسد کی مکمل نگرانی کی جائے تاکہ کسی بھی قسم کی قلت پیدا نہ ہو۔ بریفنگ میں یہ بتایا گیا کہ پاکستان میں زرعی اجناس، گوشت، پولٹری، ڈیری مصنوعات اور سی فوڈ سمیت متعدد شعبوں میں وافر پیداوار موجود ہے اور ان کی برآمدات میں اضافہ کیا جا سکتا ہے۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے اس صورتحال کے پیش نظر ہدایت دی کہ پاکستان اپنی اضافی پیداوار خلیجی ممالک کو برآمد کرے، تاہم اس عمل میں ملکی غذائی ضروریات کو ہرگز متاثر نہ ہونے دیا جائے۔ اس مقصد کے لئے ایک خصوصی کمیٹی بھی تشکیل دی گئی ہے جو روزانہ کی بنیاد پر صورتحال کا جائزہ لے گی۔ یہ فیصلہ ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب مشرق وسطیٰ میں حالات انتہائی کشیدہ ہو چکے ہیں اور عالمی سطح پر سپلائی چینز متاثر ہونے کا خطرہ بڑھ رہا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ حکومت پاکستان نے بروقت اقدامات کرتے ہوئے نہ صرف ملکی غذائی تحفظ کو یقینی بنانے کا فیصلہ کیا بلکہ اس بحران کو معاشی مواقع میں تبدیل کرنے کی بھی حکمت عملی اختیار کی ہے۔ خلیجی ممالک کے ساتھ پاکستان کے دیرینہ برادرانہ تعلقات ہیں اور ایسے میں ان ممالک کی غذائی ضروریات پوری کرنے کے لئے پاکستان کا کردار مزید اہم ہو جاتا ہے۔ دوسری جانب عالمی منظر نامے پر نظر ڈالی جائے تو مشرق وسطیٰ میں بڑھتی ہوئی کشیدگی پوری دنیا کے لئے تشویش کا باعث بن چکی ہے۔ ایران اور امریکا کے درمیان جاری جنگی صورتحال گزشتہ روز سولہویں روز میں داخل ہو چکی ہے اور اس دوران متعدد حملوں اور جوابی کارروائیوں کے نتیجے میں خطے میں تباہی اور عدم استحکام میں اضافہ ہوا ہے۔ ایرانی پاسداران انقلاب نے اعلان کیا ہے کہ اس نے خطے میں امریکی فوجی اڈوں کے خلاف اپنی کارروائیوں کی پچاسویں لہر شروع کر دی ہے۔ دوسری جانب امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران معاہدہ کرنا چاہتا ہے مگر موجودہ شرائط امریکا کے لئے قابل قبول نہیں ہیں۔ اس بیان سے ظاہر ہوتا ہے کہ دونوں فریقین کے درمیان کشیدگی کم ہونے کے بجائے مزید بڑھنے کا خدشہ ہے۔ خلیجی ممالک میں بھی صورتحال بدستور کشیدہ ہے۔ سعودی عرب نے ریاض کے قریب چار ڈرون مار گرانے کا دعویٰ کیا ہے جبکہ متحدہ عرب امارات کے الظفیر وائیز بیس پر میزائل اور ڈرون حملوں کی اطلاعات سامنے آئی ہیں۔ اسی طرح کویت اور قطر میں بھی میزائل اور ڈرون حملوں کے دعوے کئے گئے ہیں دیکھا جائے تو اس تمام صورتحال نے نہ صرف خطے کے امن کو خطرے میں ڈال دیا ہے بلکہ عالمی معیشت پر بھی اس کے سنگین اثرات مرتب ہونے کا خدشہ ہے۔ اگر آبنائے ہرمز بند ہو جاتی ہے تو عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمت دو سو ڈالر فی بیرل تک پہنچ سکتی ہے آبنائے ہرمز دنیا کی تیل کی ترسیل کے لئے انتہائی اہم راستہ ہے اور عالمی تیل کی تقریباً پندرہ فیصد رسد اسی راستے سے گزرتی ہے۔ اس وقت امریکا کے اندر بھی اس جنگ کے حوالے سے اختلافات پیدا ہو چکے ہیں۔ امریکی سیاسی حلقوں اور میڈیا شخصیات نے اس جنگ کو غیر ضروری قرار دیتے ہوئے اس پر شدید تنقید کی ہے کہ امریکا کو اس تنازع میں براہ راست شامل نہیں ہونا چاہئے عوامی سروے بھی یہ ظاہر کرتے ہیں کہ امریکی عوام کی بڑی تعداد اس جنگ کی حمایت نہیں کرتی۔ یہ تمام حالات اس بات کی نشاندہی کرتے ہیں کہ دنیا ایک خطرناک دوراہے پر کھڑی ہے جہاں کسی بھی غلط فیصلے کے نتیجے میں ایک وسیع عالمی بحران جنم لے سکتا ہے۔ ایسے میں عالمی برادری کی ذمہ داری ہے کہ وہ جنگ اور تصادم کے بجائے مذاکرات اور سفارت کاری کے ذریعے مسائل کا حل تلاش کرے۔ امن ہی وہ واحد راستہ ہے جس کے ذریعے خطے میں استحکام اور ترقی کو یقینی بنایا جا سکتا ہے۔ پاکستان ہمیشہ سے عالمی امن کا داعی رہا ہے اور اس نے ہر سطح پر مذاکرات اور مفاہمت کی حمایت کی ہے۔ موجودہ صورتحال میں بھی پاکستان کا موقف یہی ہونا چاہئے کہ تمام فریقین تحمل اور بردباری کا مظاہرہ کریں اور مسائل کے حل کے لئے سفارتی ذرائع کو ترجیح دیں۔ جنگ نہ صرف انسانی جانوں کا ضیاع کرتی ہے بلکہ معاشی ترقی کے تمام راستے بھی مسدود کر دیتی ہے۔ اگر اس جنگ کے ممکنہ اثرات پاکستان پر نظر ڈالیں تو یہ بات واضح ہے کہ خطے میں کشیدگی بڑھنے سے پاکستان کی معیشت بھی متاثر ہو سکتی ہے۔ سب سے بڑا خطرہ توانائی کے شعبے سے متعلق ہے کیونکہ اگر تیل کی قیمتوں میں غیر معمولی اضافہ ہوتا ہے تو اس کا براہ راست اثر پاکستان کی درآمدی لاگت پر پڑے گا۔ اس کے علاوہ عالمی تجارتی راستوں میں رکاوٹیں پیدا ہونے سے برآمدات اور درآمدات کا نظام بھی متاثر ہو سکتا ہے۔ تاہم ان تمام چیلنجز کے باوجود پاکستان کے لئے بعض مواقع بھی پیدا ہو سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر اگر خلیجی ممالک میں غذائی اشیاء کی قلت پیدا ہوتی ہے تو پاکستان اپنی زرعی پیداوار کے ذریعے اس خلا کو پر کر سکتا ہے۔ وزیر اعظم شہباز شریف کی قیادت میں حکومت نے زرعی شعبے کی صلاحیت کو بروئے کار لانے اور برآمدات بڑھانے کے لئے جو اقدامات کئے ہیں وہ قابل تحسین ہیں۔ اسی طرح خلیجی ممالک کے ساتھ معاشی تعاون کو فروغ دینا بھی پاکستان کے لئے انتہائی اہم ہے۔

مفاہمت کا ہاتھ



جمہوریت کا ارتقا

ایران کو تر نوالہ سمجھا گیا؟

پابندیوں میں حاصل آزادی

ایران جنگ: روس اور چین کیوں خاموش ہیں؟

بلوچستان کی ترقی اور محرومی کا بیانیہ

اگلے ہدف کی بازگشت

خضدار مہنگائی عروج پر عوام پریشان انتظامیہ نوٹس لیں

شہری مارکیٹ میں گوشت کی قیمتیں بڑھ گئیں، چھوٹا گوشت 2200، بڑا گوشت 1400، اونٹ کا گوشت 1500 روپے میں فروخت ہو رہا ہے

پرائس کنٹرول کمیٹیاں غائب، رمضان کے ابتدائی دنوں میں انتظامیہ نے ایک مرتبہ کارروائی کی مگر بعد میں مکمل چیکنگ یا نگرانی نہ ہونے کے برابر

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار شہر میں مہنگائی کا جن بوتل سے باہر آگیا رمضان المبارک میں مسلسل شہر میں مہنگائی نے عوام کی کمر توڑ دی ہے۔ پرائس کنٹرول کمیٹی کی غائب ہونے کی وجہ سے منافع خور عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہا ہے شہر کی مارکیٹ میں گوشت کی قیمت دوگنی کر دی گئی چھوٹا گوشت 2200 روپے اور بڑا گوشت 1400 روپے اور اونٹ کا گوشت 1500 روپے میں بیچا جا رہا ہے کوئی انکے خلاف کارروائی کرنے والا نہیں ہے تفصیلات کے مطابق خضدار شہر میں مہنگائی دن بدن بڑھتا جا رہا ہے قصابوں کی من مانیاں جاری ہے خضدار میں رمضان المبارک کے ابتدا میں انتظامیہ ایک مرتبہ کارروائی تو کیا مگر اسکے بعد پورے رمضان میں چیکنگ نہیں کی گئی ہے مگر ابھی تک پرائس کنٹرول کمیٹی نظر نہیں آ رہی جس کی وجہ سے عوام سخت پریشان ہیں عوام کس کے پاس فریاد لیکر جائیں عوامی حلقوں نے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر نوٹس لیا جائے اور پرائس کنٹرول کمیٹی کو فعال کریں تاکہ عوام کو ریلیف مل سکے۔ عوامی حلقوں نے ڈپٹی کمشنر خضدار، اسسٹنٹ کمشنر خضدار و پرائس کنٹرول کمیٹی خضدار سے مطالبہ کیا ہے کہ شہر میں منافع خوروں کی مصنوعی مہنگائی کے خلاف فوری نوٹس لیکر انکے خلاف سخت کارروائی کی جائے اور عوام کو ریلیف فراہم کریں۔

بھاگ: ختم القرآن کی تقریب منعقدہ علما کرام کی شرکت

حاجی حفیظ اللہ مغیری کالونی کی مسجد خاتم النبیین میں روحانی تقریب ختم القرآن کا انعقاد ہوا

معروف عالم دین مولانا مفتی وقار احمد مغیری نے قرآن کی تعلیمات اور لیلۃ القدر پر خطاب کیا

بھاگ (یو این اے) رمضان المبارک کے آخری عشرے کی برکات سمیٹنے کے لیے عبادات اور ریاضت کا سلسلہ عروج پر ہے، جس میں نماز تراویح میں تکمیل قرآن، محافل نعت اور شب بیداری شامل ہیں۔ اسی سلسلے میں حاجی حفیظ اللہ مغیری کالونی کی مسجد خاتم النبیین میں ایک پروقار اور روحانی تقریب ختم القرآن الکریم کا انعقاد کیا گیا، جس میں علما کرام، حفاظ کرام، علاقائی معززین اور شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب کے مہمان خصوصی معروف عالم دین مولانا مفتی وقار احمد مغیری تھے، جنہوں نے قرآن مجید کی تعلیمات پر عمل کرنے، ماہ صیام کی اہمیت اور لیلۃ القدر کے فضائل پر نہایت مؤثر اور مدلل خطاب کیا۔ تقریب میں مفتی قدرت اللہ حقیقہ، حاجی حفیظ اللہ مغیری، محمد افضل بزدار اور دیگر حفاظ کرام شریک ہوئے۔ اس موقع پر مولانا حزب اللہ کی پرسوز حمد و نعت نے محفل کے ماحول کو ایمان افروز بنا دیا۔ تقریب کے اختتام پر ملک و ملت کی سلامتی، امت مسلمہ کے اتحاد، علاقائی امن و خوشحالی اور خصوصاً بارش و سیرابی کے لیے خصوصی دعائیں مانگی گئیں۔ شرکا نے اس روحانی محفل کو انتہائی متاثر کن قرار دیتے ہوئے ایسے بابرکت پروگراموں کے تسلسل کی امید ظاہر کی۔

ڈیرہ بگٹی، انسپکٹر جنرل آف پولیس کا شہداء کے گھروں کا دورہ

ضیاء الحق مندوخیل نے اہل خانہ سے ملاقات کر کے نقد رقم اور عیدی تقسیم کی

بچوں کے لیے کپڑے، عید گفٹ اور مٹھائیاں بھی فراہم کی گئیں

ڈیرہ بگٹی (اے این این) انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان محمد طاہر کی ہدایات پر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس ڈیرہ بگٹی نے شہداء پولیس کے اہل خانہ سے ملاقات کی اور ان کے گھروں کا دورہ کیا۔ اس موقع پر شہداء کے ورثاء میں نقد رقم، عیدی، بچوں کے لیے کپڑے، عید گفٹ اور مٹھائیاں تقسیم کی گئیں۔ ایس پی ڈیرہ بگٹی نے شہداء کے بچوں کے ساتھ خصوصی اقدام کو سراہتے ہوئے شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر ڈی ایس پی سرکل سوئی اور دیگر پولیس افسران بھی موجود تھے، جنہوں نے شہداء کے خاندانوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کیا۔ ایس پی ڈیرہ بگٹی ضیاء الحق مندوخیل نے کہا کہ شہداء پولیس کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی اور پولیس فورس ہر مشکل گھڑی میں شہداء کے خاندانوں کے ساتھ کھڑی ہے۔

قلعہ سیف اللہ، تیز ہواؤں اور گرد آلود طوفان سے معمولات زندگی معطل

شدید ہواؤں کے باعث شہری گھروں تک محدود، گھروں سے باہر نکلنا دشوار

قلعہ سیف اللہ (یو این اے) قلعہ سیف اللہ اور گرد و نواح میں تیز ہواؤں اور مٹی کے طوفان نے معمولات زندگی کو بری طرح متاثر کر رکھا ہے۔ تیز گرد آلود ہواؤں کے باعث شہر کی سڑکیں ویران ہو گئی ہیں اور شہری مجبوراً گھروں میں محصور ہو کر رہ گئے ہیں۔ محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے عین مطابق، علاقے میں چلنے والی طوفانی ہواؤں کی وجہ سے کاروبار اور آمد و رفت کا سلسلہ بھی معطل ہو کر رہ گیا ہے۔ گرد کے بادل چھائے رہنے کی وجہ سے حد نگاہ کم ہونے سے شہریوں کو گھروں سے باہر نکلنے میں شدید مشکلات کا سامنا ہے۔

نوشکی عید کی آمد بلوچی چپل کی خریداری عروج پر

شہری عید کی تیاریوں میں مصروف، روایتی لباس کے ساتھ بلوچی چپل پہننا اپنی ثقافتی روایت کے طور پر لازمی سمجھتے ہیں

مارکیٹ میں مختلف ڈیزائن جیسے شکاری، جھالاوان کٹ، پازاوار اور مینگل کٹ کی قیمت دو ہزار سے سات ہزار روپے تک ہے

عید کے قریب چپل کی مانگ میں اضافہ ہوا، کاریگر مانگ کو پورا کرنے کیلئے کام کر رہے ہیں، جس کی وجہ سے مارکیٹ میں رونق بڑھ گئی ہے، دکاندار

نوشکی (یو این اے) عید الفطر قریب آتے ہی نوشکی کے بازاروں میں رونقیں بڑھ گئی ہیں اور شہری عید کی تیاریوں میں مصروف ہیں۔ اس موقع پر روایتی بلوچی چپل کی خریداری میں خاصا اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے کیونکہ شہری اپنے روایتی لباس کے ساتھ بلوچی چپل کو پہننا لازمی سمجھتے ہیں۔ بلوچی چپل اپنی منفرد بناوٹ اور خوبصورت ڈیزائن کی وجہ سے ایک خاص مقام رکھتی ہے۔ دکانداروں کا کہنا ہے کہ عید کے پیش نظر چپل کی مانگ میں نمایاں اضافہ ہوا ہے، جس کے باعث کاریگروں نے کام تیز کر دیا ہے۔ مارکیٹ میں بلوچی چپل کی قیمت ڈھائی ہزار روپے سے شروع ہو کر سات ہزار روپے تک پہنچ رہی ہے۔ خریداروں میں "جھالاوان کٹ"، "پٹے وری"، "پازاوار" اور "مینگل کٹ" جیسے مختلف ڈیزائن بے حد مقبول ہیں۔

اوستہ محمد: ایس پی حافظ معاذ الرحمٰن نے تھانہ گنداخہ کا دورہ کیا

تھانے کے شعبوں اور انتظامی امور کا جائزہ لیتے ہوئے تفصیلی بریفنگ حاصل کی

پولیس اہلکاروں کو جرائم کے خاتمے اور ملزمان کی گرفتاری کو یقینی بنانے کی ہدایت دی گئی

اوستہ محمد (آئی این پی) ایس پی اوستہ محمد حافظ معاذ الرحمٰن نے پولیس تھانہ گنداخہ کا دورہ کیا جہاں انہوں نے تھانے کے مختلف شعبوں اور انتظامی امور کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے پولیس افسران اور اہلکاروں سے ملاقات کی اور تھانے کی کارکردگی کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ بھی حاصل کی۔ ایس پی اوستہ محمد نے افسران اور جوانوں کو ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ جرائم کے خاتمے، اشتہاری اور روپوش ملزمان کی گرفتاری اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ پولیس اہلکار اپنے پیشہ ورانہ فرائض دیانت داری اور ذمہ داری کے ساتھ انجام دیں اور عوام کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آئیں۔ انہوں نے مزید ہدایت کی کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں کو مزید مؤثر بنایا جائے اور تھانے کی کارکردگی کو بہتر بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ ایس پی اوستہ محمد نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ڈسٹرکٹ پولیس اوستہ محمد میں امن و امان کے قیام اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی تاکہ شہریوں کو محفوظ ماحول فراہم کیا جا سکے۔

تربت، وی سی پروفیسر ڈاکٹر گل حسن کا طارق مسعود کی والدہ کے انتقال پر تعزیت کا اظہار

تربت (آن لائن) یونیورسٹی آف تربت کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن اور پوری یونیورسٹی کمیونٹی نے تربت پریس کلب کے سابق صدر، معروف صحافی و قلمکار اور "میری آواز" کے سربراہ طارق مسعود کی والدہ ماجدہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ترجمان تربت یونیورسٹی کے مطابق وائس چانسلر نے اس دکھ کی گھڑی میں سینئر صحافی طارق مسعود سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پوری یونیورسٹی برادری اس غم میں سوگوار خاندان کے ساتھ برابر کی شریک ہے۔ وائس چانسلر نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت فرمائے، جنت میں ان کے درجات بلند کرے اور پسماندگان کو صبر جمیل کے ساتھ یہ صدمہ برداشت کرنے کی ہمت و طاقت عطا کرے۔ آمین

والبندین: خواتین نے قدیر خان پر الزامات مسترد کیے

BISP سے مستفید خواتین نے سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی خبروں کو محض غلط فہمی قرار دیا

NOTICE INVITING TENDER

The Executive Engineer Public Health Engineering Division Duki invites sealed tender Forms (as per Schedule B) on the Composite Schedule of Rates 2023 Government of Baluchistan from interested firms/Govt. Contractors for following works.

S.No	Name of Work	Qty.	E/Cost
1.	SOLARIZATION OF WATER SUPPLY SCHEME KILLI AKBAR TAREEN IN DISTRICT DUKI. **SDI/PSDP No.** SDI **TSE-252603998303**	1-Job	2.6216 M
2	SOLARIZATION OF WATER SUPPLY SCHEME KILLI HABIB QILLA IN DISTRICT DUKI. **SDI/PSDP No.** SDI **TSE- 252603998353**	1-Job	2.6216 M
3	SOLARIZATION OF WATER SUPPLY SCHEME LABOUR COLONY IN DISTRICT DUKI. **SDI/PSDP No.** SDI **TSE-252603998433**	1-Job	2.6216 M
4.	SOLARIZATION OF WATER SUPPLY SCHEME KILLI MUSA KHAN TAREEN IN DISTRICT DUKI. **SDI/PSDP No.** SDI **TSE- 252603998623**	1-Job	2.6216 M
5.	SOLARIZATION OF WATER SUPPLY SCHEME YARO SHAHER, KHALA WAZEER IN DISTRICT DUKI. **SDI/PSDP No.** SDI **TSE- 252603998923**	1-Job	2.6216 M
6.	WATER SUPPLY SCHEME KILLI AFTAB SHEIKH IBRAHIM ZIARAT IN DISTRICT DUKI. **SDI/PSDP No.** SDI **TSE-252603998983**	1-Job	5.2999 M
7.	WATER SUPPLY SCHEME COLLEGE MOHALLAH IN DISTRICT DUKI. **SDI/PSDP No.** SDI **TSE-252603998993**	1-Job	3.2257 M
8	WATER SUPPLY SCHEME IMAM BARGAH IN DISTRICT DUKI. **SDI/PSDP No.** SDI **TSE-252603999053**	1-Job	3.5961 M
9.	WATER SUPPLY SCHEME KILLI MUHAMMAD FAROOQ IN DISTRICT DUKI. **SDI/PSDP No.** SDI **TSE-252603999103**	1-Job	5.61001 M
10.	WATER SUPPLY SCHEME MOLVI ABDULLAH KHAROTI IN DISTRICT DUKI. **SDI/PSDP No.** SDI **TSE-252603999153**	1-Job	5.3922 M
11.	WATER SUPPLY SCHEME YOUTH COMPLEX IN DISTRICT DUKI. **SDI/PSDP No.** SDI **TSE-252603999253**	1-Job	5.7137 M
12.	SUPPLY OF PE PIPE LINE FOR VARIOUS WATER SUPPLY SCHEMES IN DISTRICT Duki **SDI/PSDP No.** SDI **TSE-252603999323**	1-Job	1.7396 M
13.	DRILLING AND DEVELOPMENT OF SOLAR POWERED BORE IN KILLI ALAM ZARKOON IN DISTRICT DUKI. **SDI/PSDP No.** Z2025-2593 **TSE-252603999363**	1-Job	13.6778 M
14.	SUPPLY OF PE PIPE LINE FOR DRILLING AND DEVELOPMENT OF SOLAR POWERED BORE IN KILLI ALAM ZARKOON IN DISTRICT DUKI. **SDI/PSDP No.** Z2025-2593 **TSE-252603999403**	1-Job	1.1724 M

The Procurement shall be carried out in accordance with Baluchistan Public Procurement Regulatory Authority rules, 2014, **TENDER FEE FOR EACH BIDS:** 1000/- to be deposited in head of account C-02726-02 through Bank challan in NBP Zhob Branch. **BID SECURITY** : 02% of Estimated Cost of each Bid **BASIC ELIGIBILITY:** i. Firms (Single Entity) having valid registration with Pakistan Engineering Council (PEC) in Relevant Category and relevant discipline including five years work experiences & Bank Statement (Turnover).ii. Valid Registration with Income Tax/ Sales Tax Department NTN, & BRA active on ATL & online verifiable.iii. Authorized Representatives of company will only be allowed, having a specific Authorization letter for the Schemes mentioned above. (The Authorization letter/ deed must be provided on Non- Judicial Stamp Paper Valuing Rs. 100, duly attested by first class Magistrate).iv. Work Order of similar Nature (water supply works) equal to 80 % total bid cost amount of bid completed with completion certificate in last 03 years is required and The work order should be online verifiable.v. Detail Financial Soundness with required Turn Over given as per criteria specified in the Bidding Documents.vi. Under taking on judicial stamp paper that the firm has never been black listed by any Government / Semi Government Organization.vii. All the terms and conditions specified / mentioned in the bidding documents will be applicable on the whole Bidding process. viii. Pipe Manufactures/ firms must have certificate of Pakistan Standard and Quality Control Authority & ISO Quality certificate for the last 02 years.ix .Pipe Manufactures/ firms must have GST.x. Authorized sales distributor certificate for solarization.xi, All pages of financial as well technical bids must be signed, stamped & marked from 1st to last page.xii. Detail Financial Soundness with required Turn Over given as per criteria specified in the Bidding Documents.xiii. Affidavit of correctness of information provided by bidder on Non- Judicial Stamp Paper Rs: 100 is mandatory.xix. The detail Technical Criteria is attached in bidding documents. **METHOD OF PROCUREMENT: Single Stage-Two Envelope Procedure. BIDDING/TENDER DOCUMENTS: ISSUANCE: The eligible Firms can obtain the bidding Documents by downloading from website of BPPRA, from the date of publication of this invitation in newspapers till 31st March 2026, at 123:00 AM. The Firms who obtain Bidding Documents by downloading from BPPRA website will also be required to produce Deposited green challan form of above mentioned fee. Earnest Money as mentioned above should be submitted in the form of Call Deposit from a scheduled Bank. Dead line of Submission:** The bidding Documents duly filled and attached with copiesOf supporting documents must be delivered in sealed envelopes by hand to the address Mentioned below on or before 31st **March** 2026, at 12:00 AM. **Opening: The bid will be opened on 31st March** 2026, **at 1:00 PM. Place submission will be:-** Address: Executive Engineer Public Health Engineering Division Duki Telephone Number: E-mail address: Bid Validity Period: Ninety (90) Days.

PRQ No.4178/15-03-2026

Executive Engineer,
Public Health Engineering,
Division Duki

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

روزنامہ مشرق — اسپورٹس

تیسرے ون ڈے میں بنگلہ دیش نے پاکستان کو شکست دے کر سیریز 2-1 سے جیت لی

آخری اور فیصلہ کن میچ میں بنگلہ دیش نے پاکستان کو جیت کے لئے 291 رنز کا ہدف دیا، جواب میں قومی ٹیم ہدف حاصل کرنے میں ناکام رہی

سلمان آغا کی سنچری کام نہ آسکی، پاکستان کے خلاف تنزید حسن کے 107 رنز، لٹن داس نے 41، سیف حسن نے 36، شانتو نے 27 رنز بنائے

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) تین ون ڈے میچز کی سیریز کے آخری اور فیصلہ کن میچ میں بنگلہ دیش نے پاکستان کو 11 رنز سے ہرا کر سیریز 1-2 سے جیت لی۔ میرپور میں کھیلے گئے تین ون ڈے میچز کی سیریز کے آخری اور فیصلہ کن میچ میں پاکستان نے بنگلہ دیش کے خلاف ٹاس جیت کر فیلڈنگ کا فیصلہ کیا تھا۔ بنگلہ دیش نے پاکستان کو جیت کے لیے 291 رنز کا ہدف دیا تھا جس کے جواب میں قومی ٹیم آخری گیند پر 279 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ میزبان ٹیم نے پہلے کھیلتے ہوئے مقررہ 50 اوورز میں 5 وکٹوں پر 290 رنز بنائے۔ بنگلہ دیش کے تنزید حسن نے 107 رنز کی اننگز کھیلی جبکہ لٹن داس نے 41، سیف حسن نے 36 اور نجم الحسن شانتو نے 27 رنز بنائے، توحید ہریدوئے نے 44 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیلی۔ پاکستان کی جانب سے حارث رؤف نے 3 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا، جبکہ شاہین آفریدی اور ابرار احمد نے ایک ایک وکٹ لی۔ ہدف کے تعاقب میں پاکستانی ٹیم آغاز سے ہی مشکلات کا شکار رہی تاہم سلمان آغا کی شاندار سنچری کی بدولت ٹیم فتح کے قریب تو آئی تاہم اس میں کامیابی نہ مل سکی۔ پاکستانی ٹیم 291 رنز ہدف کے تعاقب میں آخری گیند پر 279 رنز بنا کر آؤٹ ہوئی۔ سلمان علی آغا نے 106 رنز کی اننگز کھیلی، انہوں نے اپنی اننگ میں 9 چوکے اور 4 چھکے لگائے۔ ان کے علاوہ سعد مسعود نے 38، شاہین آفریدی نے 37 اور عبدالصمد نے 34 رنز بنائے۔ بنگلہ دیش کی جانب سے تسکین احمد نے چار، مستفیض الرحمان نے تین اور ناہید رانا نے دو کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ خیال رہے کہ دونوں ملکوں کے درمیان کھیلی گئی ون ڈے سیریز میں بنگلہ دیش کو 11 برس بعد کامیابی ملی ہے۔ بنگلہ دیش کے خلاف تیسرے ون ڈے کے لیے پاکستان ٹیم میں صاحبزادہ فرحان، معاذ صداقت، غازی غوری، محمد رضوان، سلمان آغا، عبدالصمد، سعد مسعود، فہیم اشرف، شاہین آفریدی، حارث رؤف اور ابرار احمد شامل تھے۔ واضح رہے کہ پاکستان کرکٹ ٹیم نے 3 میچز کی سیریز کے دوسرے ون ڈے میں بنگلہ دیش کو ڈک ورتھ لوئیس میتھڈ کے تحت 128 رنز سے شکست دی تھی، جب کہ پہلے ون ڈے میں بنگلہ دیش نے کامیابی حاصل کی تھی۔

پاکستان کرکٹ سرفراز احمد کے احسانات کی ہمیشہ مقروض رہے گی، محسن نقوی

انٹرنیشنل کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کے اعلان کے بعد سابق کپتان کی چیئرمین پی سی بی سے ملاقات، محسن نقوی نے سرفراز کو خدمات کے اعتراف میں اعزازی شیلڈ دی

سرفراز احمد نے پاکستان کرکٹ کو کامیابیوں سے سرفراز کیا، پاکستان ٹیم سرفراز احمد کے تجربے اور صلاحیتوں سے استفادہ جاری رکھے گی، چیئرمین پی سی بی کی بات چیت

کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کے چیئرمین محسن نقوی سے قومی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان سرفراز احمد نے لاہور میں ملاقات کی، چیئرمین پی سی بی نے پاکستان کرکٹ کیلئے سرفراز احمد کی گراں قدر خدمات کو سراہا۔ ملاقات کے دوران محسن نقوی نے سرفراز احمد کو انٹرنیشنل کرکٹ سے ریٹائرمنٹ پر اعزازی شیلڈ پیش کی اور ان کے مستقبل کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ اس موقع پر چیئرمین پی سی بی محسن نقوی کا کہنا تھا کہ پاکستان کرکٹ ہمیشہ سرفراز احمد کے احسانات کی مقروض رہے گی۔ انٹرنیشنل کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کے اعلان کے بعد سابق کپتان سرفراز احمد اور چیئرمین پی سی بی محسن نقوی کے درمیان پی سی بی ہیڈکوارٹر میں ملاقات ہوئی۔ ملاقات میں محسن نقوی نے پاکستان کرکٹ کے لئے سرفراز احمد کی گراں قدر خدمات کو سراہا اور سرفراز احمد کو انٹرنیشنل کرکٹ سے ریٹائرمنٹ پر اعزازی شیلڈ دی۔ محسن نقوی نے سرفراز احمد کے مستقبل کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سرفراز احمد نے کرکٹ میں پاکستان کی نمائندگی کا حق ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرفراز احمد نے پاکستان کرکٹ کو کامیابیوں سے سرفراز کیا ہے۔ پاکستان کرکٹ ہمیشہ ان کے احسانات کی مقروض رہے گی اور ان کے تجربے اور صلاحیتوں سے استفادہ جاری رکھے گی۔

زیر زمین میراتھون، رنرز نے گہرائی میں دوڑ کر تاریخ رقم کر دی

18 ممالک سے تعلق رکھنے والے 55 رنرز نے زیر زمین ریس میں حصہ لیا

گارمبرگ (آن لائن) دوڑنے والوں کے ایک گروپ نے زیر زمین 3000 فٹ سے بھی زیادہ گہرائی میں ایک باضابطہ ریس منعقد کی اور دنیا کی سب سے گہرے مقام پر میراتھن کا گنیز ورلڈ ریکارڈ اپنے نام کر لیا۔ یہ میراتھن سویڈن کی میونسپلٹی گارمبرگ میں منعقد ہوئی جس میں 18 ممالک سے تعلق رکھنے والے 55 رنرز نے حصہ لیا۔ ریس کا ٹریک زمین کے اندر 3669 فٹ اور 10 انچ کی گہرائی میں بنایا گیا تھا۔ گنیز ورلڈ ریکارڈز کے مطابق یہ گہرائی دنیا کے سب سے بلند آبشار اینجلز فالز اور برطانیہ کے سب سے بلند پہاڑ بین نیوس کی بلندی کے درمیان بنتی ہے۔ مقابلے کے دوران رنرز کو ہیڈ لیمپس پہننا لازمی تھا کیونکہ ریس مکمل طور پر زیر زمین تھی۔ میراتھن 11 چکروں (لیپس) پر مشتمل تھی اور اس کے ذریعے تقریباً 10 لاکھ ڈالر فلاحی کاموں کے لیے جمع کیے گئے۔ ایک رنر نے بتایا کہ ٹریک پر گرمی، نمی اور گرد سے متعلق بتایا۔ اس سے پہلے دنیا کی سب سے گہری میراتھن کا ریکارڈ کرسٹل مائن انڈر گراؤنڈ میراتھون کے پاس تھا، جو جرمنی میں سمندر کی سطح سے 1640 فٹ اور 5 انچ نیچے منعقد ہوئی تھی۔

پاکستان بمقابلہ بنگلہ دیش غازی غوری اور سعد مسعود کو محمد رضوان کیپ دے رہے ہیں

پی ایس ایل کے 11 ویں ایڈیشن کی ٹرافی کا ٹور جاری، شائقین کا جوش و خروش

ٹرافی حیدرآباد کے مختصر دورے کے بعد کراچی لائی گئی، تصاویر جاری کر دی گئیں

کراچی (آن لائن) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کے 11 ویں ایڈیشن کی ٹرافی کا ٹور جاری ہے، حیدرآباد کے مختصر دورے کے بعد ٹرافی پھر کراچی لائی گئی۔ کراچی میں ٹرافی کو لیاری، سی ویو اور میری ویدر ٹاور لے جایا گیا جہاں پر ٹرافی کا فوٹو شوٹ کیا گیا۔ پاکستان کرکٹ بورڈ نے سوشل میڈیا پر ٹرافی ٹور کی تصاویر جاری کر دی۔ ٹرافی کو پی ایس ایل انتھم کی ویڈیو شوٹ کے بعد دیگر شہروں میں بھی لے کر جایا جائے گا۔ واضح رہے کہ پی ایس ایل کے 11 ویں ایڈیشن کی چمچماتی ٹرافی کی رونمائی نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں ہوئی تھی۔ پاکستان سپر لیگ کا آغاز 26 مارچ سے ہوگا، ایونٹ کا فائنل 3 مئی کو کھیلا جائے گا، پہلی بار ٹورنامنٹ میں 8 ٹیمیں شرکت کر رہی ہیں۔

نیشنل سینئر پیڈل چیمپئن شپ کے لئے 5 رکنی ٹیکنیکل کمیٹی کے ناموں کا اعلان

ریحان الدین سربراہ ہوں گے، دیگر اراکین میں بابر منان، قدوسیہ رابعہ، محمد عثمان، خالد محمود شامل

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیڈل فیڈریشن نے نیشنل سینئر پیڈل چیمپئن شپ کے لئے 5 رکنی ٹیکنیکل کمیٹی کے ناموں کا اعلان کر دیا ہے۔ گزشتہ روز پاکستان پیڈل فیڈریشن کے چیف ایگزیکٹو آفیسر مدثر آرائیں نے 5 رکنی ٹیکنیکل کمیٹی کے ناموں کا اعلان کرتے ہوئے بتایا کہ ریحان الدین 5 رکنی ٹیکنیکل کمیٹی کے سربراہ ہوں گے دیگر اراکین میں بابر منان، قدوسیہ رابعہ، محمد عثمان اور خالد محمود شامل ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ 5 رکنی ٹیکنیکل کمیٹی کا اعلان پاکستان پیڈل فیڈریشن کے مجاز حکام کی منظوری کے بعد کیا گیا۔ یہ چیمپئن پاکستان پیڈل فیڈریشن کے زیر اہتمام، انٹرنیشنل پیڈل فیڈریشن اور ایشیاء پیڈل فیڈریشن کی زیر سرپرستی نیشنل سینئر پیڈل چیمپئن شپ آئندہ ماہ 10 سے 12 اپریل تک نیو میدان، کے ایم سی سپورٹس کمپلیکس کراچی میں کھیلی جائے گی۔ جس میں ملک بھر سے پاکستان پیڈل فیڈریشن کے ساتھ منسلک اداروں، صوبائی اور ریجنل ایسوسی ایشنز کے کھلاڑی حصہ لیں گے۔ چیمپئن شپ میں دو کیٹگری کے مقابلے رکھے گئے ہیں جن میں 35 پلس اور 45 کے مقابلے شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چیمپئن شپ میں دو کیٹگری کے مقابلے رکھے گئے ہیں جن میں 35 پلس اور 45 کے مقابلے شامل ہیں۔ چیمپئن شپ کے اختتام پر کامیابی حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کیے جائیں گے۔ چیمپئن شپ میں اچھی کارکردگی دکھانے والے کھلاڑیوں کو رواں سال کھیلے جانے والے ورلڈ کپ کے لیے منتخب کیا جائے گا۔

شی مینو تین وکٹیں حاصل کرنے پر ساتھی کھلاڑی سے داد وصول کر رہی ہیں

نیدرلینڈز میں سنہری مچھلی نے کار چلا کر عالمی ریکارڈ بنا دیا

ایمسٹرڈیم (آئی این پی) نیدرلینڈز کے انجینئر تھامس ڈی وولف نے اپنی پالتو سنہری مچھلی بلب کے لیے ایک خاص کار تیار کر لی، جسے مچھلی نے ایک منٹ میں 40 فٹ سے زیادہ فاصلے تک چلا کر نیا عالمی ریکارڈ قائم کر دیا۔ یہ کار چار پہیوں پر مشتمل ہے اور اس میں پانی کا ٹینک ڈرائیو سیٹ کے طور پر نصب ہے۔ مچھلی کی حرکات کو سینسرز کے ذریعے پڑھ کر گاڑی کو کنٹرول کیا جاتا ہے۔ اس حوالے سے تھامس نے کہا کہ اگرچہ مچھلی کی ڈرائیونگ عملی طور پر کارآمد نہیں، لیکن یہ ٹیکنالوجی مستقبل میں معذور افراد کے لیے بہت فائدہ مند ثابت ہو سکتی ہے۔ ریکارڈ کے مطابق بلب نے ایک منٹ میں 40 فٹ اور 3.46 انچ کا فاصلہ طے کیا، جو گنیز ورلڈ ریکارڈز میں درج ہو گیا۔

آپ کی قیادت میں کھیلنا واقعی ایک اعزاز تھا، بابر اعظم کا سرفراز کو خراج تحسین

سیفی بھائی، آپ کی رہنمائی اور یادگار لمحات کا شکریہ، سٹار بیٹر کا سوشل میڈیا پر پیغام

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے اسٹار بیٹر بابر اعظم نے چیمپئنز ٹرافی 2017 کے فاتح کپتان سرفراز احمد کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر سرفراز احمد کی ریٹائرمنٹ کے اعلان کے بعد جاری اپنے پیغام میں بابر اعظم نے کہا کہ سیفی بھائی، آپ کی قیادت میں کھیلنا واقعی ایک اعزاز تھا۔ بابر اعظم نے کہا کہ آپ کی رہنمائی اور یقین کے ساتھ ساتھ پاکستان کرکٹ کو دیے گئے آپ کے یادگار لمحات کا شکریہ، آپ کی نئی زندگی کے اس مرحلے کے لیے کامیابی اور سکون کی دعا کرتا ہوں۔ خیال رہے کہ پاکستان کے سابق کپتان سرفراز احمد نے انٹرنیشنل کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کیا ہے

ون ڈے وکٹوں کی سنچری، حارث رؤف نے اہم اعزاز اپنے نام کر لیا

حارث نے یہ اعزاز بنگلہ دیش سے سیریز کے دوسرے ون ڈے میں حاصل کیا

اسلام آباد (آن لائن) قومی ٹیم کے مایہ ناز باؤلر حارث رؤف ون ڈے انٹرنیشنل کرکٹ میں وکٹوں کی سنچری مکمل کرنے والے تیسرے تیز ترین پاکستانی بولر بن گئے۔ انھوں نے یہ اعزاز گزشتہ دنوں بنگلہ دیش سے سیریز کے دوسرے ون ڈے میں حاصل کیا، یہ حارث کے کیریئر کا 55 واں ون ڈے انٹرنیشنل تھا۔ حارث رؤف نے 4.3 اوورز میں 23 رنز دے کر 3 وکٹیں لیں جبکہ موجودہ کپتان شاہین آفریدی یہ کارنامہ سب سے کم 51 میچز میں سرانجام دے چکے ہیں۔ واضح رہے کہ ثقلین مشتاق 53 میچز میں وکٹوں کی سنچری مکمل کر کے دوسرے نمبر پر ہیں۔

تیسرا ون ڈے، پاکستان ٹیم کے بیٹنگ کوچ بھی بطور فیلڈر میدان میں اترے

کھلاڑیوں کے زخمی ہونے کے سبب حنیف ملک نے متبادل فیلڈر کی ذمہ داری ادا کی

کراچی (آن لائن) بنگلہ دیش کے خلاف ون ڈے انٹرنیشنل سیریز کے تیسرے اور آخری میچ میں پاکستان کرکٹ ٹیم کے بیٹنگ کوچ حنیف ملک بھی بطور فیلڈر میدان میں اتر آئے۔ ڈھاکا کے شیر بنگال اسٹیڈیم میں ہونے والے میچ میں مہمان اسکواڈ کے کھلاڑیوں کے زخمی ہونے اور بیماری کے سبب حنیف ملک نے متبادل فیلڈر کی حیثیت سے ذمہ داری ادا کی۔ واضح رہے کہ یہ پہلا موقع نہیں کہ کسی ٹیم کے سپورٹ اسٹاف اور نان پلیئنگ ممبر نے متبادل فیلڈر کا کردار ادا کیا ہو۔ قبل ازیں 2005 میں ایشز سیریز کے دوران انگلینڈ کے گیری پریٹ متبادل فیلڈر کی حیثیت سے میدان میں اترے اور رکی پونٹنگ کو آؤٹ بھی کیا تھا۔ حنیف ملک کا بنگلہ دیش کے خلاف میچ میں میدان میں متبادل فیلڈر کی حیثیت سے آنا دلچسپی سے خالی نہ تھا۔

کراچی، رمضان ہاکی لیگ کی فاتح ٹیم کا مہمان خصوصی خواجہ اظہار الحسن و دیگر کے ہمراہ گروپ فوٹو

شامل حسین دورہ بنگلہ دیش کے دوران انجری کا شکار ہوگئے

شامل حسین کی گردن میں کھچاؤ آ گیا، میڈیکل ٹیم ان کا معائنہ کر رہی ہے، ترجمان

ڈھاکہ (آن لائن) پاکستان کرکٹ ٹیم کے کھلاڑی شامل حسین بھی انجرڈ ہوگئے۔ شامل حسین دورہ بنگلہ دیش کے دوران انجری کا شکار ہوگئے، ترجمان ٹیم نے کہا ہے کہ شامل حسین کی گردن میں کھچاؤ آ گیا اور میڈیکل ٹیم ان کا معائنہ کر رہی ہے میڈیا رپورٹس کے مطابق ترجمان پاکستان ٹیم کا کہنا ہے کہ حسین طلعت کے بعد شامل حسین بھی انجرڈ ہو گئے ہیں۔ شامل حسین گردن میں کھچاؤ کی وجہ سے آج کا میچ نہیں کھیلے۔ میڈیکل ٹیم ان کا معائنہ کر رہی ہے۔

اسلام آباد یونائیٹڈ اور ملتان سلطانز کے درمیان پلیئرز ٹریڈ مکمل ہوگئی

پی ایس ایل الیون میں وسیم ملتان سلطانز، سلمان اسلام آباد یونائیٹڈ کا حصہ بن گئے

لاہور (آن لائن) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کے 11 ویں ایڈیشن کیلئے ایک اور پلیئر ٹریڈ ہوگئی۔ اس مرتبہ اسلام آباد یونائیٹڈ اور ملتان سلطانز کے درمیان پلیئرز ٹریڈ مکمل ہوئی ہے جس کے تحت محمد وسیم جونیئر ملتان سلطانز جبکہ سلمان مرزا اسلام آباد یونائیٹڈ کا حصہ بن گئے۔ سلمان مرزا کے ساتھ نثار احمد بھی اسلام آباد یونائیٹڈ کا حصہ بن گئے ہیں۔

بی سی سی آئی جون میں افغانستان کرکٹ ٹیم کی میزبانی کرے گا

بھارتی ٹیم افغانستان کے ساتھ تین ون ڈے میچز دھرم شالہ، لکھنؤ اور چنائی میں کھیلے گی

نئی دہلی (این این آئی) بی سی سی آئی رواں سال جون میں افغانستان کرکٹ ٹیم کی میزبانی کرے گا۔ ... لکھنؤ اور چنائی میں کھیلے گی۔ یہ بھارت اور افغانستان کے درمیان پہلی دو طرفہ ون ڈے سیریز ...

باکسنگ چیمپئن شپ کے اختتام کے موقع پر پاکستان پروفیشنل باکسنگ ایسوسی ایشن کے فنانس سیکرٹری عبدالحمید کھلاڑی کو سند اور میڈل دے رہے ہیں

پرتھ: آسٹریلیا کی ساتھ کرکٹ کی ویمن کرکٹ ٹیم کی کھلاڑی گول کر رہی ہیں

پی این پولو کلب نے پانچویں پریذیڈنٹ آف پاکستان نیشنل پولو چیمپئن شپ جیت لی

بی این پولو کی طرف سے بابر نسیم اور ٹی ٹیوریز نے اپنی چاروں پنلٹی پر گول سکور کیے جبکہ ایف جی پولو کی طرف سے امین رحمان ایک گول مس کر گئے

اہم شخصیات، فیملیز اور تماشائیوں کی کثیر تعداد نے قومی چیمپئن شپ کا فائنل میچ دیکھا، میچ کے اختتام پر گورنر پنجاب نے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کیے

لاہور (اے پی پی) بی این پولو کلب نے پانچویں پریذیڈنٹ آف پاکستان پولو کلب نیشنل اوپن پولو چیمپئن شپ جیت لی۔ جناح پولو فیلڈز کے زیر اہتمام پانچواں پریذیڈنٹ آف پاکستان پولو کپ 2026 برائے نیشنل اوپن پولو چیمپئن شپ (فائنل) سپانسرڈ بائی سربز کو سپانسرڈ بائی نکلڈم کا فائنل پنلٹی شوٹس پر نسیم بی این پولو نے جیت لیا۔ تفصیلات کے مطابق جناح پولو فیلڈز میں سربز اور کنڈم ویلی کے تعاون سے منعقدہ نیشنل اوپن پولو چیمپئن شپ کا فائنل دیکھنے کیلئے تماشائیوں اور فیملیز کی بڑی تعداد موجود تھی۔ اس موقع پر مہمان خصوصی گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر تھے جبکہ سپانسرز فاطمہ گروپ کے ڈائریکٹر میاں عباس مختار، کنڈم ویلی کے ایم ڈی غلام بھی مرتضی، سیکرٹری کلب میجر عادل سلطان (ر) اور پولو لورز کھلاڑیوں کی بڑی تعداد موجود تھی۔ بی این پولو اور ایف جی پولو کے درمیان فائنل میچ شروع ہوا تو دوسرے چکر کے اختتام پر سکور 4-3 تھا کہ بارش انتہائی تیز ہوگئی اور گراؤنڈ گیلا ہونے کی وجہ سے میچ مزید نہ ہو سکا۔ تاہم ٹیموں کے درمیان پنلٹی شوٹ ہوا جس میں بی این پولو نے ایف جی پولو کو 4-3 سے ہرا دیا۔ بی این پولو کی طرف سے بابر نسیم اور ٹی ٹیوریز نے اپنی چاروں پنلٹی پر گول سکور کیے جبکہ ایف جی پولو کی طرف سے امین رحمان ایک گول مس کر گئے جس پر بی این پولو نے پانچواں پریذیڈنٹ آف پاکستان پولو کلب نیشنل اوپن پولو چیمپئن شپ جیت لیا۔ آخر میں گورنر پنجاب نے تمام کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کیے۔ لوکل کھلاڑیوں میں بہترین کھلاڑی کا ایوارڈ بابر نسیم، غیر ملکی کا ایوارڈ ٹی ٹیوریز کو، بہترین گھوڑی کا ایوارڈ بابر نسیم کی گھوڑی ڈولفیا سکو دیا گیا۔ میڈیم گول میں چار سے آٹھ گول میں بہترین کھلاڑی کا ایوارڈ ثاقب خان خاکوانی جبکہ موسٹ امپروڈ کھلاڑی امین رحمان، لو گول میں بہترین کھلاڑی کا ایوارڈ حمزہ مواز خان، موسٹ امپروڈ کھلاڑی میاں عباس مختار، 2-0 گول کیٹگری میں ایوارڈ عمر اشفاق، بہترین دو گول کھلاڑی کا ایوارڈ ابراہیم خلیل، دو سے چار گول میں امپروڈ کھلاڑی کا ایوارڈ رفیعہ میکائل صبیح، ایمرجنٹ ٹیلنٹ ایوارڈ دیان بٹ، سپرٹ آف پولو ایوارڈ صوفی محمد عامر اور لیڈی ایوارڈ مس رانیل حسین کو دیا گیا۔

سندھ پولیس نے نیوی اینڈ سی بی ایم مانورہ نائٹ فٹ بال ٹورنامنٹ جیت لیا

سندھ پولیس کے کھلاڑی وسیم کا گول فیصلہ کن ثابت ہوا، بی ایف بی کو شکست کا سامنا

کراچی (این این آئی) سندھ پولیس نے نیوی اینڈ سی بی ایم مانورہ نائٹ فٹ بال ٹورنامنٹ جیت لیا ہے۔ ٹورنامنٹ کا فائنل میچ سندھ پولیس اور بی ایف بی کلب کی ٹیموں کے درمیان کھیلا گیا جس میں سندھ پولیس فٹ بال ٹیم نے بی ایف بی کلب کو ایک سخت مقابلے کے بعد 0-1 گول سے شکست دے کر فائنل اپنے نام کر لیا۔ سندھ پولیس کی جانب سے ہیڈ کانسٹیبل وسیم نے گول کر کے اپنی ٹیم کو برتری دلائی اور بی ایف بی کلب کے کھلاڑیوں نے میچ برابر کرنے کی بھرپور کوشش کی لیکن ناکام رہے۔ چیئرمین سندھ پولیس سپورٹس بورڈ پیر محمد شاہ (ڈی آئی جی پولیس) اور ڈپٹی سیکرٹری سعید احمد آرائیں نے سندھ پولیس ٹیم کی کامیابی پر کھلاڑیوں کو مبارکباد دی ہے۔

ایشیا کپ 2027 کا افتتاحی و فائنل میچ ریاض کے کنگ فہد اسپورٹس سٹی اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا

ریاض (آن لائن) سعودی عرب میں ہونے والے فٹبال ایشیا کپ 2027 کے افتتاحی و اختتامی مقابلے کہاں ہوں گے، اس حوالے سے تفصیلات سامنے آگئیں۔ غیر ملکی میڈیا کی رپورٹس کے مطابق فیفا ورلڈ کپ 2034 سے قبل 3 مرتبہ کا ایشین چیمپئن سعودی عرب پہلی بار ایک اہم فٹبال ایونٹ کی 2027 میں میزبانی کر رہا ہے۔ گزشتہ روز حکام نے اعلان کیا کہ 7 جنوری سے 5 فروری تک جاری رہنے والے ایشیا کپ 2027 کا افتتاحی و فائنل میچ ریاض کے کنگ فہد اسپورٹس سٹی اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔ ایشین فٹبال کنفیڈریشن (اے ایف سی) نے جاری کردہ بیان میں کہا کہ کنگ فہد اسپورٹس سٹی اسٹیڈیم متوقع فائنل اور افتتاحی میچ دونوں کے لیے مرکزی مقام ہو گا۔ ریاض میں واقع 70 ہزار سے زائد نشستوں کی گنجائش رکھنے والا یہ اسٹیڈیم گروپ مرحلے کے 4 میچز، پری کوارٹر فائنل اور 1 کوارٹر فائنل کی میزبانی ...

عمران کرکٹ سٹیڈیم کے انکلوژر کو قومی کھلاڑیوں سے منسوب کرنے کی منظوری دے دی گئی

محکمہ کھیل کی جانب سے سمری صوبائی حکومت کو ارسال کر دی گئی ہے، ڈی جی کھیل تاشفین حیدر

پشاور (آن لائن) خیبر پختونخوا حکومت نے پشاور کے عمران خان کرکٹ اسٹیڈیم کے انکلوژرز کو 1992 کے عالمی کپ میں پاکستان کو تاریخی فتح دلانے والی قومی ٹیم کے کھلاڑیوں کے نام سے منسوب کرنے کی منظوری ... مختلف انکلوژرز کو قومی ٹیم کے کھلاڑیوں کے ناموں سے منسوب کرنے کا عمل شروع کیا جا رہا ہے۔ ڈائریکٹر جنرل کھیل تاشفین حیدر کے مطابق عمران خان کرکٹ اسٹیڈیم کے انکلوژرز کو 1992 کے عالمی کپ کی فاتح ٹیم کے کھلاڑیوں کے ...

ایرانی خواتین فٹبال ٹیم کی کھلاڑیوں نے آسٹریلیا میں پناہ کی درخواست واپس لے لی

پنجاب باڈی بلڈنگ ایسوسی ایشن کے نائب صدر راشد کی انتقال کر گئے

اسلام آباد (یو این پی) پنجاب باڈی بلڈنگ ایسوسی ایشن کے نائب صدر راشد کی گزشتہ روز ملتان میں انتقال کر گئے ہیں۔ مرحوم نیشنل فٹ بال ریفری محمد سجاد (گنو) کے پھوپھی زاد بھائی ...

بھارتی اداکارہ انتیا پانڈے کا ابرار احمد کے انتخاب پر سخت ردعمل، بائیکاٹ کا اعلان

ابرار احمد کا این او سی بھی خطرات میں گھر گیا، سوشل میڈیا صارفین کا اظہار ناراضگی

نئی دہلی (آن لائن) بھارتی اداکارہ انتیا پانڈے نے پاکستانی کرکٹر ابرار احمد کو کرکٹ لیگ دی ہنڈریڈ میں منتخب کیے جانے پر شدید ردعمل کا اظہار کیا ہے۔ سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی رپورٹس میں دعویٰ کیا جا رہا ہے کہ بھارتی اداکارہ انتیا پانڈے نے پاکستانی کرکٹر ابرار احمد کے انتخاب پر سخت ردعمل ظاہر کرتے ہوئے سن رائزرز حیدرآباد کے بائیکاٹ کا اعلان کرتے ہوئے مبینہ طور پر اپنا سم کارڈ بھی توڑ دیا۔ بھارتی سوشل میڈیا صارفین اور شائقین کی جانب سے اس پر سخت ناراضگی کا اظہار کیا جا رہا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق دی ہنڈریڈ لیگ 21 جولائی سے 16 اگست کے درمیان کھیلی جائے گی، دی ہنڈریڈ لیگ میں شرکت کے لیے ابرار احمد کو این او سی درکار ہوگا۔ قومی ذمہ داریوں کی وجہ سے ابرار احمد کو این او سی نہ ملنے کا امکان ہے۔ خیال رہے کہ ابرار احمد نے اپنا آخری ٹیسٹ جنوری 2025 میں ویسٹ انڈیز کے خلاف کھیلا تھا۔

گراس روٹ سطح پر کھیلوں کا انعقاد وقت کی اہم ضرورت ہے، حاجی نواب خان

معاشرتی برائیوں کے سدباب کے لئے کھیلوں کو فروغ دینا چاہئے، میڈیا سے بات چیت

سوات (این این آئی) الخدمت فاؤنڈیشن بریکوٹ سوات کے نائب صدر اور مانیار فٹ بال کلب کے صدر حاجی نواب خان نے کہا ہے کہ ملک میں تعلیمی اداروں میں گراس روٹ سطح پر کھیلوں کا انعقاد وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز بریکوٹ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ کھیل ہی تعلیمی اداروں کے طلباء و طالبات کو معاشرتی برائیوں سے روکنے میں اپنا کردار ادا کر سکتے ہیں اور حکومت کو بھی چاہئے کہ کھیلوں کے میدان آباد کرنے میں اپنا بھرپور کردار ادا کرے تاکہ ایک صحت مند معاشرہ تشکیل پا سکے۔ ایک سوال کے جواب میں حاجی نواب خان نے کہا کہ تعلیمی اداروں میں بھی منشیات کی لعنت کو روکنے کے لئے سخت سے سخت انتظامات کئے جائیں تاکہ اس قوم کے بچے، بچیاں اس منشیات کی لعنت سے بچ سکیں اور ان قوم کے بچوں نے ملک کی ترقی میں اپنا اہم کردار ادا کر رہے ہے۔

نیوزی لینڈ بمقابلہ جنوبی افریقہ وکٹ لینے پر خوشی کا اظہار کر رہی ہیں

سابق کپتان سرفراز احمد کا انٹرنیشنل کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان، کرکٹ کی خدمت جاری رکھنے کا عزم

سرفراز احمد نے 54 ٹیسٹ، 117 ون ڈے انٹرنیشنل اور 61 ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچز کھیلے، بین الاقوامی کیریئر کے دوران مجموعی طور پر 6 ہزار 164 رنز اسکور کیے

حکومت پاکستان نے قومی خدمات کے اعتراف میں انہیں 2018 میں پرائیڈ آف پرفارمنس سے نوازا، ہر ممکن طریقے سے کرکٹ کی خدمت کرتا رہوں گا، سابق کپتان

لاہور (اے پی پی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان سرفراز احمد نے انٹرنیشنل کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کر دیا ہے۔ سرفراز احمد نے اپنے کیریئر میں پاکستان کی نمائندگی کرتے ہوئے 54 ٹیسٹ، 117 ون ڈے انٹرنیشنل اور 61 ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچز کھیلے۔ وکٹ کیپر بیٹر سرفراز احمد نے اپنے بین الاقوامی کیریئر کے دوران مجموعی طور پر 6 ہزار 164 رنز اسکور کیے جبکہ وکٹوں کے پیچھے انہوں نے 315 کیچز اور 56 اسٹمپنگز کیں۔ انہوں نے پاکستان کی 100 انٹرنیشنل میچز میں قیادت بھی کی۔ ان کی قیادت میں پاکستان نے 2017 کی آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی اپنے نام کی جبکہ اسی دور میں پاکستان ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل کرکٹ میں عالمی نمبر ایک رینکنگ تک بھی پہنچا۔ سرفراز احمد پاکستان کے واحد کپتان ہیں جنہوں نے جونیئر اور سینئر دونوں سطح پر آئی سی سی ٹائٹل جیتے۔ حکومت پاکستان نے ان کی کرکٹ خدمات کے اعتراف میں انہیں 2018 میں پرائیڈ آف پرفارمنس سے نوازا تھا۔ اپنے بیان میں سرفراز احمد کا کہنا تھا کہ پاکستان کی نمائندگی کرنا ان کی زندگی کا سب سے بڑا اعزاز رہا۔ انہوں نے کہا کہ 2006 میں انڈر 19 ورلڈ کپ اور 2017 میں چیمپئنز ٹرافی جیتنا ان کے کیریئر کے یادگار ترین لمحات ہیں۔ انہوں نے ساتھی کھلاڑیوں، کوچز، اہل خانہ اور مداحوں کی حمایت پر دلی شکریہ ادا کیا۔ سابق کپتان نے کہا کہ پاکستان کی تینوں فارمیٹس میں قیادت کرنا ان کے لیے خواب کی تعبیر تھا، انہوں نے ہمیشہ نڈر کرکٹ کھیلنے اور ایک متحد ٹیم بنانے کی کوشش کی۔ ان کا کہنا تھا کہ بابر اعظم، فخر زمان، حسن علی، شاہین شاہ آفریدی اور شاداب خان جیسے میچ ونرز کو ابھرتے دیکھنا ان کے لیے باعث فخر رہا۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کرکٹ بورڈ کا اعتماد و حمایت ہمیشہ یاد اور پاکستان کرکٹ ہمیشہ ان کے دل کے قریب رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ وہ مستقبل میں بھی ہر ممکن طریقے سے اس کھیل کی خدمت کرتے رہیں گے۔

بھارت انگلینڈ کو آسان حریف نہ سمجھے، گلین میگراتھ

چنائی (این این آئی) دسواں آئی سی سی ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ اپنے فیصلہ کن مرحلے میں داخل ہو چکا ہے اور آسٹریلیا کے لیجنڈ فاسٹ باؤلر گلین میگراتھ نے پیش گوئی کی ہے کہ فائنل میں جنوبی افریقہ اور بھارت کا آمنا سامنا ہو سکتا ہے۔ ایم آر ایف پیس فاؤنڈیشن کے ڈائریکٹر آف کوچنگ میگراتھ نے چنائی میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ان کے خیال میں اس ٹورنامنٹ کی دو مضبوط ترین ٹیمیں جنوبی افریقہ اور بھارت ہیں۔ ان کے مطابق جنوبی افریقہ اب تک ایونٹ کی سب سے متوازن اور موثر ٹیم ثابت ہوئی ہے، تاہم بھارت کی ٹیم بھی غیر معمولی کارکردگی دکھانے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ گلین میگراتھ کا کہنا تھا کہ جنوبی افریقہ بیٹنگ اور باؤلنگ دونوں شعبوں میں مضبوط ہے اور ٹیم میں کوئی نمایاں کمزوری دکھائی نہیں دیتی۔ انہوں نے کہا کہ کچھ عرصہ قبل جنوبی افریقہ نے واضح کیا تھا کہ وہ ٹی ٹوئنٹی طرز کی کرکٹ پر خصوصی توجہ دے رہے ہیں، جس کے مثبت نتائج سامنے آ رہے ہیں۔ سیمی فائنل میں جنوبی افریقہ کا مقابلہ نیوزی لینڈ سے ہوگا۔ گلین میگراتھ کے مطابق نیوزی لینڈ کسی بھی ٹیم کو ٹف ٹائم دے سکتی ہے، لیکن جنوبی افریقہ کے خلاف اکثر اسے مشکلات کا سامنا رہتا ہے اور پروٹیز کو نفسیاتی برتری حاصل ہے۔ دوسری جانب انگلینڈ اور بھارت کے سیمی فائنل کے حوالے سے گلین میگراتھ نے خبردار کیا کہ بھارت کو انگلینڈ کو ہرگز آسان نہیں لینا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ انگلینڈ ایک خطرناک ٹیم ہے اور اگر وہ مکمل ہم آہنگی کے ساتھ کھیلے تو کسی بھی حریف ٹیم کو شکست دے سکتی ہے۔ میگراتھ نے نشاندہی کی کہ ورلڈ کپ میں انگلینڈ کی کارکردگی اتار چڑھاؤ کا شکار رہی ہے اور بعض میچوں میں اسے سخت مقابلہ کرنا پڑا، تاہم مشکل حالات میں کامیابی حاصل کرنا بھی ٹیم کے اعتماد میں اضافہ کر سکتا ہے

عمران خان کرکٹ سٹیڈیم میں لائٹس کا مسئلہ ہے اسے حل کیا جائے، امام الحق

کیچز وغیرہ ڈراپ ہو رہے ہیں، تمام ٹیموں کو فیلڈنگ پر توجہ دینا ہوگی، کپتان ملتان سلطانز

لاہور (آئی این پی) قومی ٹیم کے اوپنر بیٹر امام الحق نے کہا ہے کہ پشاور میں عمران خان کرکٹ سٹیڈیم میں لائٹس کا ایشو ہے۔ پی ایس ایل میں ملتان ٹیم کے کپتان امام الحق کا کہنا تھا کہ یہ بات تو کنفرم ہو چکی ہے کہ سب ٹیموں کو فیلڈنگ بہتر کرنی پڑے گی، اس کے علاوہ عمران خان کرکٹ سٹیڈیم میں لائٹس کا ایشو ہے، ان کا کہنا تھا کہ کیچز وغیرہ ڈراپ ہو رہے ہیں، تمام ٹیموں کو فیلڈنگ پر توجہ دینا ہوگی۔ پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) 11 کا ایونٹ 26 مارچ سے 3 مئی 2026 تک جاری رہے گا۔ اس بار سیزن میں ٹیموں کی تعداد 6 سے بڑھا کر 8 کر دی گئی ہے جب کہ دو نئے شہروں فیصل آباد اور پشاور کا بھی اضافہ کیا گیا جہاں پی ایس ایل کے میچز کھیلے جائیں گے۔

پاکستان میں ٹیلنٹ نہیں اگر ہے تو وہ ضائع ہو رہا ہے، سہیل تنویر

صورتحال الارمنگ ہے کیونکہ ہمارا ٹیلنٹ نیچے کی طرف جا رہا ہے، انٹرویو

لاہور (این این آئی) پاکستان کے سابق فاسٹ بولر سہیل تنویر نے کہا ہے کہ پاکستان میں ٹیلنٹ نہیں اگر ہے تو وہ ضائع ہو رہا ہے۔ سابق فاسٹ بولر نے سہیل تنویر نے نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ شاداب خان کا میری کپتانی میں ڈیبیو ہوا، بابر بھی میرے ساتھ زیڈ ٹی بی ایل میں کھیل چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اب صورتحال الارمنگ ہے کیونکہ ہمارا ٹیلنٹ نیچے کی طرف جا رہا ہے۔ سہیل تنویر نے کہا کہ جب ہم نے ڈومیسٹک اسٹرکچر تبدیل کر کے چھ ٹیموں پر کیا تھا تو آپ نے ڈومیسٹک کی پوری کریم تجربہ کار کو نکال دیا اور صرف نوجوان کھلاڑی رہ گئے تھے، انہیں کوئی گروم کرنے والا نہیں تھا۔ سابق فاسٹ بولر نے کہا کہ جب ہم نے اپنے کیریئر کی شروعات کی تھی تو بڑے نام دیکھے تھے جس میں ڈومیسٹک کے بھی تجربہ کار کھلاڑی شامل تھے اور ان سے ہم نے سیکھا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بابر اور شاداب لوگوں نے انگلا ایج تیار کرنا ہے لیکن ہمارا ٹیلنٹ نیچے جا رہا ہے اور اس کے نتائج آئی سی سی ایونٹس میں نظر آنا شروع ہو چکے ہیں۔

جنوبی افریقہ ایز کی گیز کی ابتدائی وکٹ لینے پر جشن منا رہی ہیں

فیفا ورلڈ کپ میں ایران کی حمایت پر جاپانی فٹبالر کا امریکی اشتہاری معاہدہ منسوخ

ایرانی ٹیم کی فٹبال ورلڈ کپ میں شرکت کی خواہش کا اظہار کرنے پر امریکی کمپنی نے جوابی اقدام اٹھایا، کمپنی کے فیصلے پر جاپانی سٹار فٹبالر کا اظہار مایوسی

فٹبال ورلڈ میں ایرانی ٹیم کی شرکت کے حوالے سے مباحث جاری ہیں میری خواہش ہے کہ ایرانی ٹیم ورلڈ کپ میں بہرحال اپنی شرکت یقینی بنائے، جاپانی فٹبالر

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) جاپان کے سابق فٹبالر کیسوکی ہونڈا نے کہا ہے کہ ایران کی ورلڈ کپ میں شرکت کی حمایت کرنے کے بعد ایک امریکی کمپنی نے میرے ساتھ طے پانے والا اشتہاری معاہدہ منسوخ کر دیا۔ رپورٹس کے مطابق جاپانی فٹبالر نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر ایک پیغام میں کہا تھا کہ میں جانتا ہوں کہ یہ بہت حساس معاملہ ہے لیکن میں ذاتی طور پر چاہتا ہوں کہ ایران کی قومی ٹیم ورلڈ کپ میں شرکت کرے۔ ان کے اس بیان کے بعد امریکی کمپنی نے ورلڈ کپ کے موقع پر اشتہاری مہم کا معاہدہ روک دیا۔ یہ اشتہار ورلڈ کپ کے دوران جاری ہونا تھا لیکن فٹبالر کے اس بیان کے بعد کمپنی نے اسے منسوخ کر دیا۔ سابق جاپانی اسٹار نے اس فیصلے پر مایوسی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بعض کمپنیاں اصل مسئلے کو سمجھے بغیر ایسے فیصلے کر لیتی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اصول اور نظریات کے بغیر کسی کے ساتھ کام جاری رکھنا ممکن نہیں۔ یاد رہے کہ ایران کی قومی فٹبال ٹیم کی فیفا ورلڈ کپ میں شرکت کے حوالے سے حالیہ دنوں میں بحث جاری ہے، جس کی وجہ خطے میں بڑھتی کشیدگی اور سیاسی حالات ہیں۔

بقیہ 1 غضب للحق

دلخراش واقعہ میں جاں بحق ہونے والے چاروں افراد آپس میں سگے بھائی تھے، جن کی شناخت ساجد، ایاز، ریاض اور معاذ کے نام سے ہوئی ہے۔ اس اچانک حملے میں ایک شخص شدید زخمی بھی ہوا ہے جسے فوری طور پر قریبی ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ دریں اثنا ایک نجی ٹی وی چینل کے صحافی نے دعویٰ کیا ہے کہ پاکستان کے حملوں میں طالبان کے امیر بھی نشانہ بنے ہیں اور انکی ہلاکت کی متضاد اطلاعات موصول ہو رہی ہیں

بقیہ 2 بارود کی بارش

میں ایرانی فوج کے بریگیڈیئر جنرل عبداللہ جلالی سمیت کم از کم 20 افراد کے شہید ہونے کی اطلاعات ہیں۔ ایران نے بھی حملے کی 51 ویں لہر کا آغاز کرتے ہوئے اسرائیل پر میزائلوں کی بارش کر دی۔ اسرائیلی شہر ہولون میں میزائل گرا، جس کے بعد مختلف علاقوں میں سائرن بجائے گئے۔ پاسداران انقلاب نے اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو کو ڈھونڈ کر قتل کرنے کی دھمکی دیدی۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق ایران کی پاسداران انقلاب نے اعلان کیا ہے کہ اس نے آپریشن وعدہ الصادق کے تحت حملوں کی نئی لہر شروع کر دی ہے۔ پاسداران انقلاب کے مطابق اس سلسلے کی 51 ویں کارروائی میں سعودی عرب کے شہر الخرج میں قائم امریکی فوجی اڈے کو میزائلوں سے نشانہ بنایا گیا، جہاں ایف تھرٹی فائیو اور ایف سکسٹین لڑاکا طیاروں کے تربیتی مراکز کو ہدف بنایا گیا۔ ایرانی حکام کے مطابق یہ حملہ شہید ابو القاسم بابائیان اور ان کی اہلیہ کی یاد میں کیا گیا۔ ایران نے دعویٰ کیا ہے کہ اس نے عراق اور کویت میں قائم امریکی فوجی اڈوں کو بھی نشانہ بنایا ہے۔ ایران پر ہونے والے اسرائیلی حملوں کے دوران ایک اور اعلیٰ فوجی کمانڈر شہید ہو گئے۔ ایرانی فوج نے خبر کی تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ اسرائیلی حملے میں بریگیڈیئر جنرل عبداللہ جلالی شہید ہو گئے ہیں۔ ایرانی فوجی حکام کا کہنا ہے کہ صیہونی ادارے کی جانب سے کیے گئے حملے کے بعد دشمن کے دفاع کے دوران بریگیڈیئر جنرل عبداللہ جلالی نے جام شہادت نوش کیا۔ حکام کے مطابق وہ دشمن کے حملے کے وقت دفاعی کارروائیوں کی قیادت کر رہے تھے۔ ایران کا کہنا ہے کہ جنگ کے آغاز کے بعد سے اب تک متعدد اعلیٰ فوجی کمانڈرز اور سکیورٹی افسران شہید ہو چکے ہیں، جن کی شہادت کی باضابطہ تصدیق بھی کی گئی ہے۔ حکام کے مطابق اسرائیلی حملوں کے باوجود ایران کی دفاعی صلاحیت اور جوابی کارروائیاں جاری ہیں۔ دوسری جانب ایران نے واضح کیا ہے کہ اپنے فوجی کمانڈروں کی شہادت کے باوجود دشمن کے خلاف مزاحمت جاری رکھی جائے گی اور ملکی دفاع میں کوئی کمی نہیں آنے دی جائے گی۔ ایرانی حکام کا کہنا ہے کہ امریکی اڈوں کیخلاف حملوں کی ایک اور لہر شروع کر دی ہے۔ پاسداران انقلاب کا کہنا ہے کہ یہ آپریشن متحدہ عرب امارات میں امریکی فوجی اڈوں کیخلاف کیا گیا ہے۔ جبکہ بحرین، کویت اور اردن میں امریکی بیس کو نشانہ بنایا گیا اور خطے میں موجود بیڑا ابراہم لنکن کو بھی نشانہ بنایا گیا۔ ادھر پاسداران انقلاب نے اسرائیلی وزیر اعظم بنیامین نیتن یاہو کو قتل کرنے کی دھمکی دی ہے۔ ایران کی نیم سرکاری مہر نیوز ایجنسی نے پاسداران انقلاب کا یہ بیان رپورٹ کیا ہے کہ وہ نیتن یاہو کو ڈھونڈ کر قتل کرنے کی کوشش جاری رکھیں گے۔ پاسداران انقلاب نے یہ دعویٰ بھی کیا ہے کہ اس کے حملوں کی 52 ویں لہر کے دوران خطے میں تین امریکی فوجی اڈے اور اسرائیل میں اہداف تباہ کر دیئے گئے ہیں۔ دوسری جانب اسرائیلی ڈیفنس فورسز (آئی ڈی ایف) نے کہا ہے کہ ایران نے اسرائیل کی طرف میزائل داغے ہیں۔ فوج کے مطابق دفاعی نظام فعال ہو چکے ہیں اور حملوں کو روک رہے ہیں عمان میں بھی سکیورٹی خدشات کے باعث امریکہ نے غیر ہنگامی نوعیت کی خدمات انجام دینے والے عملے کو ملک چھوڑنے کا حکم دیا۔ کویت نے اعلان کیا کہ اس کی نیشنل گارڈ نے 24 گھنٹوں میں ایران کے پانچ ڈرون مار گرائے۔ قطر نے ہفتہ و اتوار کی درمیانی رات دیر گئے ایک تازہ اپ ڈیٹ میں تفصیل بتائی کہ دن بھر ایران کی جانب سے کیے گئے میزائل اور ڈرون حملوں کو ناکام بنایا گیا۔ ایران کی پاسداران انقلاب نے اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو کے خلاف سخت بیان دیتے ہوئے کہا ہے کہ اگر وہ زندہ ہیں تو وہ ایران کے اہم اہداف میں شامل ہیں۔ ایرانی پاسداران نے نیتن یاہو کو بچوں کا قاتل قرار دیتے ہوئے کہا کہ انہیں ہر حال میں نشانہ بنایا جائے گا اور وہ ایرانی حملوں کا ہدف رہیں گے۔ اس سے قبل ایرانی میڈیا میں یہ دعویٰ بھی سامنے آیا تھا کہ حالیہ میزائل حملوں کے دوران نیتن یاہو مارے گئے ہیں۔ تاہم اسرائیلی وزیر اعظم کے دفتر نے ان خبروں کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ نیتن یاہو محفوظ ہیں اور ان کی ہلاکت سے متعلق خبریں بے بنیاد ہیں۔ یاد رہے کہ ایران اور اسرائیل کے درمیان جاری کشیدگی کے دوران دونوں ممالک کی جانب سے ایک دوسرے کے خلاف سخت بیانات اور فوجی کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، جس کے باعث پورے مشرق وسطیٰ میں صورتحال انتہائی کشیدہ ہو چکی ہے۔ شمال مغربی ایران میں 20 افراد کو اسرائیل کے لیے جاسوسی کے الزام میں گرفتار کر لیا گیا ہے۔ صوبہ مغربی آذربائیجان کے پراسیکیوٹر آفس کے بیان میں کہا گیا ہے کہ ان افراد کو اسرائیل کے ساتھ تعاون کی کوشش کے الزام میں حراست میں لیا گیا۔ بیان میں بتایا گیا کہ گرفتار افراد پر الزام ہے کہ انہوں نے ایران کے فوجی اور سکیورٹی تنصیبات کے مقامات کی تفصیلات اسرائیل کو فراہم کیں۔ ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای کو کوئی مسئلہ درپیش نہیں ہے۔ امریکی وزیر دفاع پیٹ ہیگستھ نے کہا تھا انہیں یقین ہے کہ ایرانی سپریم لیڈر کے جانشین اور ان کے بیٹے مجتبیٰ خامنہ ای جنگ کے شروع میں ہی زخمی ہو گئے تھے۔ وزیر خارجہ عباس عراقچی نے اس بارے میں کہا کہ سپریم لیڈر خیریت سے ہیں اور وہ اپنی ذمہ داریاں با احسن نبھائیں گے جیسا کہ انہوں نے پچھلے روز اپنا ایک بیان بھی جاری کیا ہے۔ متحدہ عرب امارات نے عراق کردستانی علاقے میں اس کے قونصل خانے پر دوسرے ایرانی حملے کی مذمت کی ہے۔ امارات کی طرف سے اس واقعے کی سخت مذمت کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ یہ ایک دہشت گردانہ ڈرون حملے کا نتیجہ ہے۔ جس میں متحدہ عرب امارات کے قونصل جنرل کو نشانہ بنانے کی کوشش کی گئی۔ دوسری بار اس قونصل خانے کو نشانہ بنایا گیا ہے۔ جس کے نتیجے میں قونصل خانے کے دو سکیورٹی اہلکار زخمی ہوئے ہیں اور بلڈنگ کو نقصان پہنچا ہے۔ اماراتی حکام کے بیان کے مطابق یہ کارروائی بین الاقوامی اقدار اور قانون کی خلاف ورزی ہے جو کشیدگی کے پھیلاؤ کا خطرہ بن رہی ہے۔ اس سے علاقے میں امن کے لیے مشکلات بڑھ رہی ہیں۔ اماراتی وزارت خارجہ نے عراقی حکومت اور کردستانی حکام سے تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے۔ تاکہ حملے کے ذمہ داروں کی نشاندہی ہو اور ان کو جواب دہ ٹھہرایا جا سکے۔ اسرائیلی وزارت صحت نے کہا ہے کہ ایران کے حملوں میں 24 گھنٹوں کے دوران 108 اسرائیلی زخمی ہوئے۔ اسرائیلی وزارت صحت کی جانب سے جاری بیان کے مطابق زخمیوں میں 2 سے کی حالت تشویشناک ہے، 96 کی حالت بہتر ہے، 9 اسرائیلی ایرانی حملوں کے باعث ذہنی پریشانی کا شکار ہوئے ہیں۔ اسرائیلی وزارت صحت نے کہا کہ 28 فروری کو ایران کے ساتھ جنگ کے آغاز سے اب تک 3,195 اسرائیلی زخمی ہوئے۔ ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ سپریم لیڈر زخمی

اسلام کو انتہا پسندی اور تشدد سے جوڑنا منظم سوچی سمجھی سازش ہے، سرفراز بگٹی

بلاول بھٹو زرداری نے عالمی فورمز پر اسلام کے حقیقی، معتدل اور پر امن تشخص کو اجاگر کرنے کیلئے جرات مندانہ آواز بلند کی

آزادی اظہار رائے کی آڑ میں کسی بھی مذہب کی توہین یا اس کے ماننے والوں کے جذبات کو مجروح کرنا اخلاقی اقدار کے منافی ہے

اسلاموفوبیا کے خلاف عالمی سطح پر شعور کی بیداری وقت کی اہم ترین ضرورت ہے' معاون وزیر اعلیٰ بلوچستان سیاسی و میڈیا امور

کوئٹہ (خ ن) معاون وزیر اعلیٰ بلوچستان برائے سیاسی و میڈیا امور شاہد رند نے اسلاموفوبیا کے تدارک کے عالمی دن کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ اسلام امن، رواداری، برداشت اور بھائی چارے کا مذہب ہے جو انسانیت کو باہمی احترام، انصاف اور ہم آہنگی کا درس دیتا ہے انہوں نے کہا کہ اسلام کو انتہا پسندی اور تشدد سے جوڑنا نہ صرف حقیقت کے منافی ہے بلکہ یہ ایک......... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ صوبائی وزیر بخت محمد کاکڑ کے چچا کے وفات پر مختلف مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

لاہور 28 سالہ نوجوان کا قتل، مقتول کی محبوبہ اور اسکا شوہر مرکزی ملزم نکلے

لاہور (بیورو رپورٹ) لاہور میں چوہنگ کے علاقے میں 5 ماہ قبل 28 سالہ نوجوان مدثر حسین کے اندھے قتل کا ڈراپ سین ہوگیا، مقتول کی محبوبہ اور اس کا شوہر مرکزی ملزم نکلے۔ انچارج انویسٹی گیشن تھانہ چوہنگ شرافت علی نے پولیس ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرکے ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ انچارج رانا شرافت علی کے مطابق مقتول اور مرکزی ملزم کی بیوی کے آپس میں گہرے تعلقات تھے، جس کا ملزم کو رنج تھا۔ مرکزی ملزم اور اسکی بیوی نے مقتول مدثر حسین کو قتل کرنے کا منصوبہ بنایا۔ ایس پی انویسٹی گیشن عبداللہ عمران چیمہ کے مطابق خاتون ملزمہ نے مقتول مدثر حسین کو ملنے کے بہانے گھر بلایا...

بلوچستان کی شاہراہوں پر ایک ہفتے میں 438 حادثات، 7 افراد جاں بحق

ژوب ٹراما سینٹر میں 159 کیسز رپورٹ' حادثات میں 185 افراد زخمی ہوئے

زخمیوں کو بروقت ریسکیو کرکے قریبی ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا' ایمرجنسی رسپانس سینٹر

کوئٹہ (آئی این پی) بلوچستان کی شاہراہوں پر ایک ہفتے میں 438 حادثات، 568 افراد زخمی، 7 جاں بحق ہوگئے، میڈیکل ایمرجنسی رسپانس سینٹرز (مرک) 1122 بلوچستان کی جانب سے جاری کردہ مارچ 2026 کے دوسرے ہفتے کی بائی ویز و ملکی انسیڈنٹ رپورٹ کے مطابق صوبے کی مختلف قومی شاہراہوں پر ایک ہفتے کے دوران 438 ٹریفک حادثات پیش آئے جن میں 568 افراد زخمی جبکہ 7 افراد جاں بحق ہوئے۔ رپورٹ کے مطابق سب سے زیادہ حادثات ٹراما سینٹر ژوب کے دائرہ کار میں رپورٹ ہوئے جہاں 159 حادثات میں......... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

مرحوم ملک سیف اللہ بازئی باوقار قبائلی رہنماء تھے' علی مدد جتک

مرحوم نے عوامی خدمت کے فروغ کیلئے اہم کردار ادا کیا' رکن اسمبلی

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر اور پاکستان پیپلز پارٹی کی ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن حاجی علی مدد جتک نے رکن صوبائی اسمبلی ملک نعیم بازئی کے والد، رکن قومی اسمبلی عادل خان بازئی کے دادا بازئی قبیلے کی بزرگ و معزز شخصیت ملک سیف اللہ بازئی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اپنے ایک تعزیتی بیان میں حاجی علی مدد جتک نے کہا کہ مرحوم ملک سیف اللہ بازئی ایک باوقار قبائلی رہنماء اور نہایت بااخلاق شخصیت کے مالک تھے جنہوں نے ہمیشہ علاقے میں بھائی چارے، اتحاد اور عوامی خدمت کے فروغ کیلئے اہم کردار ادا کیا ان کی وفات سے......... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

پیپلز پارٹی کے سینئر نائب صدر میر علی حسن زہری کی جانب سے شہریوں کیلئے افطاری دی جا رہی ہے

حکومت شہریوں کے مسائل سے مکمل غافل ہے' مولانا عبدالرحمان رفیق

پرائس کنٹرول کمیٹیاں قیمتیں پر قابو پانے کی بجائے رشوت خوری میں مصروف ہیں' امین اللہ شمس

کوئٹہ عملاً شہر ناپرسان' جہاں عوامی مسائل سننے والا کوئی نہیں' مولانا خورشید احمد

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمان رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی امین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، حاجی بشیر احمد کاکڑ، سیکرٹری مالیات حاجی صالح محمد نورزئی، مفتی رضا خان، حاجی ظفر اللہ کاکڑ، میر سرفراز شاہوانی، میر حشمت لہڑی، سید اجمل بازئی، سالار مولوی علی جان، مولانا سید سعد اللہ آغا، مولوی نقیب اللہ ملاخیل اور دیگر رہنماؤں نے کہا ہے کہ حکومت عوامی اور شہری مسائل سے مکمل......... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

تربت' مسلح افراد پولیس کی گشتی ٹیم سے گاڑی و اسلحہ چھین کر فرار

پولیس نے پورے علاقے کو گھیرے میں لیکر ملزمان کی تلاش شروع کردی

تربت (این این آئی) تربت کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد پولیس کی گشتی ٹیم سے سرکاری گاڑی اور اسلحہ چھین کر فرار ہوگئے پولیس کے مطابق تربت کے علاقے چوگان کنڈ کے قریب نامعلوم مسلح افراد نے پولیس کی گشتی ٹیم پر حملہ کردیا اور گاڑی میں سوار 3 اہلکاروں کو یرغمال بنا کر ان سے ڈی ایس پی کی سرکاری گاڑی اور سرکاری اسلحہ چھین کر فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور سیکورٹی فورسز کی بھاری نفری موقع پر......... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

دکی' بھائی نے فائرنگ کرکے بھائی کو موت کے گھاٹ اتار دیا

مقتول کی شناخت حاجی نور محمد کے نام سے ہوئی' واقعہ کے بعد ملزم فرار ہونے میں کامیاب

دکی (یو این اے) دکی کے علاقے قلی تلاو، تحصیل لونی میں معمولی رنجش کی بناء پر بھائی نے فائرنگ کرکے اپنے ہی سفید ریش بھائی کو موت کے گھاٹ اتار دیا پولیس ذرائع کے مطابق مقتول کی شناخت حاجی نور محمد ولد جمعہ خان قوم لونی کے نام سے ہوئی' واقعہ کے بعد ملزم موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا اطلاع ملتے ہی پولیس جائے وقوعہ پر پہنچ گئی اور لاش کو قبضے میں لے کر قانونی و طبی کارروائی کے لئے سول ہسپتال منتقل کردی پولیس نے واقعہ کی تحقیقات شروع کردی...

افغان طالبان کے نئے فوجداری قوانین عوام اور خواتین کیخلاف ہیں' ایمنسٹی انٹرنیشنل

اقلیتیں اور مخالفین شدید خطرات سے دوچار، مذہب اور سماج کی بنیاد پر امتیاز اور ظلم کو قانونی تحفظ فراہم کردیا

فوجداری ضابطہ میں طالبان قیادت پر تنقید کو جرم قرار دے دیا گیا جو انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی ہے

طالبان رجیم کی صنفی امتیازی پالیسیوں اور سخت پابندیوں نے افغان معاشرے کو گھٹن زدہ بنا دیا ہے، رپورٹ

کوئٹہ (این این آئی) افغان طالبان کے نئے فوجداری قوانین، افغانستان میں ریاستی جبر اور مظالم کی قانونی منظوری دیدی افغان طالبان رجیم کے آمرانہ اقتدار میں نئے فوجداری ضوابط کے ذریعے جبر کو ریاستی پالیسی کا درجہ دے دیا گیا افغان طالبان رجیم کی صنفی امتیازی پالیسیوں اور سخت پابندیوں نے افغان معاشرے کو گھٹن زدہ بنا دیا ہے ایمنسٹی انٹرنیشنل کے مطابق افغانستان میں خواتین......... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

اسرائیل و امریکہ کی جارحیت نے خطے کے امن کو تہہ و بالا کردیا' ایچ ڈی پی

ایسی صورتحال میں قیام امن کیلئے عالمی سطح پر کوششوں کا فقدان انسان سوز المیہ ہے' عبدالخالق ہزارہ

دشمن عناصر سے ہوشیار جو شہریوں کو پراکسیز کے طور پر استعمال کرنا چاہتے ہیں' اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے مرکزی کونسل کا اجلاس زیر صدارت چیئرمین عبدالخالق ہزارہ منعقد ہوا۔ اجلاس میں امریکہ اور اسرائیل کی جانب سے ایران پر جارحیت اور اس کے نتیجے میں ایران، مشرق وسطیٰ اور خطے میں پیدا ہونے والی تشویشناک صورتحال اور اس کے اثرات سمیت تنظیمی امور پر تفصیلی بات چیت کی گئی۔ اجلاس میں خطے میں پیدا ہونے والی صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا اسرائیل......... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

پارلیمانی سیکرٹری برکت رند کی نہال ہاشمی کو گورنر سندھ کا عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد

تربت (این این آئی) پارلیمانی سیکرٹری برائے فشریز حاجی برکت رند، مسلم لیگ ن کے صدر حاجی سلمان رند نے پاکستان مسلم لیگ کے سینئر سیاسی کارکن نہال ہاشمی کو گورنر سندھ نامزد ہونے پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ مذکورہ فیصلہ وزیر اعظم پاکستان محترم شہباز شریف کی دور اندیشی اور ورکر دوستی کی واضح ثبوت ہے سندھ جیسے بڑے صوبے میں صنعتکاروں، تاجروں، جاگیرداروں کی موجودگی میں ایک سیاسی کارکن کو گورنر نامزد کرنا ان منفی پروپیگنڈوں کو غلط ثابت کرتی ہے، کہ مسلم لیگ جاگیرداروں کی پارٹی ہے، یہ نامزدگی ثابت کرتی ہے، مسلم لیگ عوامی پارٹی ہے...

عوام کو ریلیف پہنچانے کیلئے اقدامات اٹھائے جائیں' فیصل جمالی

درپیش مسائل سے وزیر اعلیٰ کو آگاہ کرکے حل کریں گے' صوبائی وزیر

اوستہ محمد (آن لائن) صوبائی وزیر میر فیصل جمالی کا مارکیٹ کمیٹی کا دورہ، عوام کو مہنگائی سے بچنے کے لئے تمام تر سہولت بروئے کار لائے جائیں ہدایت۔ بلڈنگ کا معائنہ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی کی مارکیٹ کمیٹی آمد مارکیٹ کمیٹی کے آفس کا معائنہ کیا چیئرمین مارکیٹ کمیٹی میر مرتضیٰ خان جمالی نے صوبائی وزیر سردار زادہ فیصل خان جمالی کو مارکیٹ کمیٹی کے بلڈنگ اور امور سے متعلق آگاہ......... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

کفایت شعاری پالیسی پر عملدرآمد منصوبہ جاری، وزیر اعظم فنڈ قائم

تین سے دس لاکھ تنخواہ پر سے دو ماہ کیلئے 5 فیصد' دس لاکھ سے بیس لاکھ پر 15، بیس لاکھ سے تیس لاکھ پر 25 فیصد کٹوتی ہوگی

سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں پر ایندھن کی بچت کے حوالے سے کفایت شعاری پالیسی کا اطلاق نہیں ہوگا

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی حکومت نے کفایت شعاری پالیسی پر عملدرآمد منصوبہ جاری کر دیا ہے جس کے تحت بچت سے حاصل رقم کیلئے وزیر اعظم کفایت شعاری فنڈ قائم کیا گیا ہے، سیکرٹری خزانہ کی سربراہی میں ایک سٹیئرنگ کمیٹی قائم کی گئی ہے، تین سے دس لاکھ روپے تک تنخواہ لینے والے افسران کی مجموعی تنخواہ سے دو ماہ کے لیے 5 فیصد' دس لاکھ سے بیس لاکھ روپے تنخواہ پر 15 فیصد، بیس لاکھ سے تیس لاکھ روپے پر 25 فیصد کٹوتی ہوگی۔ سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں پر بھی ایندھن کی بچت کے حوالے سے......... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ سینیٹر مولانا عبدالواسع سے شیخ الحدیث حضرت مولانا سیف اللہ آغا ملاقات کر رہے ہیں

سول ایوی ایشن اور پی اے اے ہیڈ کوارٹرز کو اسلام آباد منتقل کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سول ایوی ایشن اور پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی کے ہیڈ کوارٹرز کو اسلام آباد منتقل کرنے کا معاملہ زیر غور ہے۔ رپورٹ کے مطابق اسلام آباد میں ایوی ایشن کمپلیکس تعمیر کرنے کیلئے کمپنیوں سے درخواست طلب کرلی گئیں۔ پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی نے ٹینڈر جاری کردیا ہے۔

گوادر کیلئے 3 ارب مختص ہونے کے باوجود منتخب نمائندے فیصلوں سے قاصر

گوادر کی ضلعی انتظامیہ ترقیاتی منصوبوں میں مقامی حکومت کو شریک نہیں کر رہی

گوادر کے مسائل حل کرنے کیلئے اختیارات دیئے جائیں' چیئرمین ضلع کونسل

گوادر (این این آئی) گوادر کیلئے 3 ارب روپے مختص، مگر منتخب نمائندے فیصلوں سے باہر، اربوں روپے کے ترقیاتی منصوبوں کی منصوبہ بندی اور عملدرآمد میں مقامی نمائندوں کو اعتماد میں نہیں لیا جا رہا، ضلعی چیئرمین کا پی ایس ڈی پی پروگرام کے فنڈز پر تحفظات، ضلع کونسل کو نہ مالی اختیارات ملے نہ فیصلہ سازی میں کردار، فنڈز کے باوجود ضلعی انتظامیہ ترقیاتی منصوبوں میں مقامی حکومت کو شریک نہیں کر رہی۔ متاثرین کی فہرست واضح نہیں، امدادی چیکس کی تقسیم پر تحفظات، وسیع ضلع گوادر کے مسائل حل کرنے کے لئے مقامی حکومت کو اختیارات دیئے جائیں، ان خیالات کا اظہار چیئرمین ضلع کونسل گوادر شئے مقار نے گوادر پریس کلب میں......... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

کراچی، والدین کے گھر سے بیٹی کروڑوں روپے کا سونا لوٹ کر فرار

کراچی (بیورو رپورٹ) کراچی کے علاقے لانڈھی میں پولیس نے ایک حیران کن کارروائی کرتے ہوئے اپنے ہی والدین کے گھر میں ڈکیتی کرنے والی بیٹی کو چند گھنٹوں کے اندر گرفتار کر لیا۔ پولیس حکام کے مطابق ملزمہ نے اپنے ساتھیوں کے ہمراہ والدین کے گھر سے قیمتی سامان اور زیورات لوٹے تھے۔ پولیس نے جائے وقوعہ سے ملنے والی سی سی ٹی وی فوٹیج کی مدد سے ملزمہ کی شناخت کی اور فوری کارروائی کرتے ہوئے اسے حراست میں لے لیا۔

طالبان حکومت دہشت گرد تنظیموں کی سرپرستی ختم کرے، لیاقت بلوچ

عالم اسلام کی قیادت ایران اور افغانستان کی صورت حال سے لاتعلق نہ رہے

لاہور (بیورو رپورٹ) نائب امیر جماعت اسلامی، سیکرٹری جنرل ملی یکجہتی کونسل لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ پاک افغان تعلقات میں کشیدگی طول پکڑ رہی ہے۔ افغان طالبان حکومت دہشت گرد تنظیموں کی سرپرستی ختم کرے اور خطے میں پائیدار امن کے لئے واضح، ٹھوس اقدامات کرے۔ خطے میں جنگ کے خطرات بڑھتے جارہے ہیں۔ ملک میں سیاسی استحکام کے لئے سیاسی بحرانوں کا خاتمہ ازحد ضروری ہے۔ لیاقت بلوچ نے اسلامی جمعیت طلبہ کی مرکزی مجلس شوریٰ کے اہم سالانہ اجلاس میں شرکت کی اور خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اسلامی جمعیت......... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

بارڈ بلوچستان کے زیر اہتمام تقریب کے اختتام پر شرکاء کا گروپ فوٹو

عمران خان کی وجہ سے پی ٹی آئی کے لوگوں کو ووٹ ملا ہے، مفتاح اسماعیل

کراچی (بیورو رپورٹ) سابق وزیر خزانہ مفتاح اسماعیل نے کہا ہے کہ عمران خان کی وجہ سے پی ٹی آئی کے لوگوں کو ووٹ ملا ہے، ہم تو جانتے بھی نہیں تھے کہ اس بار عمران خان کا کون امیدوار تھا۔ ایک یوٹیوب چینل پر انٹرویو میں مفتاح اسماعیل نے 8 فروری 2024 کے الیکشن سے پیش آئے واقعہ کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ اس علاقے سے خرم شیر زمان کھڑے ہوئے تھے...

کوئٹہ' نامعلوم افراد کی فائرنگ سے زخمی شخص ہسپتال میں دم توڑ گیا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے زخمی ہونے والا شخص ہسپتال میں دم توڑ گیا پولیس کے مطابق گزشتہ روز کوئٹہ کے علاقے شریف آباد میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے حاجی صادق شاہوانی کو زخمی کردیا جنہیں فوری طور پر ہسپتال پہنچا دیا گیا جہاں وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے گزشتہ روز دم توڑ گیا پولیس نے نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی اور مقدمہ درج کرکے مزید کارروائی شروع کردی۔

جمہوری قوتیں ملک کو بحرانوں سے نکالنے کیلئے کردار ادا کریں' پشتونخوا میپ

آئین پامال' میڈیا کی آزادی سلب' پالیسیاں ناکام' ملک کو اس وقت تنہائی کا سامنا ہے' عبدالرحیم زیارتوال

پارٹی خلیج کی جنگ کو خطرناک تشویشناک اور تباہ کن گردانتی ہے' اقوام متحدہ سے اسے فوری بند کرنے کا مطالبہ کرتی ہے' اجلاس سے خطاب

قلعہ عبداللہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کا ایک پروقار جلسہ عام دروازہ گئی ضلع قلعہ عبداللہ خان میں پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ جلسے سے مرکزی سیکرٹری علاؤالدین کولکوال، صوبائی صدر عبدالقہار خان ودان، صوبائی ڈپٹی سیکرٹری سردار امجد خان ترین، ضلع آرگنائزر میر واکس خان اچکزئی، اللہ محمد اور منظور اچکزئی نے خطاب کیا مقررین نے کہا کہ پاکستان کو جن سنگین بحرانوں کا سامنا ہے اور خصوصاً معیشت آئے دن سود در سود قرضوں کی بھرمار ہے ملک کی مجموعی آمدنی، قرضوں کے سود کی نظر ہو جاتی ہے۔ جبکہ......... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

کراچی، سی ٹی ڈی کی کارروائی میں کالعدم دہشتگرد تنظیم کا کارندہ گرفتار

کراچی (بیورو رپورٹ) کراچی میں سی ٹی ڈی نے حساس اداروں کے ہمراہ کارروائی کرکے کالعدم دہشت گرد تنظیم کے کارندے کو گرفتار کر لیا۔ اس حوالے سے ڈی آئی جی سی ٹی ڈی اظفر مہیسر کا کہنا ہے کہ ملزم امجد کا نام ریڈ بک میں شامل ہے اور تعلق فتنہ الہندوستان سے ہے، ملزم نے 2022 میں پڑوسی ملک جاکر دہشت گردی کی ٹریننگ حاصل کی۔

کوئٹہ میر سعید جان لانگو پریس کانفرنس کر رہے ہیں

پیٹرول کی قیمتوں میں اضافے کیساتھ پھلوں کے نرخ بڑھ گئے' عوام پریشان

کیوی فی کلو 1200' کیلے 400 روپے فی درجن جبکہ انناس فی دانہ تقریباً 2000 روپے میں فروخت ہو رہا ہے

ناشپاتی 800' ایرانی سیب 600 مالٹا کی قیمت 250 فی کلو روپے پہنچ گئی' مہنگائی پر قابو پایا جائے' شہریوں کا مطالبہ

کوئٹہ (جنرل رپورٹر) پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ اضافے کے بعد صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت مختلف بازاروں اور فروٹ مارکیٹوں میں پھلوں کی قیمتیں تیزی سے بڑھنے لگے۔ شہر کے بیشتر علاقوں میں پھلوں کی قیمتوں میں نمایاں اضافہ دیکھنے میں آیا ہے جس کے باعث عام شہریوں کے لیے صحت بخش خوراک تک رسائی مشکل ہوتی جا رہی ہے شہریوں کا کہنا ہے کہ پہلے ہی مہنگائی نے زندگی کو مشکل بنا دیا تھا اب پھلوں کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے نے صورتحال کو مزید سنگین......... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی گورننس اور پبلک سروس ڈیلیوری سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

تکنیکی اعتراض پر اسرار اللہ زہری کے کاغذات مسترد کئے گئے' بی این پی عوامی

سیاسی رہنماؤں کو عملی سیاست کے میدان سے باہر رکھنے کی روایت تشویشناک ہے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی (عوامی) نے این اے 256 خضدار کے ضمنی انتخاب میں پارٹی کے سربراہ سابق سینیٹر اور سابق وفاقی وزیر نوابزادہ میر اسرار اللہ خان زہری کے کاغذات نامزدگی مسترد کیے جانے کے عمل پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ پارٹی بیان کے مطابق ریٹرننگ آفیسر نے ایک تکنیکی اعتراض کی بنیاد پر نوابزادہ میر اسرار اللہ خان زہری کے کاغذات نامزدگی کو جانچ پڑتال کے مرحلے میں درست اور اہل قرار نہیں دیا۔ اعتراض......... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

اوگرا نے پٹرول اور ڈیزل کے ٹینکر ضبط کر لئے

مظفر گڑھ میں پٹرول پمپ کو بند کروا کے "سیل" کر دیا گیا

ایک لاکھ 35 ہزار لیٹر سے زائد پٹرول اور ڈیزل پکڑ کر اسے "ذخیرہ اندوزی" قرار دے دیا

مظفر گڑھ (بیورو رپورٹ) آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) نے پٹرول اور ڈیزل کی تجارت کے ہب مظفر گڑھ میں پٹرول ڈیزل کے ایک تاجر کا پٹرول پمپ کے پارکنگ ایریا میں موجود متعدد آئل ٹینکرز سے ہزاروں لیٹر تیل پکڑا ہے اور اس پٹرول پمپ کو بند کروا کے "سیل" کر دیا ہے۔ ایک لاکھ 35 ہزار لیٹر سے زائد پٹرول اور ڈیزل پکڑ کر اسے "ذخیرہ اندوزی" قرار دے دیا۔ اوگرا نے دعویٰ کیا ہے کہ آئل اینڈ گیس......... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

مخالف امیدوار نے رات کی تاریکی میں عوام کے حق پر ڈاکہ ڈالا' سعید لانگو

7 پولنگ اسٹیشنوں پر انتخابی فہرست میں ووٹوں کے اندراج کے مطابق 92 بیلٹ بکس کی ضرورت تھی لیکن صرف 34 پہنچائے گئے

جب قلات روانہ ہوا تو نامعلوم مسلح افراد نے دھمکی آمیز رویہ اختیار کیا تاہم ہم نے صبر کا مظاہرہ کیا تاکہ انسانی جانیں محفوظ رہ سکیں

مسلح افراد کا تعلق کس تنظیم سے ہے سمجھ سے بالاتر ہے یہ سب مخالف امیدوار کی جانب سے میرے خلاف گہری سازش تھی' پریس کانفرنس

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) جمعیت علماء اسلام کے حلقہ پی بی 36 قلات سے امیدوار سردارزادہ میر سعید احمد لانگو نے کہا ہے کہ 7 پولنگ اسٹیشنوں پر انتخابی فہرست میں ووٹوں کے اندراج کے مطابق 92 بیلٹ بکس کی ضرورت تھی لیکن متعلقہ آفیسران کی ملی بھگت سے صرف 34 بیلٹ بکس پولنگ اسٹیشنوں پر پہنچائے گئے 58 غائب بیلٹ بکس کے ذریعے مخالف امیدوار نے رات کی تاریکی میں چھپ کر عوام کے حق......... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ ایف جی آر ایف دعوت اسلامی کے زیر اہتمام میزان چوک پر غریب غرباء کیلئے لگائے گئے افطار دسترخوان پر منیر عطاری کھانا تقسیم کر رہے ہیں

سیف اللہ بازئی کی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی' انجینئر زمرک اچکزئی

رحلت سے علاقے ایک مخلص، سنجیدہ اور عوام دوست شخصیت سے محروم ہوگیا' رہنماء اے این پی

میزئی اڈہ (نامہ نگار) عوامی نیشنل پارٹی کے پارلیمانی لیڈر انجینئر زمرک خان اچکزئی نے رکن صوبائی اسمبلی ملک نعیم خان بازئی کے والد اور ایم این اے ملک عادل خان بازئی کے دادا، ممتاز قبائلی و سماجی شخصیت ملک سیف اللہ خان بازئی کے انتقال پر گہرے رنج و غم اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک تعزیتی بیان میں انجینئر زمرک خان اچکزئی نے کہا کہ مرحوم ملک سیف اللہ خان بازئی ایک باوقار قبائلی رہنماء اور علاقے کی معزز شخصیت......... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

معاشرت میں رواداری کو فروغ دیا جائے' بلال احمد مندوخیل

تعلیم کے ذریعے معاشرے میں بھائی چارہ قائم کیا جاسکتا ہے' سینیٹر

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما سینیٹر شیخ بلال احمد خان مندوخیل نے عالمی یوم اسلاموفوبیا کے موقع پر زور دیا کہ دنیا بھر میں رواداری اور برداشت کو فروغ دینا ہر فرد اور حکومت کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ سینیٹر شیخ بلال احمد خان مندوخیل نے مزید کہا کہ تعلیم اور آگاہی کے ذریعے معاشرے میں مسلمانوں اور دیگر مذاہب کے افراد کے......... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر مذہبی تعصب اور نفرت کے خلاف فوری اقدامات کئے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ معاشرت

افواج فیلڈ مارشل کی قیادت میں دشمنوں کیخلاف برسرپیکار' شجاعت چوہدری

پوری قوم دہشت گردی کے خلاف جنگ میں اپنی بہادر افواج کے ساتھ کھڑی ہے، ہمیں مل کر ملک کو دہشت گردی کی لعنت سے پاک کرکے امن کا گہوارہ بنانا ہے

علماء کرام اور مشائخ اپنی آواز کے ذریعے اتحاد، مذہبی ہم آہنگی، یگانگت اور اخوت کے جذبات کو فروغ دیں، علماء و مشائخ کے وفد سے ملاقات میں گفتگو

لاہور (بیورو رپورٹ) صدر مسلم لیگ ق اور سابق وزیر اعظم چوہدری شجاعت حسین نے کہا ہے کہ پوری قوم دہشت گردی کے خلاف جنگ میں اپنی بہادر افواج کے ساتھ کھڑی ہے، ہمیں مل کر ملک کو دہشت گردی کی لعنت سے پاک کرکے امن کا گہوارہ بنانا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے علماء و مشائخ کے 20 رکنی وفد سے ملاقات کے دوران کیا۔ ملاقات میں فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے خلاف کامیاب آپریشن... علماء کرام اور مشائخ اپنی آواز کے ذریعے اتحاد، مذہبی ہم آہنگی، یگانگت اور اخوت کے جذبات کو فروغ دیں۔ ان خیالات......... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما اعجاز جھکرانی' صادق عمرانی' علی مدد جتک' نوابزادہ شریف جوگیزئی اور دیگر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

سلامتی کونسل جنگوں اور کشیدگی کو کنٹرول نہیں کرسکتی، یو این سیکرٹری جنرل

لبنانی عوام نے جنگ کا انتخاب نہیں کیا بلکہ انہیں جنگ میں گھسیٹا گیا ہے، گفتگو

نیویارک (م ڈ) اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے اس امر کو تسلیم کرلیا ہے کہ یو این سیکیورٹی کونسل اپنے اثرات کا استعمال جنگیں روکنے اور کشیدگی کو کم کرنے میں بروئے کار لانے میں کامیاب نہیں ہورہی۔ انہوں نے اس امر کا اظہار ایران میں اسرائیلی حملوں سے پیدا شدہ صورتحال کے بعد بیروت میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کر......... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

جعفر آباد' ڈی آئی ایف اہلکار دوران ڈیوٹی دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کرگیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) جعفر آباد میں ایف سی اہلکار دوران ڈیوٹی دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کرگیا پولیس کے مطابق جعفر آباد کا نوجوان ایف سی اہلکار عبدالغفار راہیجہ دوران ڈیوٹی دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کرگیا۔ پولیس نے نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی۔

رمضان المبارک 30 دنوں پر مشتمل ہونے کی پیش گوئی

عیدالفطر 21 مارچ بروز ہفتہ ہونے کا امکان ہے، ماہر فلکیات فہیم ہاشمی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ماہر فلکیات نے اس سال رمضان المبارک 30 دنوں پر مشتمل ہونے کی پیش گوئی کردی۔ ماہر فلکیات فہیم ہاشمی کا کہنا ہے کہ عیدالفطر 21 مارچ بروز ہفتہ ہونے کا امکان ہے، چاند جمعرات 19 مارچ کو صبح 6 بجکر 23 منٹ کو پیدا ہوگا، کراچی میں غروب آفتاب کے وقت چاند کی عمر 12 گھنٹے 19 منٹ ہوگی۔ فہیم ہاشمی کا کہنا ہے کہ......... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

ڈی ایم جمالی اور تمبو میں مختلف حادثات پولیس اہلکار سمیت 4 افراد زخمی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی اور تمبو میں ٹریفک حادثات' پولیس اہلکار سمیت چار افراد زخمی ہوگئے پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی سٹی پولیس تھانے کی حدود ڈیرہ مراد جمالی پھاٹک کے مقام پر ریلوے ٹریک کراس کے دوران نوجوان محمد حنیف جنگ ٹرین کی زد میں آکر شدید زخمی ہوگیا جس کو فوری طور پر ٹیچنگ ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی منتقل کردیا گیا جہاں اسے ابتدائی طبی امداد دینے کے بعد مزید علاج کیلئے سکھر ریفر کردیا گیا... گاڑی آپس میں ٹکرانے سے پولیس ہیڈ محرر محمد نواز سمیت تین افراد زخمی ہوگئے جنہیں ٹیچنگ ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی منتقل کردیا گیا...

مسلم ممالک کو اتحاد کی علامت بننا چاہیے، مریم نواز

اسلاموفوبیا ہی ہے کہ معصوم مسلمان ظلم و جبر کا شکار ہورہے ہیں

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ اسلاموفوبیا قابل مذمت ہے، مسلم ممالک کو اتحاد کی علامت بننا چاہیے۔ اسلاموفوبیا کے خلاف عالمی دن پر اپنے پیغام میں وزیر اعلیٰ مریم نواز کا کہنا تھا کہ اسلاموفوبیا کی وجہ سے مسلمانوں کے ساتھ ناروا اور امتیازی سلوک روا رکھا جاتا ہے، اسلاموفوبیا ہی ہے کہ فلسطین اور کشمیر میں معصوم مسلمان ظلم و جبر کا شکار ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسلام امن دین ہے اور مسلمان امن پر یقین رکھتے ہیں، اسلام ہی وہ دین ہے جس نے بنیادی انسانی حقوق کی ضمانت دی، اسلاموفوبیا......... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

عید تقویٰ کے مہینے کی تکمیل کا جشن ہے' محمد عبدالقادر

عید کے موقع پر فلسطین و کشمیر کے مظلوموں کو خصوصی یاد رکھا جائے' سینیٹر

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ رمضان المبارک کے بابرکت مہینے کے اختتام پر عیدالفطر کی آمد مسلمانوں کے لئے خوشی، شکر گزاری اور باہمی محبت کا پیغام لے کر آتی ہے عید اللہ تعالیٰ کی عبادت، صبر اور تقویٰ کے مہینے کی تکمیل کا جشن ہے پاکستان میں اس سال عیدالفطر ایسے حالات میں آرہی ہے جب مہنگائی، بے روزگاری اور معاشی مشکلات نے معاشرے کے ایک بڑے طبقے کی زندگی کو انتہائی دشوار بنا دیا ہے ملک کی چالیس فیصد سے زائد آبادی خط غربت سے نیچے زندگی گزار......... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

دریائے سندھ کے کنارے نہاتے ہوئے چار بچے ڈوب کر جاں بحق

جامشورو (بیورو رپورٹ) اندرون سندھ کے علاقے جامشورو میں دریائے سندھ کے کنارے نہاتے ہوئے چار بچے ڈوب کر جاں بحق ہوگئے...

صوبے میں ٹیکس نظام شفاف بنانے کیلئے قوانین میں ترامیم کا فیصلہ

اصلاحات کے ذریعے ٹیکس نظام کو جدید ڈیجیٹل تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جارہا ہے' بی آر اے

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایات کی روشنی میں بلوچستان ریونیو اتھارٹی نے صوبے میں ٹیکس نظام کو مزید شفاف، موثر اور کاروبار دوست بنانے کیلئے مختلف ٹیکس قوانین میں ترامیم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اتھارٹی کے مطابق ان اقدامات کا مقصد شفافیت کو فروغ دینا، ٹیکس دہندگان کیلئے آسانیاں پیدا کرنا، کاروبار کرنے میں سہولت فراہم کرنا، قانون کی پاسداری کو یقینی بنانا اور صوبے......... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر قواعد و ضوابط متعارف کرانے اور موجودہ قوانین میں

حکومت کی ناکام پالیسیوں کا خمیازہ غریب عوام بھگت رہے ہیں' مولانا ہدایت الرحمٰن

بلوچستان میں کئی دنوں سے پیٹرول، ڈیزل کی شدید قلت' بارڈرز کی بندش نے عوام کی زندگی اجیرن بنادی' صوبائی امیر جماعت اسلامی

صوبے کو سری نگر بنا کر تھانے میں تبدیل کردیا گیا ہر طرف خوف، دہشت اور کرفیو کا سماں ہے' رکن صوبائی اسمبلی

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان میں کئی دنوں سے پیٹرول، ڈیزل کی شدید قلت اور بارڈرز کی بندش نے عوام کی زندگی مفلوج کردی ہے حکومت بلوچستان کی نااہلی اور ناکام پالیسیوں کا خمیازہ غریب عوام بھگت رہے ہیں۔ صوبے کے مختلف شہروں میں ٹرانسپورٹ کا نظام متاثر ہے، کاروباری سرگرمیاں ٹھپ ہوچکی ہیں اور عام آدمی کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کو سری نگر بنا کر تھانے میں تبدیل کردیا گیا ہے، ہر طرف خوف، دہشت اور......... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

گیس و بجلی کی لوڈشیڈنگ نے عوام کی زندگی اجیرن بنادی' ملک سکندر ایڈووکیٹ

حکومت عوام کو مشکلات کا شکار بنانے کی بجائے ریلیف فراہم کرے' رہنماء جمعیت

کوئٹہ (اے این این) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی جوائنٹ سیکرٹری سابق اسپیکر اسمبلی ملک سکندر خان ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں گیس اور بجلی کی بدترین لوڈشیڈنگ، عدم فراہمی اور عوام پر مسلط کیے گئے بھاری بھرکم اور ناروا بلوں کے سنگین مسئلے پر فوری دادرسی کا مطالبہ کیا اور عوام کو مزید مہنگائی اور مشکلات کا شکار بنانے کی بجائے ریلیف فراہم کرے دوسری جانب بلوں کی بھاری بھرکم وصولی جاری ہے، عام آدمی مہنگائی، بے روزگاری......... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ' نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے 1 شخص قتل

واقعہ تھانہ شالکوٹ کے علاقے میں پیش آیا' نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) تھانہ شالکوٹ کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کرکے ایک شخص کو قتل کردیا نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی گئی۔ گزشتہ روز تھانہ شالکوٹ کے علاقے شریف آباد چوک کے قریب نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کرکے صادق نامی شخص کو قتل کردیا اور فرار ہوگئے واقعہ کی اطلاع ملتے ہی ایس پی سریاب ڈویژن اور ایس ایچ او شالکوٹ دیگر عملے کے ہمراہ موقع پر پہنچ گئے علاقے کو گھیرے میں لیکر نعش ہسپتال منتقل کردی نعش......... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

خیرپور میں چکن پاکس سے تین نومولود بچے دم توڑ گئے

خیرپور (بیورو رپورٹ) خیرپور میں چکن پاکس وبائی صورت اختیار کرگیا، تین دنوں میں چکن پاکس میں مبتلا تین نومولود بچے دم توڑ گئے۔ محکمہ صحت نے تین بچوں کی چکن پاکس کے باعث جاں بحق ہونے کی تصدیق کردی۔

کوئٹہ پاکستان سنی تحریک کے زیر اہتمام پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا جارہا ہے

ڈی ایم جمالی' قومی شاہراہ پر ڈاکوؤں کی لوٹ مار' مسافر قیمتی سامان سے محروم

پولیس نے علاقے کی ناکہ بندی کرکے ملزمان کی تلاش شروع کردی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) بختیار آباد کے قریب قومی شاہراہ پر ڈاکوؤں کی لوٹ مار متعدد گاڑیوں کے مسافروں سے لاکھوں روپے نقدی، درجنوں موبائل فون، گھڑیاں و دیگر سامان لوٹ کر فرار ہوگئے پولیس کے مطابق پولیس تھانہ بختیار آباد کے قریب مسلح ڈاکوؤں نے قومی شاہراہ پر متعدد گاڑیوں کے مسافروں سے لاکھوں روپے نقدی، موبائل فون و دیگر سامان چھین کر فرار ہوگئے واقعہ کی اطلاع پر پولیس جائے وقوعہ پر پہنچ گئی اور علاقے کی ناکہ بندی کرکے ملزمان کی تلاش شروع کردی گئی۔

سرکاری مسلح افراد نیشنل پارٹی کی جدوجہد سے خوفزدہ ہیں' رحمت صالح بلوچ

نیشنل پارٹی بلوچ قوم کے حقوق کے حوالے سے واضح، اصولی اور جراتمندانہ موقف کی وجہ سے مسلسل نشانے پر ہے' رکن صوبائی اسمبلی

ایک ہفتے کے دوران بلوچستان کے مختلف علاقوں میں نیشنل پارٹی کے 5 کارکنوں کو بے دردی سے شہید کیا گیا جو قابل مذمت ہے

کارکنوں پر ہونے والے قاتلانہ حملوں کی فوری، غیر جانبدار اور شفاف تحقیقات کی جائیں' رہنماء نیشنل پارٹی

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنماء اور بلوچستان اسمبلی میں ڈپٹی پارلیمانی لیڈر میر رحمت صالح بلوچ نے بلوچستان کے مختلف علاقوں میں نیشنل پارٹی کے کارکنان، ہمدردوں اور پارٹی رہنماؤں کے اہل خانہ کو مسلسل نشانہ بنانے کے واقعات کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ یہ کارروائیاں دراصل جمہوری سیاست کو کمزور اور پارلیمانی آواز کو خاموش کرانے کی ایک منظم اور خطرناک......... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

پشتونوں کی تاریخی شناخت کو مسلسل نظر انداز کیا جارہا ہے' پشتونخوا نیپ

کوئٹہ میں شاہراہوں، چوکوں اور ترقیاتی منصوبوں کو ایسے نام دیئے جا رہے ہیں جو اس خطے کی تاریخ و جغرافیائی حقائق سے مطابقت نہیں رکھتے

کوئٹہ اور گرد و نواح کی تاریخی، جغرافیائی اور ثقافتی شناخت کو نظر انداز کرتے ہوئے نام مسلط کرنا قبول نہیں' صوبائی سیکرٹریٹ

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز میں صوبائی حکومت کی طرف سے کوئٹہ سمیت صوبے کے مختلف شاہراہوں، ڈویژنوں اور اضلاع کو غیر فطری اور غیر متعلقہ ناموں سے منسوب کرنے اور اضلاع کو دیگر علاقوں میں شامل کرنے کے حالیہ فیصلوں پر شدید تشویش اور بھرپور احتجاج کا اظہار کیا گیا ہے بیان میں کہا گیا ہے کہ ایک جانب صوبے کے حکمران خطے کی طرف سے بھائی چارے، باہمی احترام اور برادر اقوام کے ساتھ صدیوں سے پرامن رہنے کے دعوے کئے جاتے ہیں، جبکہ......... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر